دیوانِ جالب

بشمولِ مُسدّس "آئینۂ وطن"

جالبؔ کاشمیری

پبلشر

جالب پبلشنگ ہاؤس

نزد نیا سکریٹریٹ مُلحقہ شاہی کالونی

سرینگر، کشمیر، پن ۱۹۰۰۱۰

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

دیوانِ جالبؔ

بشمولِ مسدّس "آئینۂ وطن"

مع حالاتِ زندگی

جالبؔ کاشمیری

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

(جملہ حقوق محفوظ)

پہلی بار :- مارچ ۱۹۷۴ء
تعداد :- ایک ہزار
سرورق :- شباب زیدی لکھنوی
طباعت :- لکشمی پرنٹنگ ورکس۔ لال کنواں۔ دہلی
کتابت :- عاصم امروہوی۔ جمال گیاوی
قیمت :- بیس۲۰ روپے

ناشر

جالب پبلشنگ ہاؤس
ستھرا شاہی کالونی۔ سری نگر (کشمیر)

ملنے کا پتہ

(۱) کرہانی پبلیکیشنز۔ ۱۷۶۸۔ سوئی والان۔ دہلی ۱۱۰۰۰۶

(۲) کتب خانہ عزیزیہ۔ اُردو بازار۔ جامع مسجد۔ دہلی ۱۱۰۰۰۶

(۳) بُک کارنر۔ مولانا آزاد روڈ۔ سرینگر۔ کشمیر

(۴) محمد عبداللہ رفوگر نیوز پیپر ایجنٹ۔ پُرانا پُل۔ امیرا کدل۔ سرینگر۔ کشمیر

(۵) رینہ نیوز ایجنسی، ریزیڈنسی روڈ۔ جموّں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

انتساب

میں اِس تصنیف کو اپنے پیارے عزیزوں کے
ناموں سے اِس لئے منسوب کرتا ہوں تاکہ یہ تصنیف
اُن کو دُوسری خدماتِ جلیلہ کے ساتھ ساتھ علمی وقلمی
خدمات کی طرف بھی متوجہّ کرتی رہے۔

جالب

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

جالبؔ نہ جائے شیخ و برہمن کی دوستی ◎

روشن رہے جو کعبہ تو رخشندہ سومنات

جالبؔ کاشمیری

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

جالب بنالے تو بھی کسی دل میں اپنا گھر
بُلبُل نے آشیانہ بنایا چمن کے پاس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کمالِ فن میں ہے مضمر حیاتِ جاوداں جالبؔ
خضر کو آبِ حیواں کا عبث ہم رہ نما سمجھے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

پیش لفظ

جناب آلِ احمد سُرورؔ

اگر ادب خوابوں کے ذریعہ سے حقائق کی توسیع ہے تو شاعری تخیّل کے ذریعہ سے زندگی کے حُسن، اس کی صداقت اور اس کی معنویت تک پہنچنے کی کوشش ہے۔ اِس کوشش میں کامیابی کی اتنی اہمیت نہیں جتنی خلوص اور لگن کی ہے۔ زندگی ایسی پیچیدہ اور حُسن ایسی پُر اَسرار شے ہے کہ اس کے طلسمِ ہوش رُبا کو فتح کرنے کے لئے کوئی ایک لوح کافی نہیں اُردو شاعری صِرف شاعری نہیں ہے، ایک تہذیبی قدر بھی ہے۔ یہ حُسن، عدل، صداقت رواداری پر اصرار کر کے ایک اخلاقی صفت کی بھی آئینہ داری کرتی ہے۔ یہ تہذیبی اور اخلاقی قدر آپ کو اُردو کے اکثر شعراء کے یہاں کسی نہ کسی رنگ میں مل جائے گی۔

جناب جالبؔ کے مجموعۂ کلام کو دیکھ کر مجھے یہ اندازہ ہوا کہ ہماری شاعری کی جمالیات ہی میں ایک اخلاقیات بھی ہے، بلکہ یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ یہ جمالیات ہی اخلاق ہے، شاعر حُسن کا دِل دادہ ہے، وہ فطرت کے حُسن اور حسنِ نسوانی دونوں سے متاثر ہوتا ہے۔ مگر اس کے یہاں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

انسانیت کے حُسن پر بھی اصرار ہے۔ انسانیت کا حُسن شیخ و برہمن کا پابند نہیں، وہ دونوں کو ایک وحدت کے رشتے میں پرونا چاہتا ہے۔ ہم کہہ سکتے ہیں کہ جالبؔ کا کلام ایک دردمند انسانیت کی نوائے مستانہ ہے۔ جالبؔ کے یہاں آپ کو فن کی لغزشیں بھی ملیں گی، مگر اُن کے خلوص کی گرمی اور جذبے کا وفور زیادہ لائقِ توجہ ہے، اِس لئے ان لغزشوں کو نظر انداز کر کے اُن کے تیر و نشتر دیکھنے چاہئیں، اُن کے یہاں پُرانے دستور کے مطابق ردیفوں میں سبھی حروفِ تہجّی آجاتے ہیں۔ یہ التزام نہ ہوتا تو بہتر ہوتا، مگر انھوں نے اس کے باوجود اچھے اچھے شعر کہے ہیں، اُن میں چند یہ ہیں :-

خوں بہایا کافرِ دیں دار کا   اب کہو کس کے لہو کی ہے تلاش

زندگی مہربان ہے مجھ پر   اک سفارش ہے آپ کا اخلاص

میں نے اس بُت کی محبّت کو عبادت جانا   تھے مرے ہاتھ نہ آدابِ دُعا سے واقف

مشکل جب آپڑے کوئی گھبرا نہ جائے دِل   شعلوں سے اپنے واسطے کوئی شرار مانگ

کوئی چھیڑے تو راگ بن جائیں   ساز ہیں اور بے صدا ہیں ہم

مقدّر سے جو ساقی کی غلامی ہاتھ آجائے   تو پھر آنکھوں سے گر جاتا ہے یارو ساغرِ جم بھی

اُمید ہے کہ جناب جالبؔ کا یہ مجموعہ جس میں کشمیر اور ہندوستان کی روح جھلک رہی ہے پسندیدگی اور قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

(پروفیسر) آل احمد سرور

۱۔ شبلی روڈ۔ علی گڑھ
۲ر مارچ ۱۹۷۴ء

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

دیباچہ

حضرت شمیم کرہانی

اظہار کی دل کشی اور زبان کی نفاست شعر کے اہم اجزا ہیں۔ بے زبان احساسات حُسنِ ترسیل کا یہ آہنگ پاتے ہی کرشمہ نظر آنے لگتے ہیں۔ وَلی دکنی، میر تقی میر اور میر انیس دربارِ سخن میں جن زرّیں مسندوں پر جلوہ فرما نظر آتے ہیں وہ اعزاز کی مسندیں اِسی سادگی بیان کا عطیّہ ہیں۔

مُفلسی سب بہار کھوتی ہے
مرد کا اعتبار کھوتی ہے

(وَلی)

سب پہ جس بار نے گرانی کی
اُس کو یہ ناتواں اٹھا لایا

(مِیر)

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

خیالِ خاطرِ احباب چاہیے ہر دم
انیسؔ ٹھیس نہ لگ جائے آبگینوں کو

اِن اشعار میں جو سادگی جو برجستگی اور جو خلوص کی جادو اثری ہے اسی نے اِن شعراء کو ہر دلعزیز بنایا ہے لیکن یہاں یہ نکتہ واضح کر دینا ضروری ہے کہ صرف سلاستِ بیان اور سادگیٔ زبان ہی سے شعری عمل کی تکمیل نہیں ہو جاتی۔ عظیم مفکّر لانجائنس کے نزدیک پُرشکوہ الفاظ، بلند و بالا تشبیہات و استعارات کا استعمال بھی ضروری ہے اور اگر الفاظ مذہبی تشبیہات و استعارات کے آئینہ دار ہو جائیں تو اُن میں ماورائی توانائی اور عظمت پیدا ہو جاتی ہے۔ یورپ کی کلیسائی شاعری اس کی زبردست مثال ہے لیکن ایشیائی تغزل کا پیراہن ہلکے رنگوں کا تقاضا کرتا ہے، وہ ہلکے رنگ کیا ہیں، مرزا غالبؔ کی زبانی سُنیے:

شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہونے تک

اِس مصرعے میں لفظِ "ہر رنگ" معمولی سا لفظ ہے لیکن زرا اِس لفظ کا تجزیہ کیجیے تو یہ لفظ شامِ نشاط، شبابِ نیم شب اور صبحِ پیری کے متغیّر و متحرّک تاثرات کا آئینہ دار ہے۔ لفظ کیا ہے ذہنِ حسّاس کے لیے ایک متحرّک و ناطق فلم۔

اسی نقطۂ نگاہ سے جالبؔ کشمیری صاحب کے کلام کا جائزہ لیجیے تو آپ کو ہر صفحے پر سادگی و برجستگی کی دل کشی کارفرما نظر آئے گی۔ وہ اپنے تجربات و مشاہدات کو بے تکلّفی کے ساتھ پُرخلوص انداز میں نظم کر دیتے ہیں۔ یہ بات اُن کی شخصیت کا عکس بھی ہے۔ وہ خود بڑے پُرخلوص، مہماں نواز، دِل دار، صاف گو اور انسان دوست فرد ہیں۔ متحرک، متبسّم، اور متلاطم رہنا اُن کا فطری میلان ہے۔ اِسی لیے اُن کے اشعار میں وہی تحرّک، وہی تبسّم اور وہی تلاطم پایا جاتا ہے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

جو اُن کے دل میں برپا رہتا ہے۔

وہ روئے ارض کے ہر متنفس کو اپنا سا انسان سمجھتے ہیں اور مخلوقِ خدا کو فردِ واحد تصوّر کرتے ہیں۔ یہ انسانی وحدت کا جیتا جاگتا تصوّر ہے۔ کہتے ہیں ؎

سبھی ایک ہیں سب ہیں اولادِ آدم
یہ ذاتیں خیالی، قبیلے خیالی

وہ خود ستائی کو جُرم سمجھتے ہیں۔ فلاح رسانی اُن کا مسلک ہے اور نوعِ بشر کی دِل آسائی اُن کا ایمان۔ وہ چاہتے ہیں کہ خاموش خدمتِ خلق کرتے رہیں۔ زبان سے کچھ نہ کہیں اور یہ دیکھیں کہ خلقِ خدا کیا کہتی ہے ؎

رند ہوں پارسا ہوں میں کیا ہوں
کچھ سُنوں آپ کی زبانی بھی

وہ محبت کو امنِ حیات کی ضمانت سمجھتے ہیں۔ اُس محبت کو جو شیخ و برہمن کو احترام کی نظر سے دیکھتی ہے اور چاہتی ہے کہ انسان ایک رشتۂ خلوص میں پیوستہ رہے ؎

جاؔلب نہ جائے شیخ و برہمن کی دوستی
روشن رہے جو کعبہ تو رخشندہ سومنات

جالب صاحب کا یہ جذبۂ خیر ہندوستانی جمہوریت کی صحیح اسپرٹ بھی ہے۔ ہماری دُعا ہے کہ شاعر کی یہ دُعا مُستجاب ہو اور روئے زمین کا ہر باشندہ یک دل و یک جہت ہو کر منزلِ امن کی طرف گامزن ہو جائے۔

مجھے یقین ہے کہ جاؔلب صاحب کا یہ مجموعہ جو ظاہری حُسن و نفاست کا دل کش مرقّع بھی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ہے، اپنا پیغام دِلوں تک پہنچائے گا اور شاعر کا پُرخلوص شعری مشن کامیاب ہوگا۔

شمیم کرہانی

۱۵ر فروری ۷۴ء

دِلّی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

تقریظ

حضرت علاّمہ اخلاق دہلوی

محترم جالبؔ صاحب مقتدر اور برگزیدہ شخصیت کے مالک اور استادِ فن ہیں۔ جاذبیت کا وصف ان کی ذات میں بھی ہے اور ان کے کلام میں بھی مشاغلِ روزگار میں منہمک رہتے ہوئے شعر و سخن سے وابستگی خداداد وصف اور فطری لگن کا ثمرہ ہے، جو کسی تحسین کا محتاج نہیں۔

جالبؔ صاحب کا ذوق نہایت شستہ اور ہمہ گیر ہے۔ انھوں نے منتخب اور گوناگوں موضوعات پر طبع آزمائی فرمائی ہے بلکہ دادِ سخن دی ہے جو لائق صد تحسین ہے۔ خیالات پاکیزہ، مہذّب اور سُلجھے ہوئے ہیں۔ خیالات میں تنوّع اور ارتفاع بھی ہے اور عُمق بھی اور سود مند بھی ہیں۔ اسلوبِ بیان برجستہ اور کیف آور ہے۔ زبان صاف سُتھری اور سادہ و پُر کار ہے۔ روانی غضب کی ہے۔ کہنہ مشقی اور پختگی لفظ لفظ سے مترشح ہے کلامِ جالبؔ کے مطالعہ سے دل کیف و سرور میں کھو سا جاتا ہے اور ایسا لگتا ہے کہ ہم گویا آپ بیتی دہرا رہے ہیں۔ ایسے صاحبِ کمال جن کا کلام ایسے اوصاف کا جامع ہو، بلاشبہ نادرِ روزگار ہیں اور ان کا کلام اس لائق ہے کہ اس سے سبق حاصل کیا جائے۔

میں نے کلامِ جالبؔ کا جستہ جستہ مطالعہ کیا ہے۔ جہاں سے پڑھنے لگا چھوڑنے کو دل نہیں چاہا۔ کلام میں تاثیر نہیں سحر ہے جو خلوصِ فن اور ریاضت کا ثمرہ ہے۔

یہ بہارِ گل بداماں ہی ریاضت کا ثمر ہے ۔ ورنہ گلشن کی فضا صحرا سے کوسوں دور ہے

میرے پاس الفاظ نہیں جو میں کلامِ جالبؔ کی خاطر خواہ داد دے سکوں۔ میں کلامِ جالبؔ کی اشاعت پر دل سے مبارکباد دیتا ہوں اور بارگاہِ رب العزّت میں دست بہ دعا ہوں کہ حُسنِ قبول عنایت ہو۔

اخلاق حسین دہلوی غفرلہٗ

لال محل بستی حضرت نظام الدین اولیاء۔ نئی دلی۔۱۳

۲ ۳/۷۴ ۶

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

تأثُّرات

جناب کمال احمد صدّیقی

جالبؔ صاحب کا اصل نام غلام محمد ہے، یہ بہت کم لوگوں کو معلوم ہے۔ اور جالبؔ ان کا تخلّص ہے، یہ صرف ان کے بہت قریبی دوست اور احباب ہی جانتے ہیں۔ وہ کشمیر میں جالب صاحب کے نام ہی سے مشہور اور معروف ہیں، اور ان کے ظاہری مشاغل چونکہ سیاست اور تجارت سے تعلّق رکھتے ہیں اس لئے بہت کم لوگوں کو اس بات کا علم ہے، کہ سیاست اور تجارت کی دُنیاداری کے ساتھ ساتھ وہ شعروادب کا بھی بہت ستھرا اور بلند ذوق رکھتے ہیں۔ سری نگر میں کئی سال تک اُن کے پڑوس میں رہنے کے باوجود میں صرف یہ جانتا تھا کہ اُنھیں شعروشاعری سے دلچسپی ہے اور وہ اچھّے اشعار سن کر محظوظ ہوتے ہیں۔ لیکن وہ خود شعر کہتے ہیں اور اچھّے شعر کہتے ہیں، یہ انکشاف مجھ پر ابھی حال ہی میں ہوا، جب انھوں نے اپنا دیوان چھاپنے کا ارادہ ظاہر کیا، میں نے ان کا کلام پڑھا تو تعجّب ہوا کہ ایسا کلام اور وہ چھپائے رہے، اپنی اس کوتاہی اور محرومی پر افسوس ہوا کہ بیس سال تک ریڈیو کشمیر سے وابستہ رہنے کے باوجود میں جالبؔ صاحب کی اصلی شخصیت کو دریافت نہ کرسکا۔ میں ان کی شرافت، سادگی، انکسار، مہمان نوازی اور خلوص سے اس درجہ متأثر رہا کہ مجھے اس بات پر غور کرنے کی فرصت ہی نہیں ملی، کہ میں ان کے تخلّص کی معنویت اور حقیقت کے بارے میں سوچتا، مجھے ان کے بارے میں صرف یہ معلوم تھا کہ وہ ۱۹۳۸ء سے برابر ریاستی اسمبلی کے ممبر منتخب ہوتے آئے ہیں اور ان کا شمار ان معدودے چند ممبران میں ہوتا ہے جو ممبر بننے کے بعد بھی اپنے رائے دہندگان کی نظروں میں محبوب اور محترم رہتے ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ جالبؔ صاحب کی ادبی شخصیت بھی ادبی دنیا کے سامنے آرہی ہے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اور ان کا صاف اور شستہ کلام پہلی بار شائع ہو رہا ہے۔

ملا طاہر غنیؔ کاشمیری کے ردیف وار دیوان (فارسی) کے بعد شاید کسی اور کشمیری شاعر کا ردیف وار دیوان شائع نہیں ہوا ہے، اور جالبؔ صاحب نے اس کا خاص التزام کیا ہے۔ اس بات کی طرف توجہ یوں گئی کہ اس سے جالبؔ صاحب کی روایت پسندی پر روشنی پڑتی ہے۔ اساتذہ کے دواوین کی طرح اس دیوان میں غزلوں کے علاوہ مثنوی اور قصیدے کو چھوڑ کر دوسری اصنافِ سخن کے نمونے بھی موجود تھے۔ یوں تو جالبؔ صاحب کو دوسرے اصناف سخن پر بھی اتنی ہی قدرت حاصل ہے جتنی غزل پر، لیکن غزل اُن کے مزاج کو زیادہ موافق آئی۔ مجھے خوشی ہے کہ دیوان کے انتخاب کے وقت انہوں نے میرا یہ مشورہ مان لیا کہ طویل مسدس اس میں شامل نہ کیا جائے اور زیادہ سے زیادہ غزلوں کو اس میں جگہ دی جائے۔ ان شعروں کو دیکھ کر آپ بھی اس بات سے اتفاق کریں گے کہ زیادہ سے زیادہ غزلیں رکھنے کا مشورہ مناسب تھا۔

دلِ جالبؔ ہے اب داغوں کا محشر
یہی پہلے شراروں کا جہاں تھا

○

رگ رگ میں سمایا ہے غمِ عشق کا سیماب
بے چین ہوں بے چین ہوں، بیتاب ہوں بیتاب

○

ہو نہیں سکتے سبھی صاحب قِران و باکمال
بن کے افلاطون، رعب اپنا جمانا ہے عبث

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

رفتار جس کی فتنۂ محشر ہے وہ ہے ساتھ
اپنا زمانہ، اپنے ہیں لیل و نہار آج

○

ان شعروں کی تفسیر کی جائے تو بات طویل ہو جائے گی۔ اور یہ مقام طویل بات کرنے کا نہیں ہے۔ ہاں اتنا ضرور کہوں گا کہ ان شعروں میں فکر بھی ہے اور زبان کا چٹخارہ بھی۔ اور یہ اُس سطح کے شعر ہیں جس تک بہت سے شاعروں کو پہنچنے کی سعادت کم ہی نصیب ہوئی ہے، اور اُن میں کچھ بڑی معروف شخصیتیں بھی شامل ہیں خاص طور سے مشاعروں کی شخصیتیں۔

مجھے یقین ہے کہ کشمیر کے اس بزرگ نوجوان شاعر کا کلام ادبی حلقوں میں سنجیدگی سے پڑھا جائے گا اور جس داد و تحسین کا مستحق ہے، وہ اُسے ملے گی۔

کمال احمد صدّیقی
۴۳ راؤز ایونیو۔ نئی دلّی
۱۷ر فروری ۱۹۷۴ء

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

حالاتِ زندگی

نام ـــــــ غلام محمدؐ
تخلّص ـــــــ جاؔلب
تاریخِ ولادت ـــــ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۱۴ء
مقامِ ولادت ـــــ پٹن (کشمیر)
نسب ـــــــ شجرہ نسب سے معلوم ہوتا ہے کہ میرا تعلّق ایک قدیم کشمیری پنڈت برہمن خاندان سے ہے جو آج سے کوئی ڈیڑھ سو برس قبل مُسلمان ہو گیا تھا۔

تعلیم

ابتدائی تعلیم پٹن کے دو غیر سرکاری مکتبوں میں آخون عزیز اللہ اور اخون حفیظ اللہ سے حاصل کی۔ کچھ وقت گزرنے کے بعد پرائیویٹ اُمیدوار کی حیثیت میں پنجاب یونی ورسٹی لاہور سے ۱۹۳۰ء میں منشی ۱۹۳۱ء میں منشی عالم ۱۹۳۲ء میں منشی فاضل ۱۹۴۰ء میں ادیب فاضل کے امتحانات پاس کئے۔ اسی دوران ایف، اے انگریزی کا امتحان بھی پاس کیا۔ انگریزی میں میر ہدایت اللہ سے استفادہ کیا جو آج کل مظفر آباد میں مقیم ہیں۔ منشی عالم اور منشی فاضل میں مرحوم حافظ احمد اللہ مسگر سے رہبری حاصل کی۔ مسگر صاحب لوک سبھا کے ممبر و مدیرِ "آئینہ" شمیم احمد شمیم کے جدِّامجد مرحوم مولوی محمد عبد اللہ وکیل کے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

خوش الحان زیرک اور زندہ دل شاگرد رشید تھے۔ مولوی صاحب اپنے وقت کے جیّد عالم، مفکّر اور محقق تھے۔

خاندانی حالات

والد مرحوم کا پیشہ تجارت تھا اور نام محمد خلیل بٹ۔ لوگ ان کو خلیل ٹِنی کے نام سے یاد کرتے تھے۔ کاروبار کا احاطہ کشمیر کے علاوہ راولپنڈی، حضرو، اور امرتسر تک پھیلا ہوا تھا پٹن جو بارہ مولہ کا ایک اہم تجارتی قصبہ شمار کیا جاتا ہے۔ ان کے کاروبار کا مرکز تھا اور وہ یہاں کی خوش حال اور متمول ترین شخصیت سمجھے جاتے تھے۔ لباس سادہ، دل مکھن سے بھی زیادہ ملائم تھا۔ ان کی سخاوت اور مہمان نوازی نے علاقہ بھر کے لوگوں کو گرویدہ بنا دیا تھا۔ پٹن میں جو ریاستی اور غیر ریاستی ہندو، سکھ، تاجر پیشہ آباد ہو گئے تھے وہ سب ان کی بڑی عزّت کرتے تھے اور اُن کا آپس میں بڑا میل جول تھا۔ وہ حقیقی معنوں میں سیکولرازم کے مجسّمہ تھے۔ اُن دنوں چیف جج صاحب کی عدالت میں ریاستی سرکار عوام کے برگزیدہ طبقہ میں سے چند اصحاب کو نامزد کرتی تھی جو سنگین جرائم میں ماخوذ افراد کے مقدمات کے سلسلہ میں اپنی اپنی رائے دیا کرتے تھے۔ ان کو اسیسر ASSESSOR کہا جاتا تھا والد صاحب برابر کئی سال تک اسیسر رہے۔ والد بزرگوار کی یہ وصیت تھی کہ میں سرکاری ملازمت کی بجائے تجارت سے وابستہ رہوں، اپنی سیاسی، سماجی اور دیگر اہم مصروفیات کے باوجود میں اس وصیّت پر ثابت قدمی سے گامزن ہوں۔

بڑے بھائی صاحب جو عبدالعزیز کے نام سے مشہور تھے اور جنہوں نے ۱۹۴۸ء میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔ بڑے طرح دار، بانکے اور البیلے تھے۔ بڑے بڑے نوابوں، راجاؤں اور ذمہ دار عہدوں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

فائنز اکثر آفیسروں کے ساتھ ان کے گہرے دوستانہ مراسم قائم رہے۔ ان کے فرزندان میں سے دو سرکاری ملازم ہیں باقی تجارت کے ساتھ وابستہ ہیں مجھ سے چھوٹے بھائی کا نام غلام احمد تھا جو عنفوانِ شباب میں ہی اللہ کو پیارا ہو گیا۔

"حسرت اُن غنچوں پہ ہے جو بن کھِلے مرجھا گئے"

سب سے چھوٹے بھائی کا نام غلام نبی ہے جو بڑی فیّاضانہ طبیعت کے مالک ہیں۔ انہوں نے بھی تجارت کو اپنا پیشہ بنا لیا ہے۔ شومئ قسمت دو سال سے ان کو ایک ایسا روگ لگا ہے جس کی وجہ سے ان کی تجارتی سرگرمیاں کم ہو گئی ہیں۔ ان کے ایک فرزند غلام جیلانی اسلامیہ کالج سری نگر میں بہ حیثیت لیکچرر تعنیات ہیں۔

خواہرزادگان نور محمد بٹ پروجیکٹ آفیسر رورل انڈسٹریز پروجکٹ بارہ مولہ ہیں۔ محمد شفیع شاہ ریجنل انجینئرنگ کالج نسیم باغ سرینگر کے لیکچرر ہیں اور ان دنوں آئی۔ آئی۔ ٹی دہلی میں برقیات د مواصلات میں پی۔ ایچ۔ ڈی کر رہے ہیں۔

اولاد

فضلِ ایزدی سے دو دختراں اور پانچ فرزندان عطا ہوئے ہیں۔ فرزندوں نے اپنے نام کے ساتھ میرا تخلص "جالب" جوڑ دیا ہے۔ اس وجہ سے کبھی کبھی یہ معلوم کرنے میں مشکل آن پڑتی ہے کہ اصلی جالب کون ہے؟ ماسوائے دو فرزندان کے جو ابھی زیرِ تعلیم ہیں باقی سب کی شادیاں ہو چکی ہیں اور سبھی صاحبِ اولاد ہیں۔

منصور احمد میرا سب سے بڑا فرزند ڈسٹرکٹ پنچایت افسر ہے۔ منظور احمد فیلڈ سروے آرگنائزیشن میں سپروائزر ہے۔ ہلال احمد تجارت میں ہاتھ بٹاتا ہے۔ شبیر احمد ریجنل انجینئرنگ کالج نسیم باغ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

سری نگر سے سال بھر میں فارغ التحصیل ہونے والا ہے۔ سب سے چھوٹا جاوید اقبال پری یونیورسٹی امتحان میں شامل ہوا ہے۔ بڑی دختر ثریا پٹن میں آباد ہو گئی ہیں۔ اُن کے شوہر عبدالصمد اگریکلچر گریجویٹ میں اور محکمہ زراعت میں ملازم ہیں۔ ان کا ایک بیٹا عارف اقبال جسے پیار سے عرفی کہتے ہیں اور دو بیٹیاں ہیں۔ چھوٹی دختر سکینہ مشہور ادیب اور صحافی شمیم احمد شمیم سے منسوب ہیں اور ماشاءاللہ اُن کی تین بیٹیاں ہیں۔

عادات و خصائل

مزاج میں البیلا پن، رنگینی اور شوخی ضرور ہے مگر انکسار اور اعتدال کے ساتھ کسی کے جذبات نادانستہ طور مجروح ہوں تو پشیمانی ہوتی ہے۔ جب تک اس کے دل کا غبار دور نہ ہو جائے بے چین طبیعت کو چین نہیں ملتا۔ امیر ہو یا غریب، مزدور ہو یا آقا، ہندو ہو یا مسلمان خندہ پیشانی اور تواضع سے پیش آنا میری فطرت ہے۔ مہمان کے بغیر گھر بے رونق نظر آتا ہے۔

"دستِ کشادہ را نہ شود بستگی نصیب"

لوگوں کے قرضے معاف کئے

والد مرحوم جو بڑے خوش حال اور متموّل تھے ورثہ میں جائداد کے علاوہ ایک وزن دار بہی کھاتہ بھی چھوڑ گئے تھے جس میں ان مختلف اسامیوں کے نام درج تھے جنہوں نے ایک لاکھ روپے سے بھی زائد رقوم اُن سے بطور قرضہ برداشت کی تھیں۔ اُن میں ایسے بھی لوگ تھے جن میں یہ قرضہ ادا کرنے کی استطاعت کم تھی ایسے لوگوں کو میں نے بہ یک جنبشِ قلم قرضہ کی ادائیگی سے مستثنیٰ کیا اور فارغ خطی کی رسید حوالہ کی۔ میری اس رحم دلی کا نتیجہ یہ نکلا کہ جو لوگ قرضہ ادا کرنے کی طاقت رکھتے بھی تھے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

انہوں نے بھی مختلف حیلوں بہانوں سے روپے کے چار آنے دے کر باقی رقم گزاشت کروائی اور بیباقی کی رسید حاصل کی۔ کئی لوگوں نے تو شیرِ مادر سمجھ کر ساری رقم ہضم کر لی۔

تہواروں پر مُبارکبادی کے پیغامات

مختلف مذہب و مشرب سے تعلق رکھنے والے اپنے شناساؤں، دوستوں اور بزرگوں کو خاص خاص تہواروں پر مبارکبادی کے پیغام اور تحائف بھیجنا میرا دل پسند مشغلہ ہے۔ جہاں ممکن ہو بذاتِ خود حاضر ہو کر یہ فریضہ انجام دیتا ہوں۔ اس سے میری روح کو تسکین نصیب ہوتی ہے۔

رہ نُما اصول

حیات مستعار کو خوش گوار اور تسکین بخش طریقہ سے گزارنے کے لئے میں نے ان دو شعروں کو اپنا رہ نما اصول بنایا ہے۔ اگر مقدور ہو تو ہر شخص کو ان کی پیروی کرنا چاہیئے۔ یہ دونوں شعر خواجہ حافظ شیرازی کے ہیں:۔

"حافظا گر وصل خواہی صلح کن با خاص و عام
با مُسلماں اللہ اللہ با برہمن رام رام"

"آسائش دو گیتی تفسیرِ ایں دو حرف ست
با دوستاں تلطّف با دشمناں مدارا"

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

فلمی اداکاری کا شوق

آج کل جس طرح حسین وجمیل لڑکیوں پر فلموں میں کام کرنے کا شوق غالب ہے۔ میرے زمانہ شباب میں خوش گلو، خوب صورت اور سڈول جسم کے تنومند نوجوانوں کے دل میں بھی کبھی کبھی یہ درد اٹھتا تھا یہ درد میرے دل میں بھی اُٹھا مگر منت کش دوانہ ہوا۔ بمبئی جو عروس البلاد ہند کے نام سے مشہور ہے اس کا عزم سفر کیا۔ وہاں ایک ہفتہ وار "مصوّر" کے ایڈیٹر نذیر لدھیانوی سے رابطہ قائم ہوا۔ فلم کمپنیوں کے مالکوں اور فلمی اداکاروں سے ان کے گہرے تعلقات تھے۔ نذیر صاحب کی وجہ سے ان کے ہاں میرا آنا جانا بھی شروع ہو گیا۔ کسی نگار خانے میں کسی فلم کی شوٹنگ ہو رہی تھی۔ ناظر کی حیثیت سے مجھ کو بھی اس میں شرکت کی دعوت ملی۔ شوٹنگ دیکھنے کے بعد میرے ارادہ میں کسی قدر تذبذب واقع ہو گیا۔ پردہ سیمیں پر کوئی فلمی سین دیکھ کر جو لطف محسوس ہوتا ہے، اس سین کی شوٹنگ دیکھنے جائے تو سارا مزہ کرکرا ہو جاتا ہے۔ اسی دوران مرحوم غلام محمد بٹ سے ملاقات ہوئی جنہوں نے سلوچنا اور مشہور مغنیہ اختری بائی فیض آبادی کے ساتھ فلم "مادھوری" میں بہ طور ولین کام کیا ہے۔ اس بلند قامت نوجوان کا خاندان کسی زمانہ میں کشمیر سے لاہور جا کر آباد ہو گیا تھا مرحوم بٹ صاحب نے بھی مجھے فلمی دنیا کی چکا چوند سے دُور رہنے کا مشورہ دیا جو میں نے بطیب خاطر قبول کیا۔ بٹ صاحب کا حلیہ مشہور فلمی اداکار شیخ مختار سے ملتا جلتا تھا۔

بمبئی میں ایک کاروباری آدمی سے بھی ملاقات ہوئی جن کا نام غلام سرور خاں تھا۔ ایچ، فقیر محمد غلام سرور کے نام سے ان کی فرم کرافورڈ مارکیٹ میں چلتی تھی۔ ان کے ساتھ میوہ کا کاروبار شروع کیا شومئ قسمت انہوں نے تنگ دستی کی وجہ سے رقم روک لی جو پھر کبھی ادا نہ ہو سکی۔ روپیہ کی وصولی کے بہانے تین سال مسلسل بمبئی کا طواف کرتا رہا اور دو تین مہینے گزرنے کے بعد خالی ہاتھ لوٹتا رہا۔ مشہور فلمی اداکار

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

یوسف خاں المعروف دلیپ کمار اسی صاحب کا فرزند ارجمند ہے۔ خان صاحب خود پٹھان ہیں یا کشمیری، وہ بحث طلب امر ہو سکتا ہے مگر دلیپ صاحب کی والدہ محترمہ کشمیری نژاد ہیں۔ خان صاحب کئی برس ہوئے جنّت آشیاں ہو چکے ہیں۔ ان کے دو فرزند نور محمد اور محمد ایّوب کئی برس پہلے گرمیوں میں دو ماہ میرے یہاں قیام پذیر رہے۔ ایوب کا جسم دُبلا پتلا تھا اور چہرے کی رنگت سے مدقوقانہ حالت ٹپکتی تھی۔ بعد میں کسی نے کہا کہ وہ اللہ کو پیارا ہو گیا ہے۔ یہ ۱۹۴۷ء سے پہلے کا واقعہ ہے۔

عشق نے غالبؔ نکمّا کر دیا

نوجوانی میں سینما بینی کا شوق اس قدر سوار ہو گیا تھا کہ روزانہ سترہ میل کا فاصلہ طے کر کے شام کو پٹن سے سری نگر شو دیکھنے کے لئے آیا کرتا تھا۔ "عورت کا پیار" تیس چالیس سال قبل کئی فلم بین نوجوان اس فلم کو دیکھ چکے ہوں گے۔ آغا حشر کاشمیری کے دل نواز گانے، ملکہ موسیقی مختار بیگم کا ترنّم اور قند و گلاب سے لبریز دل کش آواز اس کو چار چاند لگانے کا باعث بنے۔

حق تو یہ ہے کہ میں یہ گانے سُن کر مسحور ہو گیا تھا۔ اس فلم کو بار بار دیکھنے کی خواہش نے مجھے لاہور راولپنڈی، امرتسر، دہلی اور کراچی کی سیر کرائی لیکن پھر بھی دیکھنے کی تشنگی اور سیر چشمی باقی رہی۔

"اے حشر دیکھنا یہ ہے چودھویں کا چاند
یا آسماں کے ہاتھ میں تصویر یار کی!"

یہ ایک غزل کا شعر ہے جو مختار بیگم نے اسی فلم میں گایا ہے۔

سری نگر میں کبھی کبھی ہندوستان کی مشہور تھیٹریکل کمپنیاں آکر ڈرامے دکھلایا کرتی تھیں۔ ایک مقامی تھیٹریکل کمپنی بھی تھی۔ ان کے آخری شو دیکھنے کے بعد رات کے پچھلے پہر گھر پہنچتا تھا، اُن دنوں ٹانگوں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کا رواج تھا اور یہ ہی سفر کا موزوں اور آرام دہ ذریعہ سمجھا جاتا تھا۔ ایک ٹانگہ بان نے تیز رفتار گھوڑا پال رکھا تھا جو میری رات کی سواری کے لئے مخصوص تھا۔ سماع کی مجلسیں بھی اکثر و بیشتر منعقد ہوا کرتی تھیں جو بالعموم شام سے پو پھٹنے تک جاری رہتی تھیں۔ شوق تو پورا ہوتا رہا مگر راتوں کی نیندیں حرام ہوتی تھیں اب جب کہ جوانی ڈھل چکی ہے کم خوابی نے بے خوابی کی جگہ لے لی ہے۔ بے خوابی نے اختلاج قلب، خفقان اور ہائی بلڈ پریشر کا روپ دھارن کیا ہے۔ پھر بھی آنے والی صدی تک زندہ رہنے کے کارآمد تجربوں پر عمل جاری ہے۔

"عشق نے غالبؔ نکمّا کر دیا
ورنہ ہم بھی آدمی تھے کام کے"

یا یوں کہیئے :۔

"آگ تھے ابتدائے عشق میں ہم اب ہوئے خاک انتہا یہ ہے"

قدم اید رنغ مدار از جنازۂ جالبؔ

کچھ ایماں کی حرارت والے الزام دیتے ہیں کہ جالبؔ بڑا مست اور سر پھرا ہے کہ کبھی باجماعت نماز نہیں پڑھتا ہے حالانکہ یہ نادرست ہے۔ پڑھتا ہوں بشرطیکہ آخری صف میں جگہ ملے، نہ ملے تو بے نیل و مرام واپس لوٹتا ہوں۔ یہاں یہ عالم ہے کہ جماعت میں کھڑا ہوا کہ نہ ہوا دھڑکن شروع ہو جاتی ہے اس اس لئے جماعت سے گریز کرتا ہوں۔ دعوتوں، جلسوں اور مشاعروں میں ترکِ شرکت اسی اضطرابی کیفیت کا نتیجہ ہے۔ سینما بینی کا شوق بھی جاتا رہا کیونکہ مار دھاڑ اور المیہ سین دیکھ کر جذبات پر قابو نہیں رہتا۔ امید ہے کہ معترضین سمجھ گئے ہوں گے کہ یہ مستی نہیں مجبوری ہے۔ یہ سر پھرا پن نہیں لاچاری ہے۔ خواجہ حافظ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

شیرازی کا یہ شعر کسی قدر تحریف کے ساتھ پیش کرتا ہوں۔ اس سے میری دلی کیفیت کی ترجمانی ہوتی ہے۔

"قدم دریغ مدار از جنازۂ جالب
کہ گرچہ غرقِ گناہ ست میرود بہ بہشت"

۱۹۳۸ء کے انتخابات

ایک مبتدی کی حیثیت سے ۱۹۳۲ء میں سیاسی اُچھل کود شروع کی۔ رفتہ رفتہ لیڈرانِ کرام کے ساتھ اتنی قربت حاصل ہوگئی کہ ۱۹۳۸ء میں جناب شیر کشمیر شیخ محمد عبداللہ اور ان کے رفقاء کار نے "بڈگام مُسلم" پرجا سبھا سیٹ کے لئے مجھے اُمیدوار نامزد کیا۔ نامزدگی سے قبل بڈگام میں عوامی سطح پر ایک جلسہ بلایا گیا جس میں پرچیوں کے ذریعہ عوامی کارکنوں سے رائے دریافت کی گئی، کارکنوں کی اکثریت نے میرے حق میں فیصلہ دیا۔ بعد میں سرکاری سطح پر انتخاب عمل میں آیا اور میں ووٹوں کی بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگیا۔ راجہ رحمت اللہ خاں جو گوکھاریاں اور پیر ضیاء الدین وترہیلی مقابلہ میں ہار گئے۔ پیر صاحب بعد میں مقبوضہ کشمیر میں منسٹر بن گئے تھے اور وہیں اُن کا انتقال ہوا تھا۔

مہجور اور خواجہ سیف الدین گنائی سے مُلاقات

اس چناؤ کے باعث مجھے کئی صاحبانِ ذوق کی صحبت نصیب ہوئی۔ اس زمرہ میں ممتاز کشمیری شاعر پیرزادہ غلام احمد مہجور اور خواجہ سیف الدین گنائی بھی آتے ہیں۔ مہجور صاحب پیشہ کے اعتبار سے پٹواری تھے۔ اور خواجہ صاحب ایک شریفُ النفس پولیس افسر، دونوں ایک دوسرے پر فریفتہ تھے۔ انجان آدمی کے خیال میں یہ ایسے پیشے ہیں جن سے عام سطح پر یہ توقع کرنا مشکل ہے کہ یہاں شعر و ادب کی چاشنی بھی ہوگی۔ یہ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

موتی کسی بھی صدف سے دستیاب ہوسکتے ہیں جس نے ابرِ نیساں کو اپنے سینہ میں جذب کرنے کے لئے اپنا مُنہ کھول رکھا ہو۔ جوہر قابل کے لئے کوئی ظرف مخصوص نہیں ہوتا۔ رات کا کھانا تناول کرنے کے بعد محفل دب شروع ہوئی، فلسفہ، منطق، سیاست، شاعری اور سماجی برائیوں پر سیر حاصل تبصرہ ہوتا رہا۔

مہجور صاحب کی طبیعت میں شوخی و ظرافت کا عنصر زیادہ تھا۔ پھبتی کسنے اور چوٹ کرنے سے بھی نہیں چوکتے تھے۔ مخاطب خواہ کوئی بڑا ہوتا یا چھوٹا۔ چونکہ میں اُن سے عمر میں کم تھا اور میرے چہرے چہرے سے بھولا پن ٹپکتا تھا اس وجہ سے میری جانب تخاطب کسی قدر کم ہی رہا۔ پھر بھی جب میرے ہاں یا نہیں کرنے کی نوبت آجاتی تو میں ہلکی سی مُسکراہٹ سے اس کا جواب دیتا تھا اس طرح سے میرے ہاں اور نہیں کی پردہ پوشی قائم رہتی تھی۔ خواجہ صاحب کا بعارضہ سرطان ۱۹۷۱ء میں انتقال ہوا۔ جب یہ آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنس دہلی میں صاحبِ فراش تھے میں اور میری بیوی اُن کی عیادت کو گئے، اس وقت وہ اکیلے تھے ہم کو دیکھ کر بڑے خوش ہوئے۔ اُن کو اپنے مرض کا علم ہو چکا تھا لیکن اس کے باوجود ان کا حوصلہ بلند تھا۔ باتوں باتوں میں کہنے لگے کہ پچھلے چند مہینوں میں میری بیماری سے میرے بچّوں پر چالیس ہزار روپیہ کا بوجھ پڑا ہے۔ میں نے کہا خواجہ صاحب! خداوند تبارک تعالیٰ نے آپ کو وہ سب کچھ دیا ہے جس کے لئے آپ مستحق ہیں، یعنے مال، دولت، خوش حال رشتہ دار اور صالح اولاد۔ پھر آپ کو کسی چیز کی کیا پروا، روپیہ پیسہ کا خیال دل سے نکالئے۔ شافع حقیقی آپ کو جلد شفا عطا کرے گا۔ اس کے بعد ہم میاں بیوی دعا کرتے کرتے اُن سے رخصت ہو گئے۔

۱۹۳۸ء کے چناؤ میں کشمیر سے یہ اصحاب بھی منتخب ہوئے تھے

۱۹۳۸ء کے چناؤ میں صوبہ کشمیر سے یہ اصحاب بھی منتخب ہو گئے تھے۔ مولوی محمّد سعید مسعودی،

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

میاں احمد یار خاں، خواجہ غلام محمد صادق، میرزا ایم۔ اے بیگ، خواجہ غلام نبی (المعروف بنہ جی) صوفی محمد اکبر سوپوری، قاضی عبدالغنی دلنوی، سید حسین شاہ جلالی، حاجی احمد اللہ شہداد، عبدالحفیظ (ڈاکٹر عبدالواحد کے فرزند) خواجہ اکبر ڈار در بہ گامی، پنڈت شیو نراین فوطیدار، پنڈت امرناتھ کاک، پنڈت دیوہ کول (دیوہ سر) سردار کرپال سنگھ۔

صوبہ جموں سے ڈاکٹر بلرام داس، لالہ دینا ناتھ وکیل، چوہدری حمید اللہ وکیل، چوہدری لچھمن سنگھ چاڑک خواجہ محمد خلیل، کوتوال شب لال، مرزا عطاء اللہ، وزیر گنگا رام، شیخ محمد امین، چوہدری اوتار سنگھ، لالہ اجودھیا ناتھ چوہدری عبدالکریم، لیفٹیننٹ فضل الرحمن خاں، صوبے دار فتح محمد خاں، صوبے دار خان محمد خاں ور سردار دھیان سنگھ

۷ ستمبر ۱۹۳۸ء پرجا سبھا کا اجلاس سرینگر میں منعقد ہوا

۷ ستمبر ۱۹۳۸ء مطابق ۲۳ بھادوں ۱۹۹۵ بکرمی دن کے گیارہ بجے پرجا سبھا کا اجلاس زیرِ صدارت شرمان پرجا سبھا پرمکھ انریبل رائے بہادر مسٹر جسٹس کے۔ ایل۔ کچلو راج گڑھ محلات سری نگر میں منعقد ہوا۔ پارٹی کے لیڈر مرحوم میاں احمد یار خاں ایڈوکیٹ نے اپنی نشست سے کھڑے ہو کر کہا "جناب والا! موجودہ حالات میں جو کہ اس وقت رونما ہوئے ہیں، میری اور میری پارٹی کا ہرگز یہ فرض نہ تھا کہ ہم اس اجلاس میں ایک لمحہ کے لئے بھی شرکت کریں۔ چونکہ آج حضور مہاراجہ بہادر سے حلف وفاداری لینی تھی اس لئے ہم نے مناسب سمجھا کہ ہم حلفِ وفاداری کی کارروائی میں شرکت کریں"۔ بیچ میں مرحوم پنڈت لوکنا تھ شرما (اسٹیٹ کونسلر) نے اعتراض کرنا چاہا لیکن میاں مرحوم نے تقریر جاری رکھی اور کہا کہ "ہم حکومت کی موجودہ متشددانہ پالیسی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرتے ہیں اور پروٹسٹ کے طور واک آؤٹ کرتے ہیں اور کارروائی میں حصہ نہیں لیں گے"۔ ہم سب ممبرانِ پرجا سبھا جن کا تعلق پارٹی سے تھا، پرجا سبھا چیمبر سے باہر آئے۔ بعد میں کچھ ممبرانِ پرجا سبھا کئی سال

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

بدستور ممبر رہے۔ لیکن سزا یافتہ ممبرانِ پرجا سبھا کی رکنیت کالعدم قرار دی گئی۔ اس گرفت میں میں بھی آ گیا۔ کچھ تقاریر اور تحریک میں حصہ لینے کی پاداش میں میرے خلاف بارہ مولہ کی ایک عدالت میں مقدمہ دائر ہوا۔ مختصر سماعت کے بعد جج صاحب نے سزائے قید و جرمانہ سُنائی۔ اسی تاریخ رات کے ۲ بجے بارہ مولہ جوڈیشنل حوالات سے سنٹرل جیل سری نگر بھیجا گیا جہاں پہلے ہی کئی دوسرے کارکن، تاجر، وکلاء، مرحوم سید حسین جلالی جیسے رئیس اور رہنما محبوس تھے۔ جن میں مرحوم چوہدری غلام عباس بھی تھے۔ چوہدری صاحب کو غالبؔ کا کلام بے حد پسند تھا جو میں ان کو ترنم سے سُناتا تھا۔ اُن دنوں میرا اندازِ بیاں کچھ ایسا تھا کہ لوگ مجھے اہلِ زبان سمجھتے تھے، آواز بڑی رسیلی اور لچک دار تھی۔ "وہ عناصر میں اعتدال کہاں"، چوہدری صاحب نے ان الفاظ میں میری آواز اور رفاقت کی تعریف کی تھی۔ "اب ہماری محبوسی کے دن سکون اور اطمینان سے کٹ جائیں گے"، ایک ماہ کے بعد سنٹرل جیل سری نگر سے محبوسین کو مختلف جیلوں میں منتقل کیا گیا، مجھے اور چالیس قیدیوں کے ہمراہ ۲۵ اسوج ۱۹۹۵ بکرمی مظفر آباد سب جیل بھیجا گیا۔

مظفر آباد سب جیل

میرے رفیقوں میں اسلام آباد، سری نگر، سوپور، بارہ مولہ، ہندوارہ اور بانڈی پور کے قیدی تھے۔ جیل میں یہ اصحاب بھی میرے ساتھ تھے، صوفی محمد اکبر سوپور، شیخ محمد اکبر بارہ مولہ، خواجہ عبدالغنی ترالی محمد مقبول شیروانی بارہ مولہ، خواجہ احسن اللہ سری نگر، غلام محی الدین فاضلی بانڈی پورہ، غلام محی الدین بہرو بانڈی پورہ غلام محمّد زرگر اسلام آباد، جگرناتھ ساقی، محمد سلطان غلہ دار، محمد صدّیق بٹ جامع مسجد، عبداللطیف قریشی عبدالغنی وانے نعلبند پورہ، خواجہ شمس الدین کیرہ مہاراج گنج، پیر عبدالعزیز بانڈی پورہ وغیرہ۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

صوفی محمدؐ اکبر سوپوری

محترم صوفی محمدؐ اکبر کے ساتھ میرے بہت ہی عقیدت مندانہ روابط قائم رہے اُن کو بھی مجھ سے دلی لگاؤ تھا۔ اُن کی منہمک زندگی کا بیشتر حصّہ بے لوث خدمتِ خلق میں بسر ہوا اور اُن کی زندگی دنیاوی آلائشوں سے پاک وصاف رہی۔ وہ کئی سال ڈسٹرکٹ نیشنل کانفرنس بارہ مولہ کے صدر رہے۔ اس کے علاوہ ایڈمنسٹریٹو آفیسر کی حیثیت سے سالہا سال ضلع بارہ مولہ میں کام کیا اور اپنے ساتھ کارکنوں کی ایک اچھی خاصی ٹیم تیار کی تھی صوفی صاحب دیگر اوصاف کے علاوہ ایک اہلِ قلم اور آتش بیان مقرّر ہیں۔ میں صوفی صاحب اور شیخ محمد اکبر کا جیل میں غیر سند یافتہ معالج بھی تھا۔

مرحوم شیخ محمدؐ اکبر بارہ مولوی

مرحوم شیخ محمد اکبر صوم وصلوٰۃ کے بڑے پابند تھے۔ سحر خیزی، تلاوت قرآن اور تہجد کی ادائیگی اُن کا روزانہ معمول تھا۔ اُن کا مطالعہ بڑا وسیع، حافظہ بھی اچھا پایا تھا۔ سعدی، خسرو، جامی، رومی اور علاّمہ اقبال کا منتخب کلام ان کو ازبر تھا۔ جب کسی شعر کی تشریح کرتے تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ان کو ہر موضوع سخن پر عبور حاصل ہے۔ نفاست پسندی، مزاج کی رنگینی اور طبیعت کی شوخی تاحیات اُن کے ساتھ قائم رہی۔ ترکی ٹوپی اور سیاہ اچکن سے بڑا عشق تھا۔ نئی نویلی پوشاک سے فطری اُنس تھا۔ ٹانک استعمال کرنے کے بڑے شوقین تھے۔ اُن دنوں ایک تازہ ٹانک "اوکاسا" بازار میں آگیا تھا اس سے ان کو متعارف کرایا تو بڑے خوش ہوئے۔ مرحوم شیخ صاحب صبح سے رات تک پیش آنے والے تمام واقعات تفصیل کے ساتھ روزانہ اپنی ڈائری میں درج کرتے تھے۔ اُن کی ڈائریوں کی ترتیب، تدوین اور ملاحظہ سے کئی تاریخی راز آشکار ہوسکتے ہیں۔ مرحوم خواجہ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

حسن نظامی دہلوی کا اخبار "منادی" کئی صاحبانِ ذوق کی نظر سے گزرا ہوگا۔ اس کے شائع ہونے کی وجہ یہ بھی ہے کہ اس میں خواجہ صاحب کا دلچسپ روزنامچہ شائع ہوتا رہا۔ جس انداز سے وہ اپنے اخبار میں کوائف درج کرتے تھے، شیخ صاحب کا انداز کسی قدر اُن سے ملتا جلتا ہے۔ خواجہ صاحب سیدھی سادی مگر البیلی اُردو لکھتے تھے، شیخ مغلق اور مقفّیٰ۔

مرحوم شیخ صاحب میری طرح کچھ زیادہ مُقرّر نہ تھے مگر اس بات سے کسی کو مجالِ انکار نہیں ہو سکتی کہ وہ ایک اچھے خاصے CONVERSATIONIST تھے۔

مظفرآباد کا جلسہ وجلوس

جس روز مظفرآباد سب جیل سے میری رہائی عمل میں آئی یہاں ایک بڑے جلوس وجلسہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ خواجہ عبدالقادر ریٹ مرچنٹ نے جلسہ کی صدارت کی۔ خواجہ صاحب بڑے ملنسار اور بامذاق بزرگ ہیں۔ اُن کے ساتھ جیل سے تا رہائی میری خط وکتابت برابر جاری رہی۔ اُن کی تحریر سے دل آویزی، خلوص اور شفقت ٹپکتی تھی۔ جلسہ میں، میں نے اور مرحوم مولوی غلام مصطفےٰ مسعودی نے عوام سے خطاب کیا۔ مرحوم ایک ہوائی حادثہ میں جاں بحق ہو گئے تھے۔ جلسہ میں مولوی نذیر احمد مسعودی بھی موجود تھے۔ نذیر صاحب آجکل محکمہ جنگلات میں بہ حیثیت کنسرویٹر کام کرتے ہیں۔

مولانا محمد سعید مسعودی

مرحوم مولوی غلام مصطفےٰ اور مولوی نذیر احمد مسعودی کشمیر کے یگانۂ روزگار عالم، فصیح اللسان خطیب ممتاز جرنلسٹ اور سیاسی مدبّر مولانا محمد سعید مسعودی کے برادرانِ اصغر ہیں۔ مولانا کے ساتھ میرا قلمی، قلبی،

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ذہنی اور روحانی تعلق رہا ہے۔ بلاشبہ وہ اخلاق محبت اور مروّت کے سرچشمہ ہیں اُن کے ارشاد پر وقتاً فوقتاً جن اخبارات کے لئے میں مضامین لکھتا تھا وہ مولانا کی نظر سے ضرور گزرتے تھے۔

"ہمدرد" نمبر

۱۹۳۸ء میں "ہمدرد" نمبر بڑی آن بان کے ساتھ شائع ہونے والا تھا۔ پنڈت پریم ناتھ بزاز کی فرمائش اور مولانا کا یہ ارشاد کہ "ہمدرد نمبر" کے لئے میں بھی اُن عنوانات پر کچھ خامہ فرسائی کروں جو بزاز صاحب نے پہلے ہی باندھ رکھے تھے۔ تعمیلاً میں نے دو مضامین قلمبند کئے جو من وعن "ہمدرد" میں شائع ہوئے۔ بزاز صاحب اور مولانا صاحب دونوں بزرگوں نے ان پر اظہارِ پسندیدگی کیا۔

خواجہ صدرالدین مجاہد کا اخبار

مشہور سیاسی کارکن اور شعلہ بیان مقرر خواجہ صدرالدین مجاہد جو حُسن اتفاق سے ایک ہفتہ وار اخبار "خالد" کے مالک اور ایڈیٹر بھی تھے۔ ان کی فرمائش پر کئی مضامین بہ عنوان "شہید کربلا" "حیات و ممات" "ابراہیمی پیغام" "معرضِ تحریر میں لائے جو ان کے اخبار میں شائع ہوئے جن کے لئے مجھے ہر گوشہ سے داد و تحسین ملی۔

کشمیر کے مفتیانِ عظام

کشمیر کے مُفتیانِ کرام کے خاندان کے ساتھ میرے اور میرے بزرگوں کے دیرینہ روابط قائم ہیں مرحوم قبلہ قوام الدین صاحب کی حیات تک ہمارے قبیلہ کی اکثر نکاح خوانیاں اُن ہی کے ہاتھوں سے انجام پذیر ہوتی تھیں۔ ایک مرتبہ دارُالفتویٰ پر کسی کام سے گیا۔ سلیک علیک کے بعد "شہید کربلا" لکھنے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

پر مجھے شاباش ملی اور کہا گیا کہ واقعات جس انداز سے لکھے گئے ہیں حسن اور چاشنی سے لبریز ہیں۔

ہند فوج کے شانہ بہ شانہ مولانا کی شجاعت

ہندوارہ محاذ پر ہند فوج کے شانہ بہ شانہ مولانا نے جس شجاعت اور دلیری کا مظاہرہ کیا یہ اُن ہی کا حصہ تھا۔ اس محاذ پر ایک شدید اور جان لیوا سانحہ سے آپ دوچار ہوئے اور مشکل سے جان بر ہو سکے اُن کا بازو گولیوں سے چھلنی ہو گیا تھا۔ کئی مہینے ہسپتال میں رہنا پڑا کئی ماہ بازو پلستر میں ڈھکا رہا۔ قربانی کے اس مجسّمے نے آزادی سے قبل اور بعد وہ کون سی صعوبت ہے جو برداشت نہ کی۔ وہ کون سی مصیبت ہے جس کا انہوں نے خندہ پیشانی سے سامنا نہ کیا۔ اُن کا قومی کردار اُس وقت زیادہ اُجاگر ہوا جب ۱۹۶۴ء میں بدقسمتی سے مُوئے مقدّس کا اپنے جائے پاک سے ہٹانے کا سانحہ درپیش آیا۔ اُن کے قومی کردار پہ حرف گیری کرنا بڑی احسان ناشناسی اور بے مرّوتی ہوگی۔ زمانہ کی بوالعجبی دیکھیئے اُن کو نہ شیخ صاحب کے قلمدانِ وزارت میں جگہ ملی نہ مرحوم بخشی غلام محمد صاحب کے۔ نہ شمس الدین صاحب کی وزارتِ عظمیٰ میں نہ مرحوم خواجہ غلام محمد صادق کی۔ سیّد میر قاسم صاحب کی وزارتِ اعلیٰ میں بھی ایسے کوئی آثار دکھائی نہیں دیتے۔ نہ اب مولانا کی صحت اس قابل ہے کہ وہ اِس قسم کی پیش کش کو قبول کرلیں۔ جنہوں نے مولانا کا استغنا دیکھا ہے وہ میرے ساتھ اتفاق کریں گے کہ ہوسِ اقتدار نے اُن کا دامن کبھی بھی آلودہ نہیں کیا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ اگر مولانا کسی وزارت کا حصّہ ہوتے تو اس مسندِ وزارت کا رُتبہ بلند ہو جاتا۔ مولانا نے کبھی بھی زہرِ ہلاہل کو قند نہیں کہا ہے۔ اس وجہ سے پارٹی میں کچھ احباب سے اُن کی چشمک رہتی تھی۔ مولانا پر ایک خاکہ میں نے سپردِ قلم کیا تھا۔ مجھے اطمینان تھا کہ میں نے شمیم صاحب کو ملاحظہ کے لئے دیا ہے۔ اب جب کہ میں نے اس بارے میں اُن سے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ یہ اُن کے پاس نہیں ہے۔ بڑی عرق ریزی اور کمال عقیدت مندی سے تحریر

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کیا تھا۔ نہیں کا لفظ چار حروف پر مشتمل ہے انسان بھی اربع عناصر کا حامل ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ میرے عناصر میں اعتدال ختم ہونے لگا تھا پھر خیال آیا کہ موسیٰ کے بے وطن ہو جانے سے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوگا اس وجہ سے اپنے دل میں فیصلہ کیا کہ ان جگر کے ٹکڑوں کو اپنی یاد داشت پر بوجھ ڈال کر کسی نہ کسی طرح اکٹھا کر لیا جائے۔ یہ عمل جاری ہے اور وقت کا متقاضی ہے۔ جب یہ خاکہ تیار ہو جائے گا اس کو کتابی صورت میں شائع کروں گا ممکن ہوا تو بکھرے ہوئے کچھ اور مضامین بھی اُس کتاب میں شامل کروں گا، بشرطیکہ اللہ میاں کو ایسا کرنا منظور ہوا۔

بہر کیف مولانا منقولات اور معقولات کے بحر بے پایاں ہیں۔ اُن کا نام نامی رہتی دنیا تک آفتاب بن کر چمکتا رہے گا۔

مرحوم بخشی غلام محمد

مرحوم بخشی غلام محمد ۱۹۵۳ء سے ۱۹۶۳ء تک جموں و کشمیر کے وزیر اعظم رہے اس سے قبل انہوں نے بحیثیت سیاسی رہنما کے وطن عزیز کی خاطر ناقابلِ فراموش بیش بہا خدمات انجام دی ہیں۔ ان کی حکومت کے دس سال بڑے انقلاب آفریں، محرک اور فلاحی سال تھے اور منتظمانہ قابلیت کے حامل تھے۔

بوڑھے، جوان، امیر، غریب، ہندو، مسلمان، شاعر، مفتی، مولوی، مغنّی غرض ہر طبقہ اور مکتبِ خیال کے لوگ اُن سے ملتے تھے اور کچھ حاصل کر کے ہی اُن کے دربار سے نکلتے تھے۔ جب کبھی اُن کی نظر مجھ پر پڑتی تو غالب کا یہ شعر کسی قدر تحریف کے ساتھ اُن کی زبان سے بے ساختہ نکلتا تھا۔

"جالبِ خستہ کے بغیر کون سے کام بند ہیں
روئیے زار زار کیا کیجئے ہائے ہائے کیوں"

فاعلِ حقیقی نے بڑی فیّاضی کے ساتھ اُن کو ذوقِ سلیم عطا کیا تھا، اُن کے دورِ اقتدار میں ادبی، ثقافتی،

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

معاشرتی اور مجلسی سرگرمیوں اور تعمیر و ترقیات کو بڑا فروغ ملا ہے" فیسٹول آف کشمیر" اُن کے یادگار کارناموں کی زندہ و جاوید مثال ہے۔

جموّں میں ۱۹۷۳ء کے اوائل میں خواجہ غلام رسول رنیزو کے زیر اہتمام جناب سیّد میر قاسم چیف منسٹر جموّں وکشمیر نے جن کی لیڈر شپ روز بہ روز عوام میں مقبول ہو رہی ہے، عوام کے تفننِ طبع کے لئے اسی قسم کے کچھ رنگا رنگ پروگرام پیش کرنے کا اہتمام کیا۔ گو ان پروگراموں کو فیسٹول آف کشمیر سے منسوب نہیں کیا گیا لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس میں وہی روح کارفرما ہے۔ بخشی صاحب کے زمانہ میں فیسٹول آف کشمیر کے دوران کُل ہند مشاعرے کا اہتمام کیا گیا۔ شکیلہ بانو بھوپالی نے دل نواز گانے گائے۔ حبیب پینٹر اور شنکر شمبھو کی دلکش اور دل ربا قوالیاں ہوئیں۔ اس تقریب پر بھی شکیلہ بانو بھوپالی کو بلایا گیا۔ مشاعرے میں کچھ صاحبِ طرز ممتاز شعراء نے حصّہ لیا، افسانے پڑھے گئے جس میں کچھ چوٹی کے افسانہ نویسوں نے شرکت کی البتہ شنکر شمبھو کی غیر موجودگی محسوس کی جاتی رہی۔

بخشی صاحب کی شخصیت گوناگوں رنگینیوں سے معمور تھی، زمانہ ان کی تقلید کب تک کرے گا یہ کہنا مشکل ہے، تاریخ یہ بات از خود دہرائے گی۔ "خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں"

وزارت میں شامل کرنے کی دعوت

ایک مرتبہ انہوں نے مجھے اپنی وزارت میں شامل کرنے کی غیر رسمی دعوت دی تھی، لیکن میں نے بڑی بے تکلّفی سے شاعرانہ انداز میں اپنے دل کی بات کہی کہ یہ بوجھ مجھ آزاد بندے سے اٹھایا نہ جائے گا۔ ساتھ ہی علاّمہ اقبال کا یہ شعر سُنایا جو انہوں نے آزاد بندوں کی ترجمانی کرتے ہوئے کہا ہے

" ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دُنیا نہ وہ دُنیا　　یہاں مرنے کی پابندی وہاں جینے کی پابندی"

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

میرا جواب سُننے کے بعد انہوں نے ضلع بارہ مولہ سے خواجہ غلام نبی وانی سوگامی کو اپنی وزارت میں شامل کرلیا۔

آنجہانی پنڈت نہرو اور مرحوم سید عطاء اللہ شاہ بخاری

۱۹۴۵ء میں آل جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس کا تاریخی سالانہ اجلاس سوپور میں منعقد ہوا۔ یہ وہی اجلاس ہے جس میں "نیا کشمیر" کا سیاسی آئین اور اقتصادی منصوبہ تیار کیا گیا۔ اس میں ہندوستان کے نہتم بالشان لیڈران کرام نے بھی شرکت فرمائی جن میں قابلِ ذکر آنجہانی پنڈت جواہر لال نہرو، خان عبد الغفار خاں، اور خان عبد الصمد خاں اچک زئی تھے۔ اُن دنوں رئیس الاحرار مرحوم سید عطاء اللہ شاہ بخاری معہ عیال واطفال میرے ہاں پٹن میں قیام فرما تھے۔ انہوں نے ازراہِ کرم مجھے شرفِ میزبانی بخشا تھا۔ پنڈت جی کو جب معلوم ہوا کہ شاہ صاحب پٹن میں مقیم ہیں تو وہ سری نگر سے سوپور جاتے ہوئے پٹن رُکے شاہ صاحب سے بڑے تپاک سے ملے، مصافحہ کیا، بڑی محبت سے گلے لگالیا۔ شاہ صاحب نے سوپور چلنے میں معذرت کی کیونکہ اُن کی طبیعت ناساز تھی۔ شاہ صاحب کے ساتھ میری پہلی ملاقات دہلی میں ہوئی تھی جب کہ وہ انجمن سیف الاسلام کے زیرِ اہتمام بلائے گئے ایک جلسے سے خطاب کرنے کے لئے دہلی تشریف لائے تھے۔ شاہ صاحب کی تقریر ۱۰ بجے رات سے ۳ بجے صبح تک جاری رہی۔ یہ واقعہ ۱۹۴۷ء سے پہلے کا ہے۔

آنجہانی پنڈت نہرو اپنے رفقاء کے ساتھ جس روز کوہالہ کے راستہ سری نگر تشریف لائے پٹن کا بازار ڈیوڑھیوں اور آرائشی محرابوں سے دُلہن بنا ہوا تھا۔ ان کا یہاں شاندار استقبال کیا گیا۔ پنڈت جی اور بادشاہ خاں نے مختصر تقریریں کیں۔ میں نے ان کی خدمت میں سپاس عقیدت پیش کیا۔ لوگوں نے پھولوں کی پنکھڑیاں نچھاور کیں۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۹۴۷ء میں راشٹرپتا مہاتما گاندھی کی تشریف آوری

۱۹۴۷ء میں راشٹرپتا مہاتما گاندھی کوہالہ کے راستہ سے سری نگر تشریف لائے۔ ہر ٹراور پران کا شاندار استقبال کیا گیا۔ پلٹن میں بھی اسی انداز سے خیر مقدم ہوا۔ استقبالیہ سرگرمیوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے خلوت اور جلوت میں کام کرنا پڑا کیونکہ حکومتِ وقت یہ نہیں چاہتی تھی کہ عوام اُن کا شایانِ شان آؤ بھگت کریں لیکن اس کے باوجود بڑے جوش و خروش سے اُن کا استقبال کرنا پڑا۔

تحصیل کمیٹی بارہ مولہ کا منصب صدارت

۱۹۴۹ء سے ۱۹۶۴ء تک تحصیل کمیٹی نیشنل کانفرنس بارہ مولہ کا مسلسل صدر منتخب ہوتا رہا۔ بارہ مولہ کے مشہور خاندان کے چشم و چراغ خواجہ مبارک شاہ صاحب تحصیل کمیٹی کی ایک ٹیرم میں سکریٹری منتخب ہوئے۔ شاہ صاحب ایک کامیاب وکیل، شریف النفس اور وقت شناس مدبّر ہیں۔ اپنی لیاقت اور قابلیت سے شیخ سرکار میں نائب وزیر خزانہ رہ چکے ہیں۔ اسی گُن کے پیشِ نظر دسمبر ۱۹۷۳ء میں وزیر اعلیٰ سیّد میر قاسم نے اپنی پارٹی کا رکن نہ ہونے کے باوجود ان کو اپنی وزارت میں شامل کرلیا ہے۔ صحت، جنگلات، امدادِ باہمی اور زراعت و باغبانی کے محکمے ان کو سونپے گئے ہیں۔ قصبہ اور باہر کے لوگوں میں بڑی عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ خواجہ غلام نبی نسیم، خواجہ غلام مصطفےٰ اعشائی اور پنڈت پریم ناتھ ماتو بھی مختلف ٹرموں میں تحصیل کمیٹی کے سکریٹری منتخب ہوئے اور میرے ساتھ کام کرتے رہے۔

میرے پاس ہر شعبۂ زندگی سے متعلق تحصیل بھر کے مسائل کی فہرست ہر وقت موجود رہتی تھی جس کو میں بڑی محنت اور سلیقہ سے ترتیب دیتا تھا۔ مناسب اور موزوں وقت پر بہ حیثیت صدر تحصیل لیڈرانِ کرام اور منسٹروں کی خدمت میں پیش کرتا تھا۔ اس کا عملاً بڑا اچھا نتیجہ برآمد ہوتا تھا۔ حکومت کو پانچسالہ منصوبہ مرتب کرتے وقت تحصیل کے مسائل زیرِ نظر رہتے تھے۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

آئین ساز اسمبلی اور قانون ساز اسمبلی کے چناؤ

۱۹۵۱ء میں حضرت شیرِ کشمیر کی قیادت میں آئین ساز اسمبلی کا انتخاب عمل میں آیا۔ میں بھی حلقۂ انتخاب پٹن سے اس کا ممبر منتخب ہوا۔ ۱۹۵۷ء اور ۱۹۶۲ء میں مرحوم بخشی غلام محمد صاحب کی لیڈر شپ میں قانون ساز اسمبلی کے چناؤ عمل میں آئے دونوں انتخابات میں، میں پھر حلقۂ انتخاب پٹن سے ممبر منتخب ہوا۔ ۱۹۶۷ء میں مرحوم خواجہ غلام محمدؐ صادق کی رہنمائی میں چناؤ عمل میں آیا۔ اس بار حلقہ انتخاب گلمرگ سے چناؤ لڑنے کا پروانہ عطا ہوا تھا۔ لوگوں کا اعتماد بلاشبہ مجھے حاصل تھا لیکن ووٹ میرے مدِمقابل کو زیادہ مل گئے۔ ہار جیت کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ اس وجہ سے میرے دل و دماغ نے ہارنے کا مطلق کوئی ناگوار اثر قبول نہ کیا۔ دوسرے یہ کہ انتخاب کسی کی لونڈی نہیں جو ہمیشہ اس کی ناز برداری کرتا رہے تیسرے یہ کہ حضرت امیر کبیر علی ہمدانی رح کا یہ کلام بڑا لاجواب اور نصیحت آموز ہے۔

"گر بدولت برسی مست نہ گردی مردی
ور بذلت برسی سست نہ گردی مردی"

ممبری کے دوران میں نے حلقہ انتخاب پٹن میں اسکولوں، ہسپتالوں اور سڑکوں کا جال بچھوایا۔ آب نوشی اور آب پاشی کے انتظام میں بہتری کرائی۔ تعلیم یافتہ اور غیر تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار دلانے میں ہر ممکن کوشش کی۔ حلقہ انتخاب پٹن کی آبادی لگ بھگ پینتالیس ہزار نفوس پر مشتمل ہے۔ حکومت سے یہاں کے لئے ایک ہائر سکنڈری، چار ہائی اسکول، دو ہیلتھ سنٹر اور دو انگریزی ڈسپنسری قائم کرائیں۔ مشکل ہی سے کوئی گاؤں ہوگا جو پرائمری اسکول سے محروم ہو۔ ریاست جموں و کشمیر میں یہ واحد کانسٹی چیونسی ہے جہاں طبیؔ اور تعلیمی سہولیات اس قدر کم فاصلہ پر مہیا ہیں۔ یہ ایک ریکارڈ ہے جس کی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

نظیر ملنا محال ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ عوام کا شعور اور ذہن اس قدر بیدار ہو گیا ہے جو ان سہولیات کی فراہمی سے بھی مطمئن نہیں ہے۔ ان کا شعور بہ زبانِ حال کہتا ہے :۔

"ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
اب ٹھیرتی ہے دیکھیئے جا کر نظر کہاں"

دیگر ذمہ داریاں

اس کے علاوہ اپنی ہیچمدانی کے باوجود متعدد ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہونا پڑا۔ حتی المقدور خوش اسلوبی سے نباہ کرتا رہا۔

چیرمین تحصیل بورڈ

حکومت نے تقریباً دو سال کے لئے چیرمین تحصیل بورڈ بارہ مولہ مقرر کیا۔ ڈویژنل فارسٹ آفیسر، تحصیلدار مال، ہسپتال کے ڈاکٹر اور کالج کے پرنسپل صاحب اس کے ممبران تھے۔ تحصیل کے مختلف مسائل اس میں زیرِ بحث آتے تھے۔

ڈسٹرکٹ فوڈ پروکیورمنٹ آفیسر

۱۹۸۰ء میں حکومت نے ڈسٹرکٹ فوڈ پروکیورمنٹ افسران کی دو اسامیاں ایک ضلع اننت ناگ کے لئے دوسری ضلع بارہ مولہ کے لئے قائم کیں۔ خواجہ غلام محمد میر طاؤس صاحب کو جو آجکل ہوم سکرٹری کے عہدہ پر فائز ہیں، ضلع اننت ناگ میں اور مجھے ضلع بارہ مولہ میں تعنیات کیا گیا ہیڈکوارٹر سوپور میں تھا

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اس طرح میرے گلے میں سرکاری ملازمت کا طوق ڈال دیا گیا تھا شکر ہے کہ اس محکمہ کی عمر ایک سال سے زیادہ باقی نہ رہی۔

انجمن بہبودی کرم کشاں اوقاف بابا پیام الدین ریشیؒ

انجمن بہبودی کرم کشاں اور سب اوقاف بابا پیام الدین ریشی صاحبؒ گلمرگ کا کئی سال صدر و سکریٹری رہا۔

ممبر پروگرام ایڈوائزری کمیٹی ریڈیو کشمیر

ریڈیو کشمیر سری نگر کی پروگرام ایڈوائزری کمیٹی کا چار سال ممبر رہا۔

سکریٹری سنٹرل بنک بارہ مولہ

سنٹرل کوآپریٹو بنک لمیٹڈ بارہ مولہ کا کئی سال سکرٹری رہا۔

سکریٹری چیرمین جموں کشمیر اسٹیٹ کوآپریٹو بنک سرینگر

جموں و کشمیر اسٹیٹ کوآپریٹو بنک کا دس سال سے زائد بہ حیثیت سکریٹری کام انجام دیتا رہا عرصہ پانچ سال سے اسی کا چیرمین چن لیا گیا ہوں۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

دیوانِ جالبؔ شائع کرنے کے اسباب

۱۹۴۷ء میں جب کہ ملک کے باقی حصّوں میں فرقہ وارانہ ہنگامے بپا تھے، انسانیت کا شیرازہ بُری طرح بکھر رہا تھا اور انسان، انسان کے خون کا پیاسا ہو گیا تھا۔ کشمیر میں فرقہ وارانہ میل جول اپنے جوبن پر تھا۔ اسی سال اکتوبر کے مہینہ میں قبائلیوں نے کشمیر پر یلغار کی۔ قصبہ پٹن بھی اس کی زد میں آگیا۔ یہ قصبہ سری نگر سے ۲۷ کلومیٹر دُور ہے۔ اس پر حملہ آوروں کا کئی دن تک قبضہ رہا۔ اسی دوران حکومت ہند اور شیرِ کشمیر شیخ محمدّ عبداللہ کے مابین مفاہمت کے نتیجہ میں ہند فوج نے مورچے سنبھالے، مقابلہ ہوا بالآخر حملہ آور بھاگ گئے، مگر لوگوں کا مال و جائداد بلالحاظ مذہب و ملّت مالِ غنیمت سمجھ کر لوٹ لیا۔ ہند فوج نے اوپریشن کے دوران عمارتوں کو آگ لگا دی، اُن سے لُٹے اِن سے جلے اور کچھ مرے۔

"تھے یہ ہی دو حساب سو یوں پاک ہو گئے"

میرا مال و متاع بھی دوسرے لوگوں کی طرح غارت ہوا۔ شکر ہے کہ جان بچی یہ تب ممکن ہوا جب ڈی، پی، در صاحب جو آجکل مرکزی سرکار کے وزیرِ منصوبہ بندی ہیں۔ پٹن پر حملہ سے ایک روز قبل رات کے ۲ بجے میری جائے رہائش پر آوارد ہوئے۔ اشارات و کنایات سے مجھے معلوم ہوا کہ حالات بے حد نازک صورت اختیار کر چکے ہیں۔ اُن کے ہمراہ پانپور کے پیرزادہ غلام جیلانی بھی تھے۔ چند رائفل مجھ کو دینے کے لئے ساتھ لائے تھے۔ لیکن ان سے کون کام لیتا۔ رائفل چلانے کے لئے کچھ تو جانکاری چاہیئے۔ بہرحال میں نے پٹن کو اس وقت الوداع کہی جب قبائلی چند ہی گھنٹوں کے بعد اس میں داخل ہو گئے۔ اگر میں وہاں موجود ہوتا تو آج میں زندہ نہیں کسی گورِ غریباں کی مٹی کا جزو بن گیا ہوتا اس لئے نہیں کہ میری کسی سے دشمنی تھی بلکہ اس لئے کہ میں ایک تنظیم کے ساتھ جو نیشنل کانفرنس کے نام سے موسوم تھی وابستہ تھا جس کی قیادت جناب

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

شیرِ کشمیر شیخ محمد عبداللہ کرتے تھے۔ خانماں بربادی کے باعث خانہ بدوشوں کی طرح آج کہیں رہا کل کہیں

"نہ صد و ہفتاد قالب دیدہ ام
ہمچو سبزہ بار ہا روئیدہ ام"

بالآخر ۱۹۶۰ء میں سری نگر میں ایک آشیانہ تعمیر کیا جو ۱۹۶۴ء میں پھر آگ کی شعلوں کی نذر ہوا۔ گھر والوں کو تو مکان اور اثاث البیت کے آتلاف کا صدمہ ہوا۔ مجھے اس بات سے ذہنی اور روحانی تکلیف پہونچی کہ میرا منظوم وغیر منظوم کلام، زائچے، کتب خانہ، مسودے اور دوسری اہم دستاویزیں ان حادثات میں ضائع ہوگئیں

"آگ اس گھر میں لگی ایسی کہ جو تھا جل گیا"

یہ دیوان اس خوف و ہراس سے عجلت میں شائع کرانے کا ارادہ کرلیا کہ کہیں یہ بھی کسی آفتِ سماوی و ارضی کا شکار نہ ہو جائے۔

کلام فنی کوتاہیوں اور سہو و خطا سے مبرا ہے کہ نہیں اس کا فیصلہ کرنا میرے لئے مشکل ہے۔

"کس نہ گوید کہ دوغِ من ترش است"

البتہ کلام کا بیشتر حصہ مسلّمہ اہلِ زبان و ممتاز شعراء کی ماہرانہ نظرِ اصلاح سے گزرا ہے اس وجہ سے مطمئن ہوں کہ کلام کسی کے ذہن اور دل و دماغ پر بار نہ بنے گا۔ خدا کرے کہ ایسا ہی ہو۔

التماس

تقریباً گزشتہ چالیس سال میں رونما ہونے والے حالات قلمبند کرنے میں، میں نے بہت حد تک اپنے حافظہ سے کام لیا ہے، میری یادداشتیں ، ۱۹۴۷ء اور ۱۹۶۴ء کی آگ کی وارداتوں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

نذرِ آتش ہوگئیں۔ تاریخ، سال، نام یا اور کوئی نکتہ لکھنے میں اگر کہیں میرے حافظہ نے میرا ساتھ نہ دیا ہو تو از راہِ کرم خاکسار کو مُطلع فرمائیں تاکہ جب اس تصنیف کا دُوسرا ایڈیشن نذرِ ناظرین کیا جاسکے تو وہ صحت یا نظرِ ثانی کا محتاج نہ ہو۔

کچھ مہتم بالشّان شخصیتوں کا ذکر گزشتہ سطور میں کسی فروگذاشت سے نہیں بلکہ اس لئے نہیں آیا ہے کہ یہاں کسی کا سوانح لکھنا مقصود نہ تھا۔ البتہ جن بزرگوں کے ساتھ اُن دنوں میرا براہِ راست یا بالواسطہ بے تکلّفی سے اٹھنا بیٹھنا یا قریب سے رہنے کا اتفاق ہُوا، اُن کا اجمالاً ذکر آنا چاہیے تھا، سو آیا۔ ورنہ کسی کی ذاتِ گرامی کو فراموش یا نظرانداز کرنا، حق ناشناسی اور سُوءِ ادب ہوتا۔

تشکُّر

میں اُن تمام حضرات کا فرداً فرداً صدقِ دلی کے ساتھ شُکر گزار ہوں کہ جنہوں نے اس تصنیف کو منصۂ شہود پر لانے میں مفید مشورے دیئے۔ میرا ہاتھ بٹایا اور مجھے سہولت بہم پہونچائی۔

جالبؔ کاشمیری

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

غزلیات

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

تفصیل

غزلیات، مخمس، مربع، قطعات وگیت

غزلیات

ردیف	تعداد غزل	تعداد اشعار
الف	۲	۱۲
ب	۱	۶
پ	۱	۶
ت	۱	۷
ٹ	۱	۷
ث	۱	۶
ج	۱	۶
چ	۱	۶
ح	۱	۵
خ	۱	۵

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف	تعدادغزل	تعداداشعار
د	۱	۵
ڈ	۱	۷
ذ	۱	۵
ر	۱	۷
ڑ	۱	۶
ز	۱	۷
س	۱	۶
ش	۱	۶
ص	۱	۸
ض	۱	۶
ط	۱	۶
ظ	۱	۹
ع	۱	۶
غ	۱	۷
ف	۱	۵
ق	۱	۵
ک	۱	۵

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف	تعداد غزل	تعداد اشعار
گ	۱	۵
ل	۱	۷
م	۲	۱۲
ن	۲	۱۲
و	۱	۹
ہ	۱	۷
ی	۴	۳۱
ے	۵	۳۴
۳۵	۴۵	۲۸۹

	تعداد بند	تعداد اشعار
مخمّس	۵	۲۵ مصرع
مربّع	۹	۱۸ اشعار
قطعات	۱۳	۲۶
گیت	۸	۲۴

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

فہرست غزلیات

مصرع اُولیٰ

- "مغبچے آئے تو کیا پیرِ مغاں آیا تو کیا"
- وہ میرے رُوبرُو جب ضَو فشاں تھا
- رگ رگ میں سمایا ہے غمِ عشق کا سیماب
- یا تو قسمت سے کسی اہلِ سخن سے ہو ملاپ
- پانی کے بُلبُلے تھے پُرانے تصوّرات
- آرہے ہیں وہ اِدھر با کرّ و فریب ہے کہ جھوٹ
- عالمِ وحشت میں یارو مُسکرانا ہے عبث
- ہے تیرے انتظار میں دل بے قرار آج
- اے مونسِ جاں دل کی زباں سہو و خطا ہیچ
- کاش آجاؤ ہلالِ عیدِ قُرباں کی طرح
- یہ تو کہیئے آپ نے کھولی کہاں اُلفت کی شاخ
- تیرہ بختوں کے لیئے رہبرِ کامل بے سُود
- کیا کروں کس سے کروں اظہارِ لاڈ
- پالیا میں نے کسی وعدہ شکن کا کاغذ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

رازِ دل ہونے لگا ہے آشکار

کچھ تو ظاہر کیجئے اتنے تامّل کا نچوڑ

نہ ہوا مجھ کو میسّر ترا دیدار ہنوز

رمزِ حیات کیا کھلے ناوک فگن کے پاس

مجھ کو تیری گفت گو کی ہے تلاش

بحرِ دانش ہے آپ کا اخلاص

جان اپنی دوں گا اُن کی زلفِ پیچاں کے عوض

بے بسی میں دوستو آنسو بہانا ہے غلط

لُطف و احساں ترا خدا حافظ

کر رہا ہوں کلام کی توسیع

خوب پھل لائے ہیں یہ اشجارِ باغ

کون ہے عِشق و محبّت کی اَدا سے واقف

کوئی دینے لگا اذانِ فراق

محرومِ توجّہ ہوں اے بندہ نواز اب تک

ساقی کی چشمِ ہوش رُبا سے خُمار مانگ

گردشِ روزگار میں ہے دل

کس کو بتلائیے کہ کیا ہیں ہم

آگیا جب زہرہ وش بالائے بام

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

- لوحِ دل پر اب کہیں نقشِ وفا ملتا نہیں
- نئے انداز سے عالم سجایا جائے گا اک دن
- کیا کہوں تیری یاد آنے کو
- آگیا ہوں پھر مری سرکار دیکھ
- نہ آہیں کھینچئے پیہم ادھر ہیں دوسرے غم بھی
- اُٹھا دے گی پردے محبّت کسی کی
- محبت کے ماروں نے دھونی رمالی
- نوحہ خوانی بھی نغمہ خوانی بھی
- گنتے رہتے ہیں رات بھر تارے
- کوئی لوٹا بھی ہے اس رہ گزر سے
- محبّت کا عہدِ شباب آگیا ہے
- جنونِ عشق کو سوجھی ہے کیا یہ عقل کیا سمجھے
- مسکرانا یاد ہے دامن بچانا یاد ہے

مخمّس

پہلا بند: ۔ مصرع اوّل	صنوبر کی چھاؤں میں آٹھوں پہر
دوسرا بند: ۔ 〃	کبھی تھا ہمیں بھی تو نغموں سے پیار
تیسرا بند: ۔ 〃	یہ صحنِ گلستاں یہ سرو سمن

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

چوتھا بند:۔ مصرع اوّل	خوشی کی تمنّا نہ غم کا صلہ
پانچواں بند:۔ 〃	خبر اُن کے آنے کی ہے معتبر

مُربّع

پہلا بند:۔ مصرع اوّل	مسجد سے رابطہ نہ مندر سے
دوسرا بند:۔ 〃	کچھ علم نہیں یہ دل کی لگن
تیسرا بند:۔ 〃	بدنام ہوئے مجبوب ہوئے
چوتھا بند:۔ 〃	نفرت سے مجھ کو نفرت ہے
پانچواں بند:۔ 〃	اے دشتِ وطن رشکِ گلشن
چھٹا بند:۔ 〃	مدہوشی چھوڑ اب ہوش میں آ
ساتواں بند:۔ 〃	ہے کتنی رسیلی یہ ساعت
آٹھواں بند:۔ 〃	ملنا ہے تجھے تو آمل جا
نواں بند:۔ 〃	ہے کیسا سہانا صحنِ چمن

قطعات

مصرع اولیٰ

- تیری دُزدیدہ نظر نے مجھے مارا اے دوست
- محبّت نغمۂ دل چسپ و دل کش
- ہے کہیں کعبہ کہیں ہے سومنات
- خضر سے کہی ہے سکندر نے بات

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

- نہ کر دراز کسی کی طرف کبھی دستِ سوال
- کلیدِ گنج و عرفان و سعادت حضرتِ اقبال
- در حقیقت گردشِ ایام ہے اک امتحاں
- گر پاس حفظِ نفس ہے تو بوالہوس نہ بن
- یہ مانا کہ روزی مقرر ہے رب سے
- بہارِ زندگی پھر لوٹ آئے
- محبت سیم و زر کو چھوڑتی ہے
- محبت اضطرابِ جاودانی
- اُسی کی ذات ہے بس جاودانی

گیت

پہلا بند:- مصرعِ اوّل	کوئلیا اک گیت سُنائے
دوسرا بند:- 〃	پریتم کی نہیں کوئی کھبریا
تیسرا بند:- 〃	آؤ ساجن اب تو آؤ
چوتھا بند:- 〃	مل گیا بالم اک سنیاسی
پانچواں بند:- 〃	من کا مندر پڑا ہے سُونا
چھٹا بند:- 〃	جیون ہیں ہر ایک کے یکساں
ساتواں بند:- 〃	اپنے بلم کی لے لوں بلائیں
آٹھواں بند:- 〃	نینن میں یہ کون سمایا

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف ”الف“

”مُغبچے آئے تو کیا، پیرِ مُغاں آیا تو کیا“
دَور میں ساغر نہیں جانِ جہاں آیا تو کیا

سینکڑوں انساں ہوئے پامال راہِ عشق میں
کام اگر میرا بھی جسمِ ناتواں آیا تو کیا

لُٹ چکی ہے گلستانِ زیست کی ساری بہار
لے کے وہ جامِ بہارِ جاوداں آیا تو کیا

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

پرسشِ محرومیٔ قسمت کسی نے جب نہ کی

مہرباں آیا تو کیا، نامہرباں آیا تو کیا

خامُشی جالبؔ بیاں ہی بے زبانی ہے سُخن

لیکے اُن کے سامنے میں داستاں آیا تو کیا

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وہ میرے رُوبرُو جب ضَوفشاں تھا
نہیں معلوم اے دل مَیں کہاں تھا

مرے قلب و جگر کی کچھ نہ پوچھو
نہ جانے وہ کدھر تھا یہ کہاں تھا

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وہ کل کی گرمیٔ محفل کہاں ہے؟
جہاں ذکرِ جمالِ گُل رُخاں تھا
وہ مصروفِ نشاطِ زندگانی!
یہاں قسمت میں شورِ الاماں تھا
فُغانِ درد اور نغمات کی لَے!
غم و شادی کا کیا اچھّا سماں تھا

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

یہ عالم تھا مِرے ذوقِ سفر کا
اسیری میں بھی ذکرِ کارواں تھا

دلِ جالبؔ ہے اب داغوں کا محشر
یہی پہلے شراروں کا جہاں تھا

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ب"

رگ رگ میں سمایا ہے غمِ عشق کا سیماب

بے چین ہوں بے چین ہوں بیتاب ہوں بیتاب

ہے سونی پڑی کب سے دلِ زار کی دُنیا

کِس شعلہ میں گُم ہوگیا یہ کرمکِ شب تاب

اِنساں کی جبیں پاک ہو نفرت کی شکن سے

کہلائے گا تب خُلدِ بریں عالمِ اسباب

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مرنے کی ہوس ہے تو بتا کس کیلیے ہی؟
جینا ہے تو جی شوق سے بے منّتِ احباب
محنت کے دھنی تو بھی ذرا جوش میں آجا
ہر قطرہ ترے خون کا ہے گوہرِ نایاب
تنگ آئیں نہ کیوں صحبتِ ناجنس سے جالبؔ
خوش آتے نہیں ہم کو رقیبوں کے یہ آداب

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "پ"

یا تو قسمت سے کسی اہلِ سخن سے ہو ملاپ
یا کسی سروِ چمن، گُل پیرہن سے ہو ملاپ

آ گیا ہوں تنگ سُن سُن کے ترا رُوکھا جواب
پھر بھی ارماں ہے کسی پیماں شکن سے ہو ملاپ

میری اُلفت کے چمن میں کاش آ جائے بہار
آرزُو یہ ہے کسی غُنچہ دہن سے ہو ملاپ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

جب تلک ہے یہ جہاں اُس کی نوا کی دھوم ہو

مُرغِ بسمل کا کسی ایسے چمن سے ہو ملاپ

یا مرے دل کو بنائے اپنا کوئی یارِ غار

یا کسی گُل برگ کے چاہِ ذقن سے ہو ملاپ

کیا بتاؤں تجھ کو جالبؔ ماجرائے عاشقی

خوب گزرے گی اگر اُس گُل بدن سے ہو ملاپ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ت"

پانی کے بلبلے تھے پرانے تصوّرات
صَد شُکر کا شمر سے ہوئی ختم چھوت چھات

ہاں ہاں یہ خواجگی کا تماشا ہے چند روز
ڈنکے کی چوٹ کہتا ہوں میں آج منگی بات

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

بازارِ رنگ و نسل کا بھی سرد ہو چلا
شرمائیگی وجُود پہ خود اپنے ذات پات

اب فرقہ واریت کا ٹھکانہ نہیں یہاں
آئین بن گئی ہیں ہماری ہی خواہشات

ہے دَورِ جہل ختم کہ تعلیم مُفت ہے
بیگار سے ملی ہے اب انسان کو نجات

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ہو گا وطن سے جب بھی غریبی کا خاتمہ

دِن عید کا وہ ہو گا، وہ شب ہو گی شبِ برات

جالبؔ نہ جائے شیخ و برہمن کی دوستی

روشن رہے جو کعبہ تو رخشندہ سومناتؔ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ٹ"

آرہے ہیں وہ اِدھر باکرّوفر سچ ہے کہ جھوٹ
ہوگئے بچھڑے ہوئے شیروشکر سچ ہے کہ جھوٹ

بن گیا ہے مہرباں وہ سروقد شیریں بیاں!
چشم نرگس اور ہے پتلی کمر سچ ہے کہ جھوٹ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کس قدر پُر پیچ ہے یہ رزم گاہِ حُسن و عشق!
دل نے دل پر پائی ہے فتح و ظفر سچ ہے کہ جھوٹ

کون سا پیغام لے کر آ گیا اور کیا کہا!
راستہ میں مل گیا پیغام بر سچ ہے کہ جھوٹ

آرزو تھی چوم لوں اُن کی جبینِ ناز کو
زلف نے کھایا ہے بل رخسار پر سچ ہے کہ جھوٹ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

دیکھیے حرماں نصیبی، نا اُمیدی، بے بسی!
تیشے سے فرہاد نے پھوڑا ہے سر، سچ ہے کہ جھوٹ

تم بھی آکر آزما لو اپنے جالبؔ کو ذرا
کہہ رہے ہیں اُس کو سب اہلِ نظر سچ ہی کہ جھوٹ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ث"

عالمِ وحشت میں یارو مسکرانا ہے عبث
مونسِ جاں ذوقِ الفت کو چھپانا ہے عبث

حُسن کی رعنائیاں اور عشق کی پرچھائیاں
ایسی حالت میں یہاں دامن بچانا ہے عبث

غم کے بادل جب کہ ہوں سایہ فگن ہمّت شکن
شاہِ خوباں! عشق کی منقل تپانا ہے عبث

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ہر طرف آہ و فغاں ہی اور شورِ اَلاُماں!

قمریوں اور بلبلوں کا چہچہانا ہے عبث!

ہو نہیں سکتے سبھی صاحب قِران و باکمال

بن کے افلاطون، رُعب اپنا جمانا ہے عبث

اِس جہاں سے اُٹھ گیا ہے جالبِ خانہ خراب

جا کے اُس کی قبر پر آنسو بہانا ہے عبث

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ج"

ہے تیرے انتظار میں دل بے قرار آج

مُدّت کے بعد آئی چمن میں بہار آج

گھونگھٹ اُٹھا کے رُخ سی تو اے رشکِ مہر و ماہ

آجا فضائے دہر ہے مُشکِ تتار آج

یا تھا ہر آن دل میں اُمنگوں کا اک ہجوم

یا چھا رہا ہے ابرِ غمِ روزگار آج!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

رفتار جس کی فتنۂ محشر ہے، وہ ہے ساتھ
اپنا زمانہ اپنے ہیں لیل و نہار آج

آیا ہے پھر سے گُل کی اداؤں میں بانکپن
بُلبُل کی مستیوں کا نہیں کچھ شمار آج

جالبؔ یہ مفلسی کا نیا دور ہے عجیب
خود کو چھُپا رہا ہے ہر اک شہریار آج!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "چ"

اے مونسِ جان دل کی زباں سہو و خطا ہیچ
تو ساتھ ہے تو سایۂ میمونِ ہُما ہیچ

اے خودنگرو! اُس بتِ طنّاز کے آگے
دعوائے خودی ہیچ ہے، احساسِ اَنا ہیچ

اس غنچہ دہن، عارضِ گلگوں کے مقابل
شمشاد و سمن ہیچ ہیں، گلنار و حنا ہیچ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

لازم ہے فنا حُسن کو حُوریں ہوں کہ پریاں
بے کار ہے یہ شعلۂ گُل ساز نوا ہیچ
افکار و حوادث ہوں کہ آشوبِ زمانہ
یہ آب و ہوا، صبح و مسا، زہد و ریا ہیچ
جالبؔ تجھے لے ڈُوبے گی یہ جاہ پرستی
خلعت کو عبث جان تو، دستار و قبا ہیچ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف ''ح''

کاش آجاؤ ہلالِ عیدِ قُرباں کی طرح!
جان و دل کر دونگا صدقے اک مُسلماں کی طرح،

تھام لینا دل مرا پیروں تلے مت روندنا
سرکشی اُسکی بڑھے گی زلفِ پیچاں کی طرح

راہِ اُلفت سے کسی دم ڈگمگا جائیں قدم
خُونِ دل بہتا رہے گا چشمِ گِریاں کی طرح

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

چشمِ ما روشن دلِ ما شاد، آجائیں گے وہ!
گر اندھیری رات میں شمعِ شبستاں کی طرح

سُنبل و نسرین و نرگس اور جالبؔ کا کلام
یہ گلستاں کی طرح ہیں وہ بہاراں کی طرح!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "خ"

یہ تو کہیے آپ نے کھولی کہاں اُلفت کی شاخ
بندھ گیا لوگوں کا تانتا ہی جہاں اُلفت کی شاخ

شہر میں قصبہ میں ہر قریہ میں اور ہر گاؤں میں
ہر گلی کوچہ میں ہے وردِ زباں اُلفت کی شاخ

کرگس و زاغ و زغن اور عندلیبانِ چمن
ڈھونڈتے پھرتے یہاں ہیں اور وہاں اُلفت کی شاخ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

سایۂ اَوجِ سعادت سے نہیں کچھ کم ہے یہ
مونسِ جاں ور راحت کا نشاں اُلفت کی شاخ

عشق پیچاں، نازبُو، نرگس، چمن اور کوہسار
ساری دُنیا بن گئی جالبؔ دُکاں اُلفت کی شاخ؟

۱۲ اریحاں ۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "د"

تیرہ بختوں کیلئے رہبرِ کامل بے سُود!
موجِ گرداب سے ہے شکوۂ ساحل بے سُود
چشم گر پاک نہیں لاکھ زباں ہے شیریں
دلِ پژمُردہ کو یہ مُرشدِ کامل بے سود!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

یاد آتا ہے خدا وقتِ مصیبت یارو

عالمِ نزع میں یٰسین و حمائل بے سُود

سہل ہر کام ہے پر شرط ہے محنت ہمدم!

لااُبالی ہو تو پھر جوہرِ قابل بے سُود

شورِ محشر سے ہے بیزار بچارہ جالبؔ

آہ و زاری میں ہے آوازِ عنادل بے سُود

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ڈ"

کیا کروں کس سے کروں اظہار، لاڈ
بن گیا کس کے گلے کا ھار لاڈ
لے گیا ہے لُوٹ کر دل کا قرار
زندگانی پر ہوا ہے بار لاڈ!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

تین میں ہوں اور نہ میں تیرہ میں ہوں
ہو گیا ہے باعثِ آزار لاڈ!
جب کہ ہوتا ہے کسی کا سامنا!
یاد آتا ہے مری سرکار لاڈ!
ٹوکتے ہیں وہ مجھے ہر بات پر
اس رَوِش سے ہو گیا بیزار لاڈ!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

رنگ لائیں آپ کی تنہائیاں

بن گیا اِک وجہِ وصلِ یار لاڈ

کچھ تو کہیے جالِب دل گیر کو

ہوگیا کِس نازنیں سے پیار لاڈ!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ذ"

پالیا میں نے کِسی وعدہ شکن کا کاغذ
کِس عدالت کو میں بھیجوں یہ سمن کا کاغذ

ہائے کیا چیز ہے اے دوست غریب الوطنی
سال میں جاتا ہے اک بار وطن کا کاغذ

آج وہ اپنے تغافل پہ پشیماں ہوگا
لکھتا ہوں خونِ جگر سے یہ سُخن کا کاغذ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

دے گیا ڈاکیہ اک بند لفافہ مجھ کو!
ہے ضرور اس میں کسی غنچہ دہن کا کاغذ

دل و جاں رہن میں جالبؔ نے دیئے ہیں یارو
رکھو محفوظ یہ اُس سوختہ تن کا کاغذ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ر"

رازِ دل ہونے لگا ہے آشکار
لَب پہ نام آتا ہے اُن کا بار بار

سرنگوں رہتا ہوں اُن کے سامنے
کاش وہ سمجھیں مِرے دل کی پُکار

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

لاکھ دشمن ہوں مگر تم ساتھ دو
خوب آجائے گی اُلفت پر بہار

ہو گئے پیوست جُوں شیر و شکر!
درد دل میں یہ ترے نقش و نگار!

وعدہ کر تے ہیں مُکر جاتے ہیں لوگ
کیا کروں کس پر کروں اب اعتبار

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

بے بسی میں مِل گیا اک خضرِ راہ
تب سے بدلے ہیں مرے لیل و نہار

پوچھتا کیا ہے کہ جالبؔ کون ہے
یہ وہی ہے، تیرے جیون کا سنگھار

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ڑ"

کُچھ تو ظاہر کیجیے اِتنے تاُمّل کا نچوڑ
تاکہ سمجھوں میں بھی کُچھ اس تساہُل کا نچوڑ

بعدِ مُدّت ہو گئی مقبُول میری التجا
ہو گیا اُن پر عیاں میرے تحمُّل کا نچوڑ!

یہ تری محشر خرامی یہ ترا ناز و ادا!
ہے بلاشک اک طرح سے یہ گُل و مُل کا نچوڑ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اے خدا ایسے دلوں سے دوست و دشمن رکھ جدا
ہے تلوّن کام جن کا اور تطاوُل کا نچوڑ

کرتے ہیں خونِ تمنّا کتنی چھوٹی بات پر
کاش کہ وہ اب بھی سمجھیں اس تجاہُل کا نچوڑ

عشق بھی اب ہو گیا ہے کاروبارِ زندگی
زندگی ہے خواب جالبؔ اور تخیُّل کا نچوڑ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ز"

نہ ہوا مُجھ کو میسّر ترا دیدار ہنوز
تیرے ہاتھوں میں ہی دل میرا گرفتار ہنوز

آرزو یہ ہے کہ اے کاش اِدھر آجائیں
دیکھیے بیٹھے ہیں کِس تاک میں اغیار ہنوز

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

غُنچۂ دل نہ کھِلا کِس کی شکایت کیجیے
بے ثمر میری محبّت کے ہیں اشجار ہنوز

ایسے بھی لوگ ہیں جو نانِ جویں کی محتاج
ایسے بھی ہیں کہ جو ہیں مُنعم و زردار ہنوز!

کیا کہوں کِس کو سُناؤں یہ کہانی دل کی
رکھتا ہوں دل میں شکایات کا طُومار ہنوز

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مے لنڈھاتے ہیں قدح خوار خزاں ہو کہ بہار
مست و مدہوش پڑے ہیں ترے میخوار ہنوز

میرا مندر، مری مسجد، مری ہر شے جالبؔ
کوئی سائل، کوئی مائل نہ طلبگار ہنوز

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "س"

رمزِ حیات کیا کھُلے ناوک فگن کے پاس
بہتر ہے اس سے ہم چلیں اہلِ سُخن کے پاس

جلتے ہیں صبح و شام جہاں کیف کے چراغ
میلہ لگا ہوا ہے اسی سیم تن کے پاس !

اِتنا اُداس ہے دلِ درد آشنا مِرا
دم آ چلا غریب کا گویا دہن کے پاس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اپنا ٹھکانہ خاک ہوا اور مِٹ گیا!

باقی ہی کیا رہا ہے غریبُ الوطن کی پاس

پھُولوں کا ایک جشن ہے جوبن پہ ہے بہار

مِل جائیں کاش وہ کہیں سرو سمن کی پاس

جاؔلب بنالے تو بھی کسی دل میں اپنا گھر

بُلبُل نے آشیانہ بنایا چمن کے پاس!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ش"

مُجھ کو تیری گفتگُو کی ہے تلاش!

تُجھ کو اپنے رنگ و بُو کی ہے تلاش

خُوں بہایا کافر و دیں دار کا!!

اب کہو کس کے لہُو کی ہے تلاش!

ہے عیاں ہر شے میں ذاتِ ذُوالجلال

آنسوؤں میں آب جُو کی ہے تلاش

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کھِل گئے گُلشن میں زنگا رنگ گُل
یاسمن اور ناز بو کی ہے تلاش

چشمِ آہو، سروقد، حُسنِ ملیح!
رات دن اُس خُوبرو کی ہے تلاش

گُل بھی ہیں، ساقی بھی ہے، جالِب بھی ہے
اب فقط جام و سبُو کی ہے تلاش

۱۹۷۰ء ربحیاں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ص"

بحرِ دانش ہے آپ کا اِخلاص!
گنجِ بخشش ہے آپ کا اِخلاص!
گامزن کاروانِ حُسن وجمال
کیا نوازش ہے آپ کا اِخلاص
ناز کرتے ہیں سارے پروانے
شمعِ تابِش ہے آپ کا اِخلاص!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

یاد ہے داستانِ لُطف وکرم
اِک نِگارش ہے آپ کا اِخلاص
میری نَس نَس میں کر گیا جادُو
تاجِ پوشش ہے آپ کا اِخلاص
بزمِ احباب واقربا میں بھی
اِک تراوش ہے آپ کا اِخلاص

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

زندگی مہربان ہے مجھ پر!!
اِک سفارش ہے آپ کا اِخلاص

مہرو گُل سے زیادہ اے جالؔب
نازِ تابش ہے آپ کا اِخلاص

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ض"

جان اپنی دوں گا اُنکی زُلفِ پیچاں کی عِوض
کِس قدر ارزاں ہی سودا یہ مری جاں کے عِوض

دین و ایماں کر دیے قُرباں تیری نام پر
دیکھیے ملتا ہی کیا اب دین و ایماں کے عِوض

سارے ہم مشرب ہوئے رُخصت، اکیلے رہ گئے
ایک وحشت ہو گئی طاری شبستاں کے عِوض

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

امتحاں جتنے بھی لینے ہیں بلا شک لیجیے
کیا عنایت ہو گی مجھ پر اِس دبستاں کے عِوض

طبع کی شوخی ہوئی ہی باعثِ شرم و ملال
ہاتھ میں نے اُن کا پکڑا اُنکے داماں کے عِوض

اپنی غفلت کا اگر جالب یہی عالم رہا
پائیں گے خارِ مُغیلاں ہم گلستاں کی عِوض

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ط"

بے بسی میں دوستو آنسو بہانا ہے غلط

اپنے دل کی داستاں ہردم سُنانا ہے غلط

موسمِ گُل عیش کے دن، اہرہ بل[1] کا آبشار

اس فضا میں صبر میرا آزمانا ہے غلط

دیکھ کر وہ رُوئے زیبا کِھل گیا ہی دِل کا پھول

ایسی حالت میں شکایت لب پہ لانا ہے غلط

[1] اہرہ بل کشمیر میں ایک پُرفضا مقام کا نام ہے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کس قدر بے مثل ہیں یہ آپ کی رعنائیاں
مونسِ جاں ہے سبب آنکھیں دکھانا ہی غلط
چھٹ گئے ہیں غم کے بادل آگئے خوشیوں کے دن
رنج و غم کا رات دن قصہ سُنانا ہے غلط
دل جلانا اور ہے دل کا لبھانا اور ہے
اِس طرح جالبؔ کسی کا گیت گانا ہے غلط

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ظ"

لُطف و احساں ترا! خُدا حافظ
بس ترا آسرا! خدا حافظ

دین و ایماں گیا قرار گیا
زہد و تقویٰ گیا! خدا حافظ

قتل کرتی ہے بے گناہوں کو
آپ کی یہ ادا! خُدا حافظ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

دیکھ لیجے عدُو بھی کہتا ہے
کب تلک یہ جفا! خدا حافظ
آن کی آن میں یہ کیا طوفاں
ہوگیا ہے بپا! خدا حافظ
پارسائی کا بھر رہا ہے دم!
وہ پہن کر قبا! خدا حافظ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کھو دیا جب دَوا نے اپنا اثر
کھائی ہے سَنکھیا خدا! حافظ

تک رہا تھا میں راستہ تیرا
مِل گیا نقشِ پا! خُدا حافظ

سارے احباب تم کو اے جالبؔ
کہتے ہیں مرحبا! خدا حافظ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ع"

کر رہا ہوں کلام کی توسیع
یہ بھی ہے اک نظام کی توسیع

کام جتنا بڑھے یہ اچھّا ہے
لازمی ہے یہ کام کی توسیع

ہوگئے جمع تیرے دیوانے!
ہے ضروری مقام کی توسیع

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

نام روشن ہوا ہے چاروں طرف
کیجیے انتظام کی توسیع

تیرے تیور کچھ اور کہتے ہیں !
کر لے اب انتقام کی توسیع

تیری محفل سے اُٹھ گیا جالِبؔ
ہو گئی عام جام کی توسیع

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "غ"

خُوب پھل لائے ہیں یہ اشجارِ باغ
کتنے لذّت بخش ہیں اَثمارِ باغ
دل جَلوں کے زخم کِھلتے ہیں یہاں
خوب ہے یاں گرمیٔ بازارِ باغ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

جسطرح کشمیر میں نہریں ہیں عام
اَوج پر اتنا ہی ہے بازارِ باغ
آسماں سے بات کرتا ہے دماغ
دیکھ کر یہ شوخئ اظہارِ باغ
آبشار و کوہ اور دشت و جَبَل
بن گئے ہیں نقطۂ پَرکارِ باغ!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

میرا مدفن ہو کہیں اُس باغ میں
تا ابد قائم رہیں آثارِ باغ !

ذہن کی ہوتی ہے جالبؔ یاں جِلا
باعثِ الہام لالہ زارِ باغ!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ف"

کون ہے عشق و محبّت کی اَدا سے واقف
عالمِ پیچ و خمِ زلفِ دوتا سے واقف
میں نے اس بُت کی محبّت کو عبادت جانا
تھے مرے ہاتھ نہ آدابِ دُعا سے واقف

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اِس لئے رُوٹھ کے بیٹھے ہیں، مناؤں اُن کو
وہ سمجھتے ہیں کہ ہوں اُن کی ادا سے واقف

تم کو تو اپنی سخاوت کا بھرم رکھنا تھا
کیا ہوا، میں جو نہ تھا دستِ سخا سے واقف

جالبِ خستہ تو ہے صدق و صفا میں مشہور
ایک تم ہو کہ نہیں اُس کی وفا سے واقف

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ق"

کوئی دینے لگا اذانِ فراق
کر دو مسمار آستانِ فراق

خواب میں بھی اگر ملیں گے ہم
ٹوٹ سکتی ہے ریسمانِ فراق

جس قدر ہے گراں یہ جنسِ وفا
اُتنی لمبی ہے داستانِ فراق

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

جتنی میٹھی ہیں آپ کی باتیں !
اُتنی شیریں ہے یہ زبانِ فراق

قدردانوں سے کہہ دو اے جالبؔ
بیش قیمت ہے ارمغانِ فراق !

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ک"

محرومِ توجّہ ہوں اے بندہ نواز اب تک

کچھ بھی نہ ثمر لایا یہ راز و نیاز اب تک

ہندو کہ مسلماں ہوں ہوئے ہوں رند کہ صوفی ہوں

اک طُرفہ تماشا ہوں سربستۂ راز اب تک

شکووں نہ گِلوں کا ہے نغموں کا نہ آہوں کا

اِس رام کہانی کا قصّہ ہے دراز اب تک

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اَسرارِ محبّت کے اغیار یہ کیا جانیں !

تسلیم کا خُوگر ہے آئینِ نیاز اب تک

دل لے کے چلا جالِبؔ دامن کو جھٹک کر وہ

اے کاش نہ ہو جاتا مِنّت کشِ ناز اب تک

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "گ"

ساقی کی چشمِ ہوش رُبا سے خمار مانگ
ہر صبح و شام بادہ کا اک آبشار مانگ

دُنیا کی ہے طلب نہ ہے شہرت کی آرزو
کہتا ہے دل کہ باغِ سخن کی بہار مانگ

مشکل جب آپڑے کوئی گھبرا نہ جائے دل
شعلوں سے اپنے واسطے کوئی شرار مانگ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مقصود ہے حفاظتِ ذوقِ سلیم اگر
جاہلؔ سے تیر کی طرح راہِ فرار مانگ

گفتار ہو حلیم تو کردار ہو بلند!
جالبؔ خدا سے اسکی دُعائیں ہزار مانگ

ل حضرت سعدیؒ سے استفادہ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ل"

گردشِ روزگار میں ہے دل !

دَورِ لیل و نہار میں ہے دل !

گیسُوئے آب دار میں ہے دل !

کس کے بوس و کنار میں ہے دل !

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کس نے چھینا ہے میرا صبر و قرار
جامۂ تار تار میں ہے دل!!

دل لگانے کی بات کیا کیجیے!
ہر گھڑی کوُئے یار میں ہے دل

کِس کے بَل پر کروں نظر اُونچی!
کیا کہوں کس خُمار میں ہے دل!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

نظریں بکھری ہیں اُس کی زلفوں میں
اور اِک انتشار میں ہے دل ! !

پران ڈھیلے ہوئے ہیں جالبؔ کے
آپ کا کس شُمار میں ہے دل !

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "م"

کِس کو بتلائیے کہ کیا ہیں ہم

زِشت و خوبی کا آئینہ ہیں ہم

کوئی چھیڑے تو راگ بَن جائیں

ساز ہیں اور بے صدا ہیں ہم

ڈوبتی ناؤ کو بچا نہ سکے!

کیسے بدبخت ناخُدا ہیں ہم

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

غم کے بادل چھٹیں تو عرض کریں
کیسی اُلجھن میں مُبتلا ہیں ہم

دوست سنتے نہیں ہیں دل کی بات
اور دشمن کے ہمنوا ہیں ہم!

ہم ہیں رندوں میں رند اے جالِب
پارساؤں میں پارسا ہیں ہم!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

آگیا جب زُہرہ وَش بالائے بام!

بادلوں میں چھُپ گیا ماہِ تمام

تم نے حاصل کر لیا جب خُلق کو

مِل گیا حق سے تمہیں عالی مقام

آرزو یہ ہے کہ صدقِ دل کے ساتھ

تیری مالا ہم جپیں ہر صبح و شام

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ہے اداؤں میں خمارِ عاشقی
روز و شب رہتے ہیں گردش ہی میں جام

آگیا باتوں میں اُن کی دوستو!
ہے چھری جن کی بغل میں مُنہ میں رام

صُلح جُوئی پر تری جاؔلب ہوئے
مدح خواں اپنے پرائے خاص و عام

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ن"

لوحِ دل پر اب کہیں نقشِ وفا مِلتا نہیں
آشنا مِلتا تو ہے، درد آشنا مِلتا نہیں

دل کی دُنیا عشرتِ دیدار میں ہو جائے گُم
ایسا دن، ایسا زمانہ بارہا ملتا نہیں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

بندگی تیری ریاکاری میں ضم ہے محتسب

حق تو یہ ہے بندۂ صدق و صفا مِلتا نہیں

ٹھوکریں کھا کر پلٹ آتا ہی دشت و کوہ سے

رہ نوردِ عشق کو تیرا پتہ ملتا نہیں

اک جھلک دکھلا کے چُھپ جاتا ہی میرا آفتاب

سامنے آتا ہے لیکن برملا ملتا نہیں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

یہ زمیں آئی نظر عرشِ بریں کا آئینہ
حق کے پرتَو سے کوئی خاکی جُدا مِلتا نہیں

بستۂ غم ، پیکرِ غم ، کُشتۂ بیدادِ غم
غمزدہ جالِبؔ سا کوئی دُوسرا مِلتا نہیں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

نئے انداز سے عالَم سجایا جائیگا اک دن!

جہاں سے نقشِ پارینہ مِٹایا جائیگا اک دن!

زوالِ آدمِ خاکی نتیجہ ہے تنفّر کا!

محبّت کا یہاں پرچم اُٹھایا جائیگا اک دن

یہ حُسنِ سادگی ہے یا تصنّع کا کرشمہ ہے

تمہیں اے نازنینو! آزمایا جائیگا اک دن

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اگر یہ قصرِ ظلمت توڑ دینے کی قسم کھاؤ

چراغِ ہمّتِ مرداں جلایا جائیگا اک دن

یہی سازِ دِرا مُدّت سے جو خاموش ہے جالبؔ

ترے مضرابِ ہمّت سے جگایا جائیگا اک دن

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "و"

کیا کہوں تیری یاد آنے کو!

دل مچلتا ہے چوٹ کھانے کو!

خون پینے کو، رنج کھانے کو!

آگ لگ جائے اِس زمانے کو!

اُف رے تنہائیوں کا یہ عالم

طُول اتنا نہ دو فسانے کو!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

دِل کی دُنیا اُجاڑ کر توبہ
آگیا پھر وہ آزمانے کو !

میری دُنیا سنوارنے والا
خود ترستا ہے دانے دانے کو

کون دیتا ہے بے سبب ترجیح
نااُمیدی سے ڈوب جانے کو

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

تیرے قدموں کے نیچے کوئی جا
کاش مِل جائے سَر چھُپانے کو
کون سی وہ نَوا ہے جس سے یوں
لگ گئی آگ آشیانے کو!
تیری گُستاخیوں سے اے جاؔلِب
کیا سبق مِل گیا زمانے کو!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ہ"

آگیا ہوں پھر مِری سرکار دیکھ
میری چاہت اور میرا پیار دیکھ

ہے عیاں ہر شے سے حُسنِ جاوِداں
عاشِقوں کا یاں بڑا دربار دیکھ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

دل میں روشن ہیں ترے نقش و نگار
ہے اگر مقدور کوئے یار دیکھ
پڑ گئی ہے اوس سی اُمّید پر
خوف میں ڈوبی مری رفتار دیکھ
رازِ دل ہونے لگا ہے مجھ سے فاش
بیخودی میں گرمئ گفتار دیکھ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ساغرِ عشرت کہاں اور مے کہاں؟
زاہدوں کے فکر اور اذکار دیکھ

نور کا ٹکڑا ہے پیشانی تری!
حضرتِ جالبؔ کے بھی افکار دیکھ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ی"

نہ آہیں کھینچیے پیہم ادھر ہیں دُوسری غم بھی
نہ رونا روئیے اپنا یہاں ہیں اور ماتم بھی
میں نازک راستے پر چل رہا ہوں دیکھیے کیا ہو
کہ جنّت اک طرف ہے دُوسری جانب جہنّم بھی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

تلاش اُسکی ہے گُل میں، یاسمن میں، برقِ ایمن میں
کہ جس کو پا نہیں سکتی ہماری سعیِ پیہم بھی !

کسی کی زندگی سُکھ چین سے کٹنے نہیں دیتا
الٰہی کیا سراپائے حسد ہے ابنِ آدم بھی

دُعائیں دیجیے اُسکو کہ جس نے زخمِ دل بخشا
یہی اک آسرا ہے زندگی کا اور مرہم بھی !

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مُقدّر سے جو ساقی کی غلامی ہاتھ آ جائے
تو پھر آنکھوں سے گر جاتا ہے یار و ساغرِ جم بھی

خزاں کی فکر سے اپنا ہے دل غمگیں نہیں جالبِ
مآلِ خندۂ گُل سوچ کے روتی ہے شبنم بھی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اُٹھادے گی پردے محبّت کسی کی
کھُلے گی کسی دِن حقیقت کسی کی

بتُوں سے جو واعِظ کو نسبت نہیں ہے
تو ہم بھُول جائیں محبّت کسی کی

خدا کے لئے ہاتھ رکھّو نہ دل پر!
کہ اِس میں چھُپی ہے محبّت کسی کی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

سلامت رہیں یہ محبّت کی گلیاں
کہ اِن سے ہے وابستہ قسمت کسی کی

کئی رنگ دیکھے زمانہ کے جالِبؔ
حکومت کسی کی، سیاست کسی کی!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

محبّت کے ماروں نے دُھونی رمالی
صدا عاشقوں کی نہ اب جائے خالی
سبھی ایک ہیں، سب ہیں اولادِ آدم!
یہ ذاتیں خیالی، قبیلے خیالی!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

یہ گاندھی، وہ اجمل، جواہر وہ موتی!

یہ بھارت کی بیٹی، جواہر کی لالی!

ارادہ ترا ہے بلندی پہ مائل!

نہیں دُور تجھ سے مقاماتِ عالی!

گِلہ ابنِ آدم سے بس یہ ہے میرا!

کبھی یہ جلالی کبھی یہ جمالی!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ذرا دورِ حاضر کے انساں کو دیکھو
مُروّت سے عاری محبّت سے خالی
نہیں مردِ بے باک کو کچھ بھی پروا
کڑی دُھوپ ہو یا گھٹا کالی کالی!
اُسے آفریں جس نے سینے میں اپنے
وطن کی محبّت کی مشعل جلالی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

دلوں میں ہمیشہ وہ زندہ رہے گا!
کہ تقدیس جس نے وطن کی بچالی!

وطن کی محبّت میں جالب نے یارو
قلم سے الگ اپنی دُنیا بسالی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

نوحہ خوانی بھی نغمہ خوانی بھی
دیکھ لی اُن کی لَن ترانی بھی!
بن گیا آگ بہتا پانی بھی
کتنی لمبی ہے یہ کہانی بھی!
مُسکراہٹ مری اُنہیں ہے گراں!
کام آئی نہ چھیڑ[1] خانی بھی!

[1] بول چال کے طور پر استعمال کیا گیا۔ جالب

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

سادگی جس پہ بانکپن ہے نثار
دل بھی قربان اور جوانی بھی

تیرے جلووں میں بجلیاں رقصاں
اور اداؤں میں مہربانی بھی

غیر کے سامنے تمہاری نگاہ!
کرگئی مجھکو پانی پانی بھی!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

خوش کلامی کا تیری تھا اعجاز
چھٹ گئی دل سے بدگمانی بھی

رند ہوں پارسا ہوں میں کیا ہوں
کچھ سنوں آپ کی زبانی بھی

ہو میسّر نہ گر سکوں جالبؔ!
ہے عبث عمرِ جاودانی بھی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ردیف "ے"

گِنتے رہتے ہیں رات بھر تارے
کام کی بات کیا کریں پیارے
کون جانے سوائے اہلِ نظر
یہ خذف ہیں کہ ہیں گُہر پارے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

بے کسی نے بھی ساتھ چھوڑ دیا
اب اکیلے ہیں درد کے مارے
زندگی بھر نہ فکرِ فردا کی!
مستِ امروز ہی رہے پیارے
دست و پا ہو گئے ہوں شل جس کے
وہ محبّت میں تیر کیا مارے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

شمعِ محفل ہے اب نہ انجمُ و ماہ
غم کے ساتھی بچھڑ گئے سارے

تھے کبھی میرِ کارواں جالبؔ
آج بیٹھے ہیں وہ تھکے ہارے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کوئی لوٹا بھی ہے اِس رہ گزر سے!
ذرا یہ پوچھ لیجے راہبر سے!

حدیثِ درد اور افسانۂ غم!
رقم کیجے مرے خونِ جگر سے

جدھر جائیں وہی گھر کی سی وحشت
کِدھر جائیں بھلا اُکتا کے گھر سے!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مِرا جینا بہت بے لُطف ہوتا

نہ ٹکراتا اگر سر تیرے در سے

فروغِ حُسن کو کیا پوچھتے ہو

وہ آگے ہے بہت شمس و قمر سے

ربابِ امن و صُلحِ نوعِ انساں

چھڑا ہے سرزمینِ کاشمر سے !

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

سنبھلنے کا زمانہ ہے سنبھل جا!

نہیں تو دوستی کر چشمِ تر سے

قیامت ہے خرامِ ناز، جالبؔ

تجھے پالا پڑا کس فتنہ گر سے!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

محبّت کا عہدِ شباب آ گیا ہے
ستم یہ کہ مست و خراب آ گیا ہے
نگاہوں سے ملنے لگی ہیں نگاہیں!
مقامِ سوال و جواب آ گیا ہے
سرِ میکدہ چشمِ ساقی اُٹھی ہے
کہ گردش میں جامِ شراب آ گیا ہے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

بھلا نیند آئے تو آئے بھی کیسے!
تصوّر میں وہ بے نقاب آگیا ہے

بھلا کیوں ہو جالبؔ سوالی کسی کا
ترا فیض گر بے حساب آگیا ہے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

جنونِ عشق کو سوجھی ہے کیا یہ عقل کیا سمجھے
یہ منزل ابتدائی ہے جسے تم انتہا سمجھے
اسی امروز و فردا کی کشاکش نے ہمیں مارا
اشارے کو ہم اپنی فہم سے بانگِ درا سمجھے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وہی بندہ محبّت کا، وہی خالق مقدّر کا
دہکتی آگ میں جو کودنے کا مدّعا سمجھے

بدلتی ہیں اسی کی کوششِ پیہم سے تقدیریں
وطن کی خاک کو جو خاکِ پاکِ کربلا سمجھے

ارادہ ہو مصمّم وحدت و کثرت کے کیا معنی
مثالِ کوہکن تیشہ کو اپنا آسرا سمجھے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

بیاباں کی یہ رعنائی تجلّی کوہساروں کی
حقیقت کے نظارے ہیں نہ جانے لوگ کیا سمجھے

کمالِ فن میں ہے مُضمر حیاتِ جاوِداں جالِبؔ
خضر کو آبِ حیواں کا عبث ہم رہ نما سمجھے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مُسکرانا یاد ہے دامن بچانا یاد ہے
شُکر ہے اللہ کا تیرا ہِٹھکانا یاد ہے
بادلوں میں چاند چھُپنے کا زمانا یاد ہے
سایۂ گیسو میں تیرا مُنہ چھُپانا یاد ہے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کچھ پتہ بتلاؤ تو اُس خانماں برباد کا
رُوٹھ جانا اُس کا اور تیرا منانا یاد ہے

بے سبب مجھ سے ہوا جاتا ہے وہ دِلبر خفا
بھُولیئے مت! مجھ کو وہ ہنسنا ہنسانا یاد ہے

کوئی سمجھا دو کہ کیا ہیں یہ رمُوزِ دلبری!
راستے میں چلتے چلتے چوٹ کھانا یاد ہے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

عاشقِ مجبُور کا، مجذُوب کا، ناچار کا
بے طلب اٹھکھیلیوں سے دِل جلانا یاد ہے

فرقتِ جاناں ہی جالِبؔ باعثِ حُزن و ملال
حضرتِ یعقوبؑ کا آنسُو بہانا یاد ہے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

قطعات

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

محبّت اضطرابِ جاودانی
محبّت لازوال و غیر فانی
محبّت آسرا ٹوٹے دِلوں کا!
محبّت ہے کمالِ نکتہ دانی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

محبت سیم و زر کو چھوڑتی ہے
محبت نفرتوں کو توڑتی ہے!
محبت پر ہے قائم دل کی دنیا
محبت دو دلوں کو جوڑتی ہے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

بہارِ زندگی پھر لوٹ آئی

کہو یہ بات سب سیمیں تنوں سے

محبت ہی کریں شیخ و برہمن

محبت دوستوں سے دشمنوں سے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

یہ مانا کہ روزی مقرر ہے رب سے
کرو پیدا ات نہ عیش و طرب سے
عمل سہل کرتا ہے سب مشکلوں کو
چراؤ نہ دل محنتِ روز و شب سے

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

گر پاسِ حفظِ نفس ہے تو بوالہوس نہ بن
تو اک حسین پھول ہے تو خار و خس نہ بن
پہنچے نہ تیرے ہاتھ سے ہرگز کسی کو زخم!
پروانۂ شمعِ عشق کا بن جا مگس نہ بن

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

در حقیقت گردشِ ایّام ہے اک امتحاں
ٹل نہیں سکتا مقدّر لاکھ ہو آہ و فغاں

ایسی حالت میں بھی بالاتر ہو خودداری کی شاں
کچھ تو دنیا میں رہے باقی ترا نام و نشاں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کلیدِ گنج و عرفان و سعادت حضرتِ اقبال

رشادت اور بلاغت کا سمندر صاحبِ افضال

اگر نقشِ قدم پر اُن کے چلنے کی قسم کھائیں!

تو پھر موجِ حوادث سے نہ ہونگے ہم کبھی پامال!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

نہ کر دراز کسی کی طرف بھی دستِ سوال

نہ کر کسی کو بھی اپنا تو واقفِ احوال

نہ چھوڑ دامنِ انسانیت بہر صورت!

نہ بھول اہلِ خرد کے یہ قیمتی اقوال!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

خضر سے کہی یہ سکندر نے بات

پلادو کسی طرح آبِ حیات

اکارت گئیں اِس کی سب کوششیں

یہ میداں ہے کھائی جہاں اُس نے مات

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ہے کہیں کعبہ ، کہیں ہے سومنات

ہے کوئی دیوانۂ آبِ حیات

بُلبل و گُل میں کہیں راز و نیاز

کس قدر پُرپیچ ہے یہ کائنات

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

محبت نغمۂ دلچسپ و دل کش
محبت آشنائے حُسن و فطرت
محبت نفی کو کرتی ہے اثبات
محبت موجبِ تخلیق وحدت

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

تیری دُزدیدہ نظر نے مجھے مارا اے دوست!

ڈھونڈوں اِس حال میں کِس کِس کا سہارا اے دوست!

دینے آئے ہیں تسلّی مجھے لیکن اُن سے!

بات کرنا بھی نہیں مجھ کو گوارا اے دوست!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اُسی کی ذات ہے بس جاودانی
اور اُس کے ماسوا سب کچھ ہے فانی
تڑپ تھی دید کی موسےٰ کو لیکن
جواب آیا اُدھر سے لن ترانی

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مخمس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

صنوبر کی چھاؤں میں آ ٹھوں پہر
ہر اک غم سے غافل ہیں اور بے خبر
بہت کیف آگیں ہیں شام و سحر
کہاں ہے وہ صبحِ مسرّت مگر
بَسیرا کریں مثلِ شیر و شکر

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کبھی تھا ہمیں بھی تو نغموں سے پیار

اب آہیں لبوں پر ہیں بے اختیار

ہر اک غم کو اب کیسے کیجے شمار

کہاں ہے سکوں اے دلِ بیقرار

کوئی گیت گائے یہ مرغِ سحر

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

یہ صحنِ گلستاں یہ سرو سمن!

یہ باغ و بہار اور یہ کوہ و دمن

مگر دُور ہے مجھ سے سیمیں بدن

ہے ویران دل کی ابھی انجُمن!

خطاؤں کو کر دو مری درگزر

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

خوشی کی تمنّا نہ غم کا صِلہ
جدھر دیکھیے غم کا اک سِلسِلہ
سرِ شام بجُھتا کہیں ہے دِیا
کہیں شورِ محشر کا عالَم بپا
خُدارا کرو قصّہ اب مُختصر

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

خبر اُن کے آنے کی ہے مُعتبر
نظر سے ملی جب کہ اُن کی نظر

وہ اشجار ہی کیا جو ہوں بے ثمر
وہ محبوب کیا جو نہ ہو جلوہ گر

خدایا، مری آہ میں دے اثر

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مربع

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مسجد سے ربط نہ مندر سے

کِسریٰ سے پیار نہ قیصر سے

اُلفت ہے ہمیں اک دلبر سے

اُلفت سے دل معمور کریں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کچھ عِلم نہیں یہ دل کی لگن

کیوں کم ہے کیا ہوگی اَن بَن

رہتا ہے اِسی دُھن میں وہ مگن

اب دل کو کسی کے چُور کریں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

بدنام ہوئے مجبُوب ہوئے

رُوپوش ہوئے معتُوب ہوئے

قاصِد بھی سب مصلُوب ہوئے

مجبُور کو ہم مجبُور کریں!!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

نفرت سے مجھ کو نفرت ہے

ہر چیز سے پیار ہے چاہت ہے

دنیا پہ جو چھائی وحشت ہے

مِل کر اسے ہم کافور کریں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اے دشتِ وطن رشکِ گلشن

اے صاحبِ دل اے اہلِ وطن

اے شیرِ ژیاں بزغالہ نہ بن

کشمیر کو بُقعۂ نُور کریں!

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مدہوشی چھوڑ اب ہوش میں آ
اتنا تو کرم کر مت ترسا
آ خانۂ دل میں میرے سما
کچھ اپنی خلش کو دُور کریں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ہے کتنی رسیلی یہ ساعت
تم پاس ہو پیچ ہے ہر آفت
ہم کو جو تم سے ہے نسبت
دُنیا میں کیوں مشہور کریں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مِلنا ہے تجھے تو آ مِل جا

یا ملنے کی کچھ بات بتا

اقرار یہ تھا ہر صبح و مسا

آ شام شرابِ طہور کریں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ہے کیسا سُہانا صحنِ چمن

ہر سُو کلیاں، سبزہ، گلشن

میں صدقے کروں گا تن، من، دھن

گر ذکرِ دلِ رنجُور کریں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

گیت

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کوئلیا اک گیت سُنائے
بھَونرا پنچم سُر سے گائے
بُلبُل چہکے اور مُسکائے
پیار سے کوئی دل بہلائے

پیارا پیارا دیس سنوریا
پیارا پیارا دیس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

پریتم کی نہیں کوئی کھبریا
لگ گئی اُن کو کس کی نجریا
کوئی بتاؤ پی کی ڈگریا!
پریم کی رِم جھم برسے بدریا
پھر گیا دیس بدیس سنوریا
پھر گیا دیس بدیس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

آؤ ساجن اب تو آؤ

بُجھا ہوا دل تم بہلاؤ

دَم بھر بیٹھو اور مُسکاؤ

سُونے چمن کو اب مہکاؤ

کاہے بسے پردیس سنوریا

کاہے بسے پردیس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مِل گیا بالم اک سنیاسی
بن گئے ہم بھی بَن کے باسی
مِٹ گئی ساری دِل کی اُداسی
میں ہوں بس درشن کی پیاسی
گھر گھر دو سندیس سنوریا
گھر گھر دو سندیس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مَن کا مندر پڑا ہے سُونا!
یہ جینا بھی ہے کوئی جینا!
تُمرے دیا کی آس حسینا
چندر مُکھڑا اب نہ چھُپانا
دل کو لگے نہ ٹھیس سنوریا
دل کو لگے نہ ٹھیس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

جیون ہیں ہر ایک کے یکساں
رام ہے کوئی ، کوئی رحماں
پران ہے ہندو نا ہی مُسلماں
دین دھرم سے نرمل کلیاں
پہنو سُندر بھیس سنوریا
پہنو سُندر بھیس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

اپنے بَلم کی لے لوں بَلائیں
لاکھ جتن سے اُن کو منائیں
پتھّر دل کو موم بنائیں
آس ہے اُن کے مَن میں سمائیں
کوئی سنوارے کیس سنوریا
کوئی سنوارے کیس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

نینن میں یہ کون سمایا؟

کس نے کیوں یہ کھیل رچایا؟

مدھر تان سے من برمایا

اُلجھن میں ہے زلف کی چھایا

پھولوں کا یہ دیس سنوریا

پھولوں کا یہ دیس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

آئینۂ وطن

مسدّسِ جالبؔ

(ممتاز اہلِ وطن کا تعارف)

جالبؔ کاشمیری

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

گذارشِ احوال

آئینۂ وطن موسوم بہ مُسدّسِ جاؔلب کے کچھ بندوں میں جموّں وکشمیر کے متبرّک و پوِتّر مقامات اور روحانیت کے علمبرداروں کے نام اِس لیے آئے ہیں کہ ہر دل میں رَواداری و انسان دوستی کا جذبہ اُبھر آئے اور پروان چڑھے اور ہر شخص یہ سمجھے کہ انسانی قوالب جدا جدا ضرور ہیں، نام بھی جداگانہ ہیں لیکن اِن میں جو رُوح یا آتما ہے وہ رُوح کے نام سے ہی ہمیشہ پکاری جاتی رہی ہے اور تا ابد اسی نام سے پکاری جاتی رہے گی۔ پیدایشی طور پر کوئی انسان نہ ہندو ہوتا ہے نا ہی مسلمان، نہ سکھ ہوتا ہے نہ عیسائی۔ کسی کے ماتھے پر کسی مذہب یا مشرب کا کوئی نشان یا علامت نہیں ہوتی ہے۔ ہمارے بزرگ اسلاف نے کئی طریقوں سے نہ صرف اِس کا اظہار کیا ہے بلکہ اس کی آبیاری بھی کی ہے جو لوگ اس مقدّس جذبے سے سرشار ہیں وہ کبھی کوئی ایسا کام نہیں کرتے جس سے انسان دوستی کے وقار کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہو۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

قرآنِ پاک میں فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ، کی آیت میں جس کا مطلب یہ ہے کہ "کیا آپ نہیں دیکھتے کہ ہم نے انسان کو کس طرح پیدا کیا۔" یہ عیاں ہوتا ہے کہ خداوندکریم کا تخاطب انسان ہی کی طرف ہے۔ ذیل کے اشعار سے بھی یہ ہی کیفیت نظر آتی ہے:

بنی آدم اعضائے یکدیگرند
کہ در آفرینش زیک جوہر اند

روح با عقل است و با علم است کار
روح را با ہندو و مسلم چہ کار

حافظا گر وصل خواہی صلح کن با خاص و عام
با مسلماں اللہ اللہ، با برہمن رام رام

مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بَیر رکھنا
ہندی ہیں ہم، وطن ہے ہندوستان ہمارا

زندگی کیا ہے عناصر میں ظہورِ ترتیب
موت کیا ہے اِن ہی اجزا کا پریشاں ہونا

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

آج کل دُنیا کے بڑے بڑے سیاسی شعبدہ باز بین الاقوامی برادری کی زبان استعمال کرنے پر مائل ہو گئے ہیں اور اس کا اعتراف کرنا شروع کر دیا ہے کہ بنی نوع انسان کی سلامتی کا یہ اقتضا ہے کہ مذہب و رنگ و نسل کے امتیاز کو بیچ میں نہ لایا جائے اور انسان کو بس انسان سمجھ کر اس کے ساتھ انسانیت کا سلوک کیا جائے اور اس کو وہ دیا جائے جس کا کہ یہ مستحق ہے یعنی صلح و آشتی و پیار و محبّت کا گلدستہ۔

"آغاز تو اچھا ہے انجام خُدا جانے"

اس مُسدّس کے بندوں میں چونکہ سینکڑوں کی تعداد میں نام آئے ہیں، ناموں کو نظم کا جامہ پہنانے کے باعث بہت سے بندوں کے پہلے چار مصرع قوافی کی پابندی کا بوجھ برداشت نہ کر سکے۔ البتہ ہر بند کی اخیر کی بیت قافیوں سے کماحقہٗ آراستہ و پیراستہ ہے۔ اگر قوافی کی قید میں یہ بند مقیّد رہتے تو پھر ان میں وہ رُوح کارفرما نظر نہیں آتی جو اِن میں ہے اور ان کا اصل مقصد بھی فوت ہو جاتا۔

"دیوان" کے ایک حصّہ کے طور پر "مسدّس" شامل کرنے پر یہ خیال زیرِ بحث آیا کہ اس کو علیحدہ کتابی شکل میں بدیں توجہ شائع کیا جائے کیونکہ اس کا تعلّق صرف کشمیر سے ہے۔ کمالؔ صاحب نے "تاثّرات" میں اِس جانب اشارہ بھی کیا ہے۔ لیکن آجکل

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کی گراں بازاری کے زمانہ میں کسی کتاب کی کتابت، طباعت اور جلد بندی وغیرہ پر کیا لاگت آتی ہے۔ یہ وہی لوگ بہتر جانتے ہیں، جن کا اس کے ساتھ واسطہ پڑتا ہے۔ ویسے "دیوان" کا حصّہ الگ ہے "مسدّس" کا الگ۔ صرف جلد بندی دونوں کی ایک ساتھ ہوئی ہے جس سے کتاب کی لاگت میں کمی آگئی ہے۔ میرے خیال میں یہ کوئی نامناسب اقدام نہیں ہے۔

یہ درست ہے کہ "مسدّس" کا تعلق کشمیری نژاد افراد سے ہے۔ ہندوستان کے بہت سے زعماء یہ مانتے ہیں کہ کشمیر ہندوستان کا سر ہے۔ راشٹرپتا مہاتما گاندھی کو بھی قتل و غارت گری کے زمانے میں کشمیر ہی سے روشنی کی کرن نظر آئی تھی تو پھر تمام ہندوستانیوں کو اُن نامور افراد سے تعارف کرانے میں کیوں تاخیر کی جائے جو ابھی تک ان سے متعارف نہیں ہیں۔ دوسری بات یہ کہ اگر "مسدّس" کو علٰحدہ کتابی شکل دی جاتی تو میں دو کتابوں کے مُصنّف کی حیثیت سے مشہور ہو جاتا۔ لیکن میں نے اس شہرت کو اقتصادی رنگ میں جانچنے کے بعد یہ طے کیا کہ شہرت تو نصیبوں سے حاصل ہوتی ہے، تعداد کو اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ مشہور نہ ہوا تو نا سہی لیکن پڑھنے والے کو کتاب مناسب قیمت پر دستیاب ہونی چاہیے۔

"آئینۂ وطن" موسوم بہ "مسدّسِ جاآلب" میں کچھ برگزیدہ ہستیوں، سیاستدانوں، دانش وروں، شاعروں، ادیبوں، فن کاروں اور سیاسی کارکنوں کے نام آئے ہیں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

ان میں سے کچھ ایسی ہستیاں ہیں جن کو بین الاقوامی شہرت حاصل ہے، کچھ ایسی ہیں جو ہند و پاک میں مشہور ہیں، کچھ ایسی ہیں جن کے کارہائے نمایاں تو درکنار، اُن کے اسمائے گرامی سے بھی اہلِ وطن اِس وجہ سے پوری طرح آشنا نہیں یا تو وہ زمانے کی بوالعجبیوں کی وجہ سے بیزار بیٹھے ہیں یا محفلوں کی رونق اُن کو سُود مند نظر نہیں آتی یا وہ دُور دیہات میں رہتے ہیں یا اقتصادی بدحالی وکس مپرسی کی وجہ سے گُمنامی کی زندگی بسر کر رہے ہیں یا داعیِ اجل کو لبیک کہہ گئے ہیں۔ یہ طویل نظم ادبی یا معلوماتی محاسن کی حامل ہے کہ نہیں، یہ کام تنقید نگار حضرات کا ہے۔ البتہ میرے ضمیر نے مجھے یہ تحریک بخشی کہ اِن اصحاب کو نہ صرف اپنے ہم وطنوں بلکہ برِّ صغیر ہند و پاک کے رہنے والوں سے، کام کے لحاظ سے نہ سہی کم از کم ناموں سے تو متعارف کرادوں۔ یہ کوشش کہاں تک بارآور ثابت ہوئی ہے اِس کا فیصلہ قارئینِ کرام پر چھوڑتا ہوں اور ساتھ ہی اپنی بے بضاعتی کا اعتراف کرتا ہوں کہ شاید کچھ ایسی قابلِ ذکر ہستیوں کے اسمائے گرامی اس میں نہ آسکے ہوں جن سے اس نظم کی اہمیت میں مزید اضافہ ہوتا۔

جو کام اس تعلق میں میرے ہاتھوں عمل میں آیا ہے، دیکھنے میں تو یہ بڑا آسان دکھائی دیتا ہے مگر اس صبر آزما کام کے لیے وقت، محنت اور باقاعدہ سروے کی ضرورت ہے پھر اس کے وہ تمام لوازمات پورے ہوسکتے ہیں جس کی اس سے توقع کی جاسکتی ہے۔ مجھے اُمید ہے کہ اِس بہشت ارضی کے فاضل اہلِ قلم اِس ناچیز تصنیف سے بمصداق خُذْ مَا صَفَا دَعْ مَا کَدِر استفادہ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

کر کے آگے بڑھیں گے جو خامی یا کوتاہی اس میں رہ گئی ہے نہ صرف اِس پر غالب آئیں گے بلکہ اس میں اپنے معلومات افزا واقعات کا اضافہ کر کے اسے چار چاند لگانے میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھیں گے۔

وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

ہیچمداں

جَالِب کاشمیری

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

مُسدّس

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن اہلِ مروّت، پاکبازوں کا، شریفوں کا
وطن اَقطاب کا، اَبدال کا اور سرفروشوں کا
وطن احرار کا، اَبرار کا، پرہیزگاروں کا
وطن یہ منقبت خوانوں، سلاموں نعت خوانوں کا

خداوندا! مرا بھی نام لکھنا رستگاروں میں
اُٹھا دینا مجھے روزِ جزا طاعت گزاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن یہ عالموں کا، فاضلوں کا، اہلِ حکمت کا
وطن یہ فیلسوفوں کا، وطن اہلِ بصیرت کا
وطن یہ شاعروں، دانشوروں، اہلِ صحافت کا
وطن یہ صرفیوں اور نحویوں اہلِ فصاحت کا
جھلک عظمت کی حُرمت کی عیاں ہے ذی شعاروں میں
خزانے فکر و فن کے ہیں نمایاں ہوشیاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن یہ مرثیہ خواں، ذاکروں اور پاکبازوں کا

وطن یہ ریشیوں کا، صوفیوں کا، خانقاہوں کا

وطن یہ مندروں کا، مسجدوں کا، گُردواروں کا

وطن یہ تیاگیوں، سَنتوں کا، بھگتوں کا، شِوالوں کا

شکوہ ہے، خانقاہوں، مندروں میں، گُردواروں میں

توانائی ہے اس فرشِ زمیں کے خاکساروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن لدّاخیوں، کشمیریوں کا اور ڈُگروں کا
وطن ہندو مسلمانوں، کشپ ریشی کا، سکھّوں کا
وطن عیسائیوں کا، جینیوں، آتش پرستوں کا
وطن سادات کا ہے یہ، مَہنتوں اور بھگتوں کا

محبّت چاہئے بس مومنوں زُنّار داروں میں
مری تسکینُ ہے موقوف ایسے ہی سہاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن یہ جنگلوں کا اور برفیلے کہستاں کا

وطن گلمرگ کا یہ، اہرہ بل کی ارضِ تاباں کا

وطن یہ زعفرانی زاروں کا، نرگس کی بہاراں کا

وطن یہ جعفری، صد برگ، نیلوفر، گلستاں کا

گلوں میں تازگی آئی، نکھار آیا بہاروں میں

جوانی شوق سے پھر لوٹ آئی کوہساروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن یہ ہے صوّر، بُت تراشوں، کاشتکاروں کا
وطن یہ تار کش کاریگروں، ریشم کے تاروں کا
وطن یہ پارچہ، قالین بافوں زرنگاروں کا
وطن زردوز کی محنت کا یہ ہے سادہ کاروں کا
کئی سرمست ہیں، سرشار دلکش سبزہ زاروں میں
کئی بیزار ہیں، کچھ غرق آہوں میں پکاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن مخدوم[1] صاحب کا، پیام الدین[2] ریشی کا

وطن یہ نندہ[3] ریشی اور نصیب الدین[4] غازی کا

وطن داؤد[5] خاکی اور صرفی[6] للہ دیدی[7] کا

وطن بابا نصر[8] کا، بام دیں[9] کا، زینہ[10] ریشی کا

نبیؐ برحق کا ارفع مرتبہ ہے چار یاروں میں

دِلوں پر ہے منقش نام اُن کا دل فگاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ شیخ المشائخ سلطان العارفین مخدوم صاحبؒ سرینگر، کشمیر
۲۔ بابا پیام الدین ریشی صاحبؒ، گلمرگ، کشمیر
۳۔ شیخ نورالدین نورانیؒ علمدارکشمیر، چرار شریف
۴۔ بابا نصیب الدین غازیؒ ولی وفارسی کے مشہور شاعر۔ بیجباڑہ، کشمیر
۵۔ بابا داؤد خاکیؒ خلیفہ سلطان العارفین مخدوم صاحبؒ۔ سرینگر، کشمیر
۶۔ خواجہ یعقوب گنائی صرفی المعروف ایشاں صاحبؒ، مشہور عالم، محدّث وفارسی شاعر سرینگر، کشمیر
۷۔ کشمیر کی مشہور شاعرہ، للّہ عارفہ۔ جن کا کلام روحانیت وعرفان سے مالامال ہے۔
۸۔ بابا نصر صاحب خلیفہ شیخ نورالدینؒ نورانی، علمدارکشمیر
۹۔ بابا بام دینؒ خلیفہ شیخ نورالدین نورانیؒ، علمدارکشمیر
۱۰۔ بابا زین الدین ریشی خلیفہ شیخ نورالدینؒ نورانی، علمدارکشمیر

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن حاجی مُراد[1]، اسرار[2] شاہ کا، ریشہ[3] مالو کا
وطن سُلطان زین العابدین[4] معروف بڈشاہ کا
وطن یہ ہے سخی[5] جانباز کا اور بٹہ[6] مالو کا
وطن یہ ہے قلندر[7] کا، قمر[8] صاحب کا، میرک[9] کا

اُبلتے ہیں یہاں عرفاں کے چشمے کوہساروں میں
بلا کی خاکساری آگئی ہے تاجداروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ زیارت سیّد حاجی مُرادؒ، کریری پٹن۔ کشمیر

۲۔ زیارت اسرار شاہ صاحبؒ، کشتوار

۳۔ زیارت ریشہ مالو صاحبؒ، اسلام آباد۔ کشمیر

۴۔ کشمیر کے ایک مشہور ہر دل عزیز، منصف مزاج اور درویش صفت بادشاہ

۵۔ زیارت سخی جانباز ولیؒ خانپورہ، بارہ مولہ۔ کشمیر

۶۔ زیارت بٹہ مالو صاحبؒ بٹہ مالنہ۔ سرینگر۔ کشمیر

۷۔ زیارت شاہ قلندرؒ، گاندربل۔ کشمیر

۸۔ زیارت قمر صاحبؒ، گاندربل۔ کشمیر

۹۔ (الف) میرک شاہ کاشانیؒ مشہور بزرگ صوفی، شالیمار۔ کشمیر

(ب) سیّد میرک شاہ اندرابی، فاضل دیوبند، سرکردہ عالم دین۔
بانیٔ اوّل انجمن معین الاسلام، سوپور۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن یہ وشنو دیوی، مٹن، روگناتھ مندر کا
وطن یہ کھیر بھوانی کا، ہنوماں اور بھیرو کا
وطن یہ پنڈتوں کا، برہمنوں کا، راجپوتوں کا
وطن یہ کوتوالوں اور دیوانوں، وزیروں کا

دماغ و دل ہیں گیتا اور قرآں کے سپاروں میں
مرے دل کو ملی ہے روشنی پرہیزگاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ ویشنو دیوی کا مہا استھان کٹڑہ جموں۔ جہاں لاکھوں کی تعداد میں یاتری ہر سال ہندوستان کے مختلف مقامات سے درشنوں کے لئے آتے ہیں۔
۲۔ مٹن کشمیر کا مشہور مندر ہے، یہاں کے پجاری بہت مشہور ہیں۔
۳۔ جموں کا مشہور مندر، لاکھوں لوگ درشن کے لئے آتے ہیں۔
۴۔ کھیر بھوانی کشمیر کا مشہور تیرتھ، لاکھوں لوگوں کے درشنوں کا تیرتھ۔
۵۔ کشمیر کا ایک مشہور مندر ہے۔
۶۔ کشمیر کا ایک مشہور مندر ہے۔
۷۔ کشمیری ہندوؤں کا ایک معزز خطاب، پنڈت کے لغوی معنی ہیں عالم، مُعلّم اور وِدوان۔
۸۔ برہمنوں کے بارے میں یہ مشہور ہے کہ یہ علم اور وِدیا کے اتھاہ سمندر ہیں۔
۹۔ راجپوت اپنی بہادری، وفاداری اور صاف گوئی کے لئے مشہور ہیں۔ ریاست جموں وکشمیر کے مہاراجگان اسی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ کئی فوجی جنرل اِس خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔
۱۰۔ کوتوالوں کا خاندان اپنی شرافت اور حلیمی کی وجہ سے ممتاز درجہ رکھتا ہے۔ یہ خاندان زیادہ تر جموں صوبہ میں آباد ہے۔ اِس خاندان کے کئی افراد ممتاز عہدوں پر کام کرتے ہیں۔
۱۱۔ دیوانوں کا خاندان بھی بہت مشہور ہے، یہ بھی ممتاز عہدوں پر فائز رہا ہے، کسی زمانہ میں حکومت کی آمدنی میں سے اِن کو کچھ حصہ ملتا تھا۔
۱۲۔ وزیروں کا خاندان شرافت، حلم اور حسنِ اخلاق میں ریاست بھر میں مشہور ہے۔ جسٹس جانکی ناتھ وزیر، وزیر گنگا رام سابق منسٹر۔ وزیر رام سرن داس سابق ایم۔ ایل۔ اے، اسی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن یہ شاہ انور[۱] کا، ثنا[۲] کا اور بانڈی[۳] کا
وطن خواجہ[۴] کا یہ ہے، میر واعظ[۵] خانقاہی کا
وطن حسنین[۶] کا، سیّد عطاء اللہ[۷] بخاری کا
وطن یٰسین[۸]، دیوا[۹] کا، عنایت[۱۰] کا، قریشی[۱۱] کا

رواں ہونے لگے ہیں میٹھے چشمے ریگزاروں میں
دواں ہے علم و عرفاں کا سمندر جوئباروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ شیخ الحدیث مولانا محمد انور شاہ صاحب درنو لولاب کشمیر۔

۲۔ (ا) مولانا ثناء اللہ سابق ایڈیٹر "اہلحدیث" امرتسر، مشہور مناظر۔
(ب) میر ثناء اللہ کریری، پٹن کشمیر، مشہور لغت گو کشمیری شاعر۔
(ج) ماسٹر ثناء اللہ راموہ پلوامہ، سیاسی کارکن سابق ایم۔ایل۔اے۔
(د) ثناء اللہ بٹ۔ پٹن سابق ذیلدار، تحریک آزادی کے ہمدرد و فیاض طبیعت بزرگ۔

۳۔ (ا) عبدالرحیم بانڈی، مجاور درگاہ شریف حضرت بل۔ سرینگر۔
(ب) حسام الدین بانڈی، سیاسی کارکن۔ درگاہ شریف حضرت بل۔ سرینگر۔
(ج) نورالدین بانڈی مجاور درگاہ شریف حضرت بل۔ سرینگر۔
(د) اکرم شاہ بانڈی۔ بالغ نظر بزرگ جانباز جدِ بزرگوار عبدالرشید بانڈی اناؤنسر ریڈیو کشمیر۔
(ھ) غلام قادر بانڈی سیاسی رہنما پونچھ
(و) محمد یاسین بانڈی، سیاسی کارکن حضرت بل کشمیر۔
(ز) محمد خلیل بانڈی، شوپیان۔ سیاست کار والدِ بزرگوار عبدالمجید بانڈی۔ ایم۔ایل۔اے۔ شوپیان۔
(ح) نورالدین بانڈی سیاسی کارکن محکمہ ٹرانسپورٹ سے وابستہ ہیں (ط) محمد دین بانڈی سیاسی کارکن پونچھ۔ سابق منسٹر۔

۴۔ (ا) خواجہ علی شاہ بچھ، سیاست کار سابق نائب مشیر مال۔ سرینگر
(ب) خواجہ غلام محمد شاہ بچھ ایڈوکیٹ و سیاسی کارکن، سرینگر۔
(ج) خواجہ علی شاہ مالک السن موٹرس تحاریک کے مالی مددگار۔

۵۔ (ا) مولانا میر واعظ احمد اللہ ہمدانی سرینگر (ب) مولانا میر واعظ غلام نبی ہمدانی سابق ایم۔ایل۔اے سرینگر
(ج) غلام محی الدین ہمدانی شیخ کابینہ میں وزیر رہ چکے ہیں۔ (د) طاہر ہمدانی ایڈیٹر ہفت روزہ ینادور سرینگر

۶۔ ڈاکٹر فدا محمد حسنین ڈائرکٹر آرکائز اینڈ ریسرچ۔ مشہور فاضل قلمکار۔ سرینگر

۷۔ (ا) سید عطاء اللہ شاہ بخاری مشہور خطیب و احرار لیڈر، امرتسر۔
(ب) عطاء اللہ شاہ بخاری۔ کریری پٹن۔ ایک باا‌ثر شخصیت تھی۔
(ج) عطاء اللہ سہروردی ڈوڈہ۔ سیاسی رہنما (د) سید حبیب سابق ایڈیٹر "سیاست" لاہور۔
(ھ) سید احمد سعید سیاسی کارکن نارہ بل (و) سید حسین ممتاز سیاسی کارکن ڈورو چیرمین قانون ساز کونسل

۸۔ (ا) مولوی محمد یٰسین سوپور، مشہور سیاسی کارکن و خطیب۔
(ب) محمد یٰسین نارہ بل معلم و سیاسی کارکن (ج) محمد یٰسین خاں صاحب سیاسی کارکن۔

۹۔ (ا) عبدالقدوس آزاد، دیوا۔ سیاسی کارکن اسلام آباد کشمیر۔
(ب) عبدالسلام دیوا۔ کارکن۔ اسلام آباد۔

۱۰۔ (ا) مولوی عنایت اللہ کریری پٹن۔ خطیب و سیاست کار۔
(ب) خواجہ عنایت اللہ ککرو مشہور مفکر و رئیس خواجہ عبدالصمد ککرو بارہ مولہ کے فرزند ارجمند۔
(ج) سید عنایت اللہ جوکر سیاسی کارکن۔

۱۱۔ (ا) حکیم امین الدین قریشی۔ سیاست کار و معالج۔
(ب) محمد یوسف قریشی۔ سیاست کار۔ حال پاکستان۔
(ج) محمد شفیع قریشی سیاست کار۔ ڈپٹی منسٹر ریلویز۔ حکومت ہند۔
(د) محمود الحسن قریشی، سیاسی کارکن۔ اب محکمہ انڈسٹریز سے وابستہ ہیں۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن اقبال[1]، آغا حشر[2] کا، شورش[3] کا، یورش[4] کا
وطن داراب[5] کا، غالب[6]، غنی[7] کا اور تبسم[8] کا
وطن چکبست[9]، مومن[10] اور کیفی[11]، سنگرامی[12] کا
وطن حسرت[13] کا، سالک[14]، شیخ[15] کا، تاثیر[16]، فانی[17] کا

نہاں اک حسن ہے کشمیر کا اِن گلعذاروں میں
سراپا سوزِ دل ہے اور ترنّم آبشاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ شاعرِ مشرق علامہ ڈاکٹر محمد اقبالؒ۔

۲۔ انڈین شیکسپیئر آغا حشر کاشمیری۔

۳۔ آغا شورش کاشمیری۔ ایڈیٹر "چٹان" لاہور۔

۴۔ آغا یورش کاشمیری، آغا شورش کے برادرِ اصغر۔

۵۔ محمد امین دار آب، فارسی شاعر سرینگر۔ مرتب دیوان ملا طاہر غنی کاشمیری۔

۶۔ میرزا اسد اللہ خاں غالب، جن کی والدہ ماجدہ کشمیری نژاد تھیں۔

۷۔ مُلا طاہر غنی کاشمیری، ممتاز صاحبِ دیوان فارسی شاعر۔

۸۔ (ا) صوفی غلام مصطفےٰ تبسم ممتاز اُردو شاعر لاہور (ب) مشتاق تبسم ایم۔اے، ادیب ٹینگی پورہ سرینگر۔

۹۔ برج نرائن چکبست ممتاز اُردو شاعر۔

۱۰۔ حکیم مومن خاں مومن دہلوی۔ ممتاز اُردو شاعر۔

۱۱۔ علامہ دتاتریہ کیفی دہلوی۔ ممتاز اُردو شاعر و ادیب۔

۱۲۔ وہاب سیب، مشہور ہجو گو، فارسی شاعر۔ سنگرامہ سوپور کشمیر۔

۱۳۔ چراغ حسن حسرت، سندباد جہازی کے نام سے اُردو صحافت کا مشہور کالم لکھتے تھے۔

۱۴۔ (ا) عبدالمجید سالک صحیفہ نگار اخبار "زمیندار" و "انقلاب" لاہور (جو حاجی لق لق کے نام سے مزاحیہ مضامین بھی لکھتے تھے)
(ب) سالک کشمیری شاعر سرینگر کشمیر۔

۱۵۔ (ا) شیخ عبدالحمید ایڈوکیٹ سابق سیاسی رہنما جموں (ب) شیخ احمد دین سیاسی کارکن بانہال۔
(ج) شیخ محمد مقبول وکیل سیاسی کارکن بارہ مولہ (د) شیخ تجمل الاسلام ادیب۔ سرینگر۔
(ھ) شیخ غلام رسول سیاسی کارکن سابق ایم۔ایل۔اے۔ شوپیان (و) شیخ عبدالجبار سیاسی کارکن گاندربل
(ز) شیخ محمد منصور سیاسی کارکن شوپیان۔ کشمیر۔

۱۶۔ (ا) ڈاکٹر محمد الدین تاثیر۔ ممتاز اردو شاعر و ادیب۔ سابق پرنسپل ایم۔او۔ کالج۔ امرتسر
(ب) رشید تاثیر ایڈیٹر ہفتہ وار "محافظ" سرینگر۔ قلمکار تحریکِ حریتِ کشمیر۔

۱۷۔ (ا) فانی کاشمیری۔ فارسی کے ممتاز شاعر۔ مصنف مثنوی "ناز و زیبا"۔ مثنوی "میخانہ"
مثنوی "مصدر الآثار"۔ مثنوی "ہفت اختر"
(ب) پیتامبر ناتھ فانی۔ مشہور کشمیری شاعر۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن شمس[1] و قمر[2] اور ماہ[3]، سوپوری[4] کا، پرتو[5] کا

وطن مہجور[6] کا، آزاد[7] کا، ہے کرالہ واری[8] کا

وطن محمود گامی[9]، نعمہ صاحب[10] اور فطرت[11] کا

وطن یہ نازکی[12] کا، برق[13] کا، نادم[14] کا، عارف[15] کا

محبّت گل کھلا دیتی ہی شعلوں میں شراروں میں

چھپی ہیں سینکڑوں عنائیاں اس کی بہاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱؎ کشمیر کے سربرآوردہ صوفی شاعر شمس فقیر۔
۲؎ خواجہ غلام محی الدین قمرؔ فارسی اُردو شاعر۔ محکمہ مال سے وابستہ تھے۔
۳؎ پنڈت وشوا ناتھ ماہ۔ کشمیری۔ عالم۔ فاضل و مصنف
۴؎ (ا) رحیم صاحب سوپوری۔ مشہور کشمیری صوفی شاعر۔ سوپور کشمیر۔
(ب) شمبھو ناتھ سوپوری۔ مشہور مغنیؔ (ج) بھجن لال سوپوری سنطور نواز۔
۵؎ مرزا سیف اللہ بیگ پرتو کرالہ وڈہ پٹن اُردو کشمیری شاعر۔
۶؎ مشہور و معروف کشمیری شاعر، پیرزادہ غلام احمد مہجور۔
۷؎ (ا) مشہور ترقی پسند کشمیری شاعر عبدالواحد آزاد۔
(ب) سردار ہربنس سنگھ آزاد بارہ مولہ۔ سابق سپیکر و منسٹر۔ پنجابی کے شاعر۔
(ج) غلام رسول آزادؔ سابق ایم۔ ایل۔ سی۔ ناظمِ تعلیمات کشتواڑ۔
(د) عبدالرحمٰن آزاد، مدیر ہفت روزہ "سرچشمۂ حیات"۔ پلوامہ۔ کشمیر۔
(ھ) سید عبدالقدوس آزاد، سیاسی کارکن سابق ممبر اسمبلی۔ نارہ بل۔
۸؎ پیر مقبول شاہ کرالہ واری مشہور کشمیری شاعر، مصنف مثنوی گلریز"۔ "گریست نامہ"۔ "بہار نامہ"
۹؎ محمود گامی مشہور کشمیری شاعر۔
۱۰؎ نعمہ صاحب مشہور کشمیری شاعر۔
۱۱؎ سید مبارک شاہ فطرتؔ۔ فارسی، اُردو، کشمیری شاعر۔ نقاد و ماہر موسیقی۔ مصنف "رُباعیاتِ فطرت" "بیاضہائے فطرت"۔ "رشحاتِ فطرت"۔ "زمزمۂ فطرت"۔ وغیرہ۔
۱۲؎ میر غلام رسول نازکیؔ ممتاز کہنہ مشق اُردو و کشمیری شاعر و ادیب۔ فاروق نازکی اور رشید نازکی ان کے لواحقین میں سے ہیں، یہ بھی ادیب اور شاعر ہیں۔
۱۳؎ عبدالحق برق مشہور اردو شاعر، ریڈیو کشمیر و جالندھر سے وابستہ رہے ہیں۔
۱۴؎ (ا) دینا ناتھ نادمؔ، ممتاز کشمیری شاعر۔ سوویت لینڈ نہرو ایوارڈ کے حامل ہے۔ ۳۲۔ جواہر نگر، سرینگر۔
(ب) عبدالاحد نادمؔ۔ مشہور نعت گو شاعر۔ بانڈی پور۔
۱۵؎ (ا) میرزا غلام حسن بیگ عارفؔ ممتاز کشمیری رُباعی گو شاعر سابق ڈائرکٹر محکمہ غنچۂ ابریشم۔ عارف منزل۔ برزلہ۔ سرینگر۔
(ب) غلام رسول عارف۔ مشہور صحافی و سیاست کار۔ مدیر روزنامہ "ہمدرد" سرینگر۔
(ج) غلام محمد عارف اردو شاعر و ادیب۔ عرائض نویس بارہ مولہ کشمیر۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن شہ زور[۱] کا، رنجور[۲]، طالب[۳]، میر[۴]، اشرف[۵] کا

وطن سوچھ کرال[۶]، نامی[۷] اور خادم[۸]، بٹہ واری[۹] کا

وطن خوشباش[۱۰] کا، منصور[۱۱]، غمگیں[۱۲] اور شبنم[۱۳] کا

وطن دِلسوز[۱۴]، ہاکر[۱۵] کا، پرے[۱۶] کا، جوش[۱۷]، ٹھاکر[۱۸] کا

سکونِ قلب کی ہے جستجو پھولوں میں خاروں میں

درختوں، جنگلوں، سرو و سمن میں، بیدزاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ خواجہ غلام قادر شہ زور کشمیری ممتاز اُردو شاعر۔ سرینگر۔

۲۔ (ا) عبدالستار رنجورؔ، کشمیری شاعر، سکریٹری کمیونسٹ پارٹی کشمیر (ب) غلام نبی شاہ رنجورؔ پلوامہ مصنف "ترانۂ رنجورؔ" بزبان کشمیری۔ ایڈیٹر "ہمارا کشمیر" سرینگر (ج) رنجورؔ تیلہ گام پٹن، کشمیری شاعر۔

۳۔ (ا) پروفیسر نندہ لال طالب۔ فارسی و اُردو شاعر۔ سرینگر (ب) عبدالرحمان شاہ طالب شوپیاں۔ کشمیری شاعر۔ (ج) غلام محمد طالب واری پورہ پٹن، اُردو ادیب (د) طالب حسین سیاسی کارکن راجوری۔

۴۔ رسول میر ممتاز رنگیں نوا کشمیری شاعر۔

۵۔ اشرف ساحل۔ اُردو شاعر۔

۶۔ سوچھ کرال۔ ممتاز کشمیری صوفی شاعر مصنف "بد کار پانو" وغیرہ۔

۷۔ محمد اسماعیل نامی۔ مشہور کشمیری شاعر مصنف جنگِ اُحد و جنگِ خندق" بزبانِ کشمیری۔

۸۔ (ا) منشی غلام محمد خادمؔ۔ سوپور۔ مشہور ادیب و شاعر (ب) منورؔ خادمؔ۔ شاعر۔

۹۔ احمد بٹہ واری۔ مشہور کشمیری شاعر۔

۱۰۔ غلام محی الدّین خوشباش، رتنی پورہ۔ پلوامہ۔ مصنف "معجزۂ یمن" بزبان کشمیری۔

۱۱۔ ایس۔ اے۔ رحمان منصور۔ بلہ پورہ سنوار۔ سرینگر۔ مصنف "پھولہ وَن پوشؔ" بزبانِ کشمیری۔

۱۲۔ (ا) حکیم غلام محی الدّین غمگینؔ کرن نگر۔ مصنف "داستانِ عشق" بزبانِ کشمیری۔ (ب) غلام محمد غمگین تیلہ گام۔ پٹن۔ کشمیری شاعر۔ (ج) غلام محمد غمگین شیرہ پورہ۔ پٹن۔ کشمیری شاعر۔ (د) غمگینؔ اندرابی۔ ادیب۔ سرینگر (ہ) غمگین بارہ مولہ۔ کہانی کار۔

۱۳۔ (ا) اومکار ناتھ شبنم بیجباڑہ۔ کشمیری شاعر (ب) قیوم شبنم۔ سرینگر، صاحبِ تصنیف، افسانہ نگار۔

۱۴۔ غلام نبی دلسوز۔ مصنف "کلامِ دلسوز"۔ بزبان کشمیری۔ سرینگر۔

۱۵۔ ہاکر عبدالاحد بخشی بابا ڈیمب سرینگر۔ مصنف "لولہ تب"۔ "تولک صدا"۔ "جاب دل" وغیرہ۔ بزبانِ کشمیری۔

۱۶۔ (ا) کشمیر کے فردوسی وہاب پرے حاجنی مصنف "شاہنامۂ فردوسی" بزبانِ کشمیری۔ کشمیر کے رزمیہ نگار شاعر۔ ان کی اور کئی تصانیف ہیں۔

(ب) پروفیسر غلام محی الدین حاجنی۔ ممتاز ادیب۔ قلمکار، مفکرؔ و مصنف۔

(ج) عبدالعزیز پرے۔ سیاسی کارکن و ایم۔ ایل۔ اے۔ حاجن۔

(د) عبدالعزیز پرے۔ سیاسی کارکن پلہالن۔

۱۷۔ غلام رسول جوشؔ۔ کشمیری شاعر۔

۱۸۔ (ا) جگن ناتھ ٹھاکر پونچھی۔ جموّں۔ مشہور ناول نگار و کہانی کار۔ اسسٹنٹ نیوز ایڈیٹر آکاش وانی۔ دہلی۔

(ب) عبدالغنی ٹھاکر۔ مشہور کشمیری شاعر۔

(ج) راج ایس۔ ٹھاکر۔ ایڈیٹر ہفت روزہ "ہم زبان"۔ جموّں۔

(د) غلام احمد ٹھاکر۔ سیاسی کارکن۔ کہی ٹنگن۔ بارہ مولہ۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن یہ حامدی[۱] کا، پال[۲] کا، نسریں[۳] کا، مقبل[۴] کا

وطن یہ سوز[۵] کا، طاؤس[۶] کا، قیصر قلندر[۷] کا

وطن خاموش[۸] کا، رضوی[۹] کا، انصاری[۱۰] کا، بلبل[۱۱] کا

وطن سائِف[۱۲]، حقانی[۱۳]، عرش[۱۴]، سیفی[۱۵] اور تائب[۱۶] کا

بچھا ہے فرشِ مخمل ہر طرف ان سبزہ زاروں میں

کہ اک تاریخ بکھری ہے یہاں کے کوہساروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ ڈاکٹر حامدی کشمیری۔ ممتاز اردو ادیب و شاعر۔ سرینگر۔

۲۔ (ا) محمد رمضان پال، اُستاد، شاعر و ادیب۔ سرینگر۔

(ب) محمد عبداللہ پال۔ ایڈیٹر ہفت روزہ "ندائے کشمیر" سرینگر۔

۳۔ نسرین صلاتی۔ نوجوان کشمیری شاعرہ۔ سرینگر۔

۴۔ غلام احمد مُقبلؔ۔ اردو و کشمیری شاعر۔ سرینگر۔

۵۔ سیف الدین سوزؔ، ادیب و ممتاز سماجی کارکن۔ بارہ مولہ۔

۶۔ خواجہ غلام محمد طاؤس پانپور۔ ممتاز اُردو شاعر و ادیب سکریٹری ٹو گورنمنٹ ہوم ڈیپارٹمنٹ

۷۔ قیصر قلندر۔ مشہور اردو شاعر و ماہر موسیقی۔ سرینگر۔ ڈائرکٹر امرتسر ٹیلی ویژن۔

۸۔ عبد الجبّار خاموش، کریری پٹن کشمیری شاعر۔

۹۔ سیّد محمد رضوی دلنہ۔ بارہ مولہ۔ ممتاز اردو و کشمیری شاعر۔

۱۰۔ حسین علی تنہاؔ انصاری۔ دلنہ، بارہ مولہ۔ ممتاز اُردو و کشمیری شاعر۔

۱۱۔ (ا) غلام علی بلبل۔ بانڈی پورہ، اُردو شاعر۔ حال لندن۔

(ب) لچھمن کول بلبلؔ۔ شاعر و مصنّف۔

۱۲۔ حکیم غلام الدین سائف۔ کھور پٹن۔ ممتاز فارسی شاعر۔

۱۳۔ پیر عزیز اللہ حقانی سُویہ بوگ۔ ممتاز کشمیری شاعر کئی کتابوں کے مصنّف ہیں۔

۱۴۔ عرش صہبائی۔ جمّوں۔ ممتاز اردو شاعر۔

۱۵۔ سیف الدین سیفی۔ سوپور۔ ممتاز اُردو شاعر، محکمہ تعلیمات سے وابستہ ہیں۔

۱۶۔ عبد الغفّار تائب پٹنوی ثم بارہ مُولوی۔ ممتاز شیریں بیان فارسی شاعر اور عالِم۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن فاضل[1] کا، پرمانند[2] کا، ناجی منوّر[3] کا
وطن ناظر[4]، صمد[5]، مشتاق[6]، سیلانی[7] کا، عابد[8] کا
وطن مجبور[9]، دینو[10] کا، رسا[11]، ارمان[12]، دھیرج[13] کا
وطن عبدالکریم[14]، عبدالوہاب[15] اور شاہ بادی[16] کا

روانی سے نئی باتیں اُبھرتی ہیں وچاروں میں
بڑا دم خم ہے، طاقت، زور ان کی ذوالفقاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ غلام احمد فاضل کشمیری۔ ممتاز شاعر، استاد اور مصنف۔ ڈب تل۔ سرینگر۔
۲۔ (ا) پرمانند مشہور کشمیری شاعر۔ سرینگر۔
(ب) پرمانند سیاسی کارکن و منسٹر رنبیر سنگھ پورہ۔ جموں۔
۳۔ ناجی منور، مشہور کشمیری شاعر۔
۴۔ (ا) خوشی محمد ناظر، جموں۔ مشہور اردو شاعر۔ سابق مشیر مال جموں و کشمیر
(ب) جیالال ناظر۔ سرینگر، نامور استاد و قلمکار
(ج) غلام نبی ناظر جواں سال شاعر و ادیب۔ یاری پورہ۔ اننت ناگ۔
۵۔ صمد میر مشہور کشمیری صوفی شاعر۔ بمبل ہار۔ بڈگام۔
۶۔ (ا) غلام محمد مشتاق کشمیری شاعر و مصنف۔ چارچنار۔ گلاب باغ (گاندربل)
(ب) غلام علی مشتاق ڈوڈہ شاعر۔
۷۔ غلام محمد وانی المعروف سجود سیلانی۔ مصور و شاعر کہانی کار وانی آرٹ ڈلگیٹ۔ سرینگر۔
۸۔ عابد مناوری۔ اردو و ڈوگری شاعر۔ مناور جموں۔
۹۔ ارجن دیو مجبور، کشمیری شاعر۔
۱۰۔ دینو بھائی پنت۔ مشہور ڈوگری شاعر و مصنف۔ پنیتھل۔ جموں۔
۱۱۔ عبدالقدوس رسا جاودانی۔ مشہور اردو و کشمیری شاعر۔
۱۲۔ ارمان کشتواری۔ اردو شاعر۔
۱۳۔ دھیرج۔ کشمیری شاعر۔
۱۴۔ عبدالکریم بھانہ محلہ سرینگر۔ کشمیری شاعر، مصنف "جام وحدت"
۱۵۔ عبدالوہاب کھار، مشہور کشمیری شاعر مصنف "ترانۂ وہاب کھار و ژندن گل"۔
۱۶۔ حمید اللہ شاہ آبادی۔ اسلام آباد۔ جنھوں نے "اکبر نامہ" فارسی نظم میں قلم بند کیا ہے۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن سنتوش[۱] کا، شوریدہ[۲] کا، رحمان[۳] راہی کا

وطن یہ ہے علی شہ[۴] کا، خیال[۵] کاشمیری کا

وطن توقیر[۶]، ساحل[۷] مست[۸] کا ہے اور زُتشی[۹] کا

وطن یہ ٹاک[۱۰]، طائر[۱۱]، راز[۱۲]، شاکر[۱۳]، پیرزادہ[۱۴] کا

کھِلی ہیں دلنشیں کلیاں یہاں کے مرغزاروں میں

چھُپی ہیں سینکڑوں رعنائیاں اس کی بہاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ غلام رسول سنتوش شاعر و آرٹسٹ سرینگر، للت کلا اکادمی کے اعزاز یافتہ۔
۲۔ غلام محمد ملک شوریدہ شوپیان، حال نئی بستی اننت ناگ لیکچرر گورنمنٹ کالج اننت ناگ۔
۳۔ پدم شری رحمان راہی۔ ممتاز کشمیری شاعر۔ سرینگر۔
۴۔ (ا) علی شاہ عشہ پورہ، ہندوارہ، کشمیری شاعر و مصنف۔
(ب) خواجہ علی شاہ بچھ، ممتاز سیاست کار۔ سابق نائب مشیر مال۔ سرینگر۔
۵۔ غلام نبی خیال ممتاز شاعر و مصنف۔ ایڈیٹر ہفت روزہ "اقبال" سرینگر۔
۶۔ کاشی ناتھ در توقیر۔ فارسی شاعر۔
۷۔ ساحل کشمیری۔
۸۔ (ا) دینا ناتھ مست کشمیری شاعر، ادیب و صحافی۔
(ب) پرمانند المست جموں۔ ڈوگری شاعر و ادیب۔ (ج) عبدالغنی مست فریدی ڈوڈہ۔ قلمکار
۹۔ (ا) گلزار زتشی دہلوی۔ ممتاز شاعر۔
(ب) جانکی ناتھ زتشی۔ ممتاز اہل قلم و سیاست کار۔ سرینگر۔
(ج) سوم ناتھ زتشی۔ کشمیری افسانہ و ڈرامہ نگار۔ سرینگر۔
۱۰۔ (ا) عبدالخالق ٹاک۔ ہردو شیوہ زینہ گیر المعروف ٹاک زینہ گیری ممتاز شاعر و مصنف۔ اکادمی و ساہتیہ اکادمی کے انعام یافتہ۔ صدیق منزل۔ ڈل گیٹ سرینگر۔
(ب) غلام مصطفےٰ ٹاک۔ سیاسی کارکن۔ بیجبہاڑہ۔ کشمیر۔
۱۱۔ طائر کشمیری۔ شاعر و ادیب۔
۱۲۔ رفیق راز۔ اردو کشمیری شاعر۔ چھر دوری۔ سرینگر۔
۱۳۔ (ا) غلام نبی شاکر کشمیری افسانہ نگار و شاعر (ب) محمد امین شاکر کشمیری شاعر و افسانہ نگار۔ شوپیان۔
۱۴۔ (ا) پیرزادہ غلام رسول مشہور ماہر تعلیم، پیرزادہ غلام نبی کمشنر اربن ڈیولپمنٹ انکے فرزند ارجمند ہیں۔
(ب) پیرزادہ محمد سعید سور سیار۔ چرار شریف، جنھوں نے حمید اللہ شاہ آبادی کا فارسی نظم میں قلمبند کیا ہوا "اکبر نامہ" کشمیری زبان میں منظوم کیا۔
(ج)
(د) پیرزادہ عبدالحی، عبدالرشید حکیم، عبدالحق ماسٹر۔ فرزندان پیرزادہ خلیل سیب گرنہ بلی۔ مشہور سیاسی کارکنان۔
(ھ) پیرزادہ محمد شفیع قادری۔ ممتاز سیاسی کارکن۔ نعلبند پورہ۔ کشمیر۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن نیکو[1] کا، گوہر[2]، گاش[3] کا، مخمور[4]، شفقت[5] کا

وطن زرگر[6]، چمن[7]، دلِ[8] کا، خضر[9]، کامل[10]، مظفر[11] کا

وطن حیرت[12] کا، اکبر[13] کا، عزیزِ کاشمیری[14] کا

وطن مشعل[15] کا، نوشہری[16] کا، وازہ[17]، رہ[18]، نسیمہ[19] کا

جہاں دیکھو وہاں ہیں چہچہے باغوں بہاروں میں

ترانے قمریوں اور بلبلوں کے لالہ زاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ منشی بھوانی داس نیکو کاشمیری۔ مصنف بحر طویل مشتمل بر چہاردہ مصرعہ۔ بزبان فارسی۔

۲۔ (ا) غلام نبی گوہر۔ چرار شریف۔ صدر کشمیر کلچرل آرگنائزیشن۔ مصنف ناول "مجرم"۔ "مس مول" بزبان کشمیری۔
(ب) سردار گوہر رحمان لودھی۔ جموں۔ ممتاز سیاسی کارکن جموں (ج) سید علی شاہ گوہر کریری کشمیری شاعر سیاسی کارکن (د) محی الدین گوہر۔ کشمیری شاعر۔

۳۔ (ا) صوفی غلام احمد گاش ایڈوکیٹ وکشمیری شاعر۔ خانیار سرینگر (ب) بشیر گاش۔ ادیب۔ سرینگر۔

۴۔ (ا) امام الدین مخمور۔ مصنف گل درایہ آستان" وغیرہ۔ معرفت گورنمنٹ ٹرانسپورٹ انڈرٹیکنگ۔ سرینگر
(ب) مخمور حسین۔ ایڈیٹر ہفتہ وار "وادی"۔ سرینگر۔

۵۔ برج موہن شفق جموں۔ اُردو شاعر۔

۶۔ (ا) عبدالاحد زرگر۔ مشہور کشمیری صوفی شاعر۔ نروره سرینگر (ب) حبیب اللہ زرگر۔ مشہور سیاسی کارکن سرینگر۔
(ج) عبدالعزیز زرگر وزیر مملکت۔ مشہور سیاسی کارکن کولہ کام (د) غلام محمد زرگر سیاسی کارکن اننت ناگ۔
(ھ) غلام نبی زرگر۔ پٹن۔ سیاسی کارکن (و) محمد شعبان زرگر۔ سیاسی کارکن۔ چندوسہ۔

۷۔ چمن لال چمن۔ کشمیری شاعر۔ ایڈیٹر شیرازہ۔ شہید گنج۔ سرینگر۔

۸۔ منوہر لال دل۔ اُردو شاعر جموں۔

۹۔ غلام محی الدین خان المعروف خضر مغربی۔ مشہور اردو وکشمیری مزاحیہ شاعر۔ نرسنگ گڑھ۔ سرینگر۔

۱۰۔ محمد امین کامل۔ مشہور اردو وکشمیری شاعر وادیب۔ انعام یافتہ ساہتیہ اکادمی۔ تھرڈ برج سرینگر۔ کشمیر۔ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔

۱۱۔ مظفر عازم۔ مشہور کشمیری شاعر۔ سیدہ کدل چوک۔ سرینگر۔

۱۲۔ میر شمس الدین حیرت کاملی۔ مشہور فارسی شاعر وماہر موسیقی۔ سرینگر۔

۱۳۔ (ا) ڈاکٹر اکبر حیدری۔ ممتاز عالم۔ اردو شاعر وادیب۔ ادبستان ۳۳۸۔ نرسنگھ گڑھ۔ سرینگر۔ صدر شعبۂ اُردو۔ امرسنگھ کالج۔ سرینگر۔ (ب) سید محمد اکبر جے پوری، ادیب وشاعر رعناواری۔ سرینگر

۱۴۔ (ا) عزیز کاشمیری۔ مشہور فلمی گیت کار۔ بمبئی۔
(ب) عبدالعزیز شورہ المعروف عزیز کاشمیری۔ کہنہ مشق صحافی۔ مدیر ومالک ہفتہ وار "روشنی" سرینگر۔

۱۵۔ محمد رمضان بٹ مشعل سلطانپوری۔ کشمیری شاعر۔ لیکچرر گورنمنٹ کالج۔ سوپور۔

۱۶۔ مشہور صوفی شاعر۔ خواجہ حبیب اللہ۔ نوشہری۔

۱۷۔ (ا) مشہور کشمیری شاعر وازہ محمود۔ سرینگر (ب) عبدالرحیم وازہ سیاسی کارکن وازہ پورہ۔ سرینگر۔

۱۸۔ غلام احمد راہ۔ مقبول اردو وکشمیری گلوکار۔ سرینگر۔

۱۹۔ نسیمہ بیگم۔ مقبول کشمیری گلوکارہ۔ سرینگر۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن موتی[1]، جواہر[2]، کاٹجو[3] کا اور سپرو[4] کا
وطن بابائے آزادی جناب شیخ[5] صاحب کا
وطن بخشی[6] کا، شمس الدین[7]، سیّد میر قاسم[8] کا
وطن کچلو[9] کا، مسعودی[10] کا، صادق[11]، بیگ[12] صاحب کا

شجاعت اور بسالت جلوہ گر ہے جاں نثاروں میں
ہیں مثلِ ماہِ کامل یہ درخشاں سارے تاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱ء مشہور دیش بھگت قانون داں پنڈت موتی لال نہرو۔ آنند بھون۔ الہ آباد۔

۲ء ہندوستان کا محبوب رہنما، مصنف اور پہلا وزیر اعظم پنڈت جواہر لال نہرو۔

۳ء پنڈت کیلاش ناتھ کاٹجو، سابق وزیر داخلہ ہندوستان

۴ء (ا) (الف) رائٹ آنریبل سر تیج بہادر سپرو، ممتاز قانون داں و اعتدال پسند لیڈر

(ب) (ب) جانکی ناتھ سپرو ایڈوکیٹ و قومی کارکن سرینگر

(ج) (ج) پنڈت ارزن ناتھ سپرو، ستھرا شاہی فارسی کے عالم سابق فنانشیل کمشنر

(د) (د) ڈاکٹر راجندر پرکاش کاڑ پالوجسٹ، میڈیکل انسٹی چیوٹ۔ چنڈی گڑھ

(ہ) (ہ) گوپی ناتھ سپرو ایڈیٹر "وشوکلان" جموں

۵ء تحریک آزادی کشمیر کے باوا آدم شیر کشمیر شیخ محمد عبداللہ سابق وزیر اعظم جموں و کشمیر

۶ء خالد کشمیر بخشی غلام محمد، تحریک آزادی کے قافلہ سالار، سابق وزیر اعظم جموں و کشمیر، ممتاز منتظم اس خاندان کے کئی اصحاب تحریک کے ساتھ وابستہ رہے۔

۷ء شمس الدین صاحب اسلام آباد، ایک شریف النفس رہنما، سابق وزیر اعظم جموں و کشمیر

۸ء سید میر قاسم، حلیم الطبع رہنما، شیریں زباں مقرر وزیر اعلیٰ جموں و کشمیر

۹ء (ا) ڈاکٹر سیف الدین کچلو، ہندوستان کی جنگ آزادی کے جاں باز سپاہی

(ب) محمد خلیل کچلو ڈوڈہ، سیاسی کارکن، سابق ایم۔ ایل۔ اے

۱۰ء (ا) مولانا محمد سعید مسعودی، صحافی، عالم اور شیریں بیاں مقرر۔ سابق جنرل سکریٹری نیشنل کانفرنس و ممبر پارلیمنٹ

(ب) مولانا غلام مصطفےٰ مسعودی، سیاسی کارکن، لوات کرنا۔ ۱۹۴۸ء میں ہوائی حادثہ کا شکار ہوئے۔

(ج) مولانا محمد انور مسعودی۔ سرگرم سیاسی کارکن، سابق ایم۔ ایل۔ اے

(د) محمد عبداللہ مسعودی۔ سیاسی کارکن، سوپور کشمیر

(ہ) محمد یوسف مسعودی۔ سیاسی کارکن، سرینگر لیبر ڈیپارٹمنٹ سے وابستہ ہیں

(و) غلام محمد مسعودی۔ سرگرم سیاسی کارکن پاہنور، سابق ایم۔ ایل۔ اے

۱۱ء خواجہ غلام محمد صادق۔ ایک صاحب ذوق شریف رہنما و مفکر، سابق وزیر اعلیٰ جموں و کشمیر

۱۲ء (ا) میرزا محمد افضل بیگ۔ سابق مشیر مال جموں و کشمیر۔ بذلہ سنج رہنما و فاضل قانون داں

(ب) میرزا غلام محمد بیگ سرنل، اسلام آباد۔ سیاسی کارکن، کوآپریٹر اور ذیلدار تھے

(ج) میرزا غلام قادر بیگ سرنل، اسلام آباد۔ قلمکار سابق چیف پروکیورمنٹ آفیسر، صوبہ کشمیر

(د) میرزا غلام احمد بیگ المعروف نونہ بیگ، سرگرم سیاسی کارکن کرالہ وٹھ۔ ایم۔ ایل۔ سی

(ہ) غلام احمد بیگ سیاسی کارکن، بانڈی پور کشمیر

(و) ثناء اللہ بیگ۔ سیاسی کارکن، سوپور کشمیر

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن ساروپے انی کا، وجے پنڈت کا، کملا کا
وطن یہ اندرا گاندھی کا ہے اور مہرباں ماں کا
وطن زینب کا، رضیہ، ساجدہ، محمودہ، جانہ کا
وطن روپہ بھوانی، ارنہ مال اور تاج بیگم کا

رواں پانی ہے چشموں میں، تکلّم آبشاروں میں
اثر ہے آبِ کوثر کا یہاں کی جوئباروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ ماتا سروپ رانی، شریمتی اندرا گاندھی کی دادی اماں۔

۲۔ مسز وجے لکشمی پنڈت، شری جواہر لال نہرو کی بہن، ہندوستان کی پہلی خاتون سفیر

۳۔ شریمتی کملا نہرو، اندرا جی کی والدہ۔

۴۔ شریمتی اندرا گاندھی۔ آزاد ہندوستان کی پہلی خاتون وزیرِ اعظم۔

۵۔ مادرِ مہربان بیگم صاحبہ شیرِ کشمیر شیخ محمد عبداللہ۔

۶۔ بیگم زینب۔ تحریکِ آزادی کی مشہور خاتون کارکن وایم۔ ایل۔ اے۔ سرینگر۔

۷۔ رضیہ بٹ۔ "شمس و قمر" ناول کی مُصنّفہ۔

۸۔ ساجدہ ضمیر احمد، ناظمِ تعلیمات حکومت جموں و کشمیر۔ ایک سادہ مزاج اور نیک دل خاتون۔

۹۔ محترمہ محمودہ سیّد احمد علی شاہ، ممتاز ماہرِ تعلیم و سوشل ریفارمر و خوددار خاتون۔

۱۰۔ جانہ بی بی۔ المعروف جانہ گنڈ۔ مشہور خاتون کارکن، سرینگر۔

۱۱۔ روپہ بھوانی۔ کشمیر کی ممتاز شاعرہ۔

۱۲۔ اَرنہ مال۔ کشمیر کی ممتاز شاعرہ۔ در خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔

۱۳۔ تاج بیگم رینزو۔ مشہور افسانہ نگار و ریڈیو آرٹسٹ۔

(ان کے افسانوں کا پہلا مجموعہ "الاؤ"، ۱۹۷۰ء میں کلچرل اکادمی نے شائع کیا۔
کیا ہے اور ان کو انعام سے نوازا ہے)۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن یہ میر واعظ احمد اللہ[۱] اور یوسف[۲] کا
وطن یہ مفتیٔ اعظم شریف الدین احمد[۳] کا
وطن یہ اندرابی[۴]، بیہقی[۵]، فاروق[۶] صاحب کا
وطن یہ مولوی[۷] کا اور ضیاء الدین[۸] پونچھی کا

کلام پاک پہنچایا دیاروں شہریاروں میں
سکوں پیدا ہوا اور جان آئی بیقراروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ (ا) میر واعظ رسول شاہ بانیٔ اوّل اسلامیہ ہائی اسکول جو آج کل کامرس کالج کہلاتا ہے۔

(ب) میر واعظ احمد اللہ المعروف عم سیب زاہد و متقی مرد درویش۔

۲۔ (ا) میر واعظ مولوی محمد یوسف شاہ جنھوں نے کلام پاک کا کشمیری زبان میں ترجمہ کیا ہے۔

(ب) مولوی یوسف شاہ سیاسی کارکن ترہگام کپوارہ۔

(ج) سیّد محمد یوسف سرگرم سیاسی کارکن، کونل ہندوارہ۔کشمیر۔

(د) حاجی پیر محمد یوسف شاہ سیاسی کارکن کچھامہ۔بارہ مولہ۔

۳۔ (ا) مفتیٔ اعظم کشمیر شریف الدّین، مفتیٔ اعظم قوام الدّین، مفتی رشید الدّین اور مفتی اعظم بشیر الدّین کے مورث اعلیٰ۔

(ب) شریف الدّین پرواز، رتنی پورہ، کشمیری شاعر۔

(ج) شریف الدّین واگورہ، سرگرم سیاسی کارکن۔

۴۔ سیّد غلام محی الدّین اندرابی سرگرم سیاسی کارکن سرینگر۔

۵۔ سیّد محمد مقبول بیہقی۔خوش گلو، قومی ترانہ گو۔سرینگر۔

۶۔ میر واعظ مولوی فاروق۔میر واعظ منزل سرینگر۔

۷۔ (ا) مشہور عالم، مفکر و مقرر مولوی محمد عبداللہ وکیل، تاسنور شوپیان۔کشمیر۔

(ب) مولوی افتخار حسین، شیعہ فرقہ کے مشہور پیشوا و ایم۔ایل۔اے، سرینگر۔

(ج) مولوی عباس انصاری، شیعہ برادری کے ایک ممتاز رہنما۔سرینگر

(د) مولوی عبدالرحمٰن جموں، سرگرم سیاسی کارکن، سابق ممبر پارلیمنٹ۔

(ہ) مولوی محمد عبداللہ سیاکھوی، سرگرم سیاسی کارکن، جموں

(و) مولوی غازی عبدالرحمٰن سیاسی کارکن، مظفر آباد۔

(ز) مولوی عبدالعزیز، محل رفیع آباد۔سیاسی کارکن جو جموں جیل میں جاں بحق ہوئے۔

(ح) مولوی سلیمان شاہ یلہ گام سرگرم سیاسی کارکن۔

(ط) مولوی عبدالعزیز سیاسی کارکن و امام مسجد بانڈی پور کشمیر۔

(ی) مولوی غلام محمد، سیاسی کارکن، تارت پورہ، ہندوارہ۔کشمیر۔

(ک) مولوی غلام محی الدّین۔سیاسی کارکن، تایدکھی۔

۸۔ مفتی ضیاء الدّین۔پونچھی، سرگرم سیاسی رہنما۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن یہ شیروانی[1] اور گیلانی[2] کا، مانتو[3] کا
وطن یہ ڈوگرہ[4]، برزہ[5]، کہستانی[6] کا، امرت[7] کا
وطن میٹھا[8]، آہنگر[9]، ماسٹر[10] کا اور شونٹھو[11] کا
وطن بدھ سنگھ[12]، افضل[13] اور جلال الدین[14] قریشی[15] کا

مچا ہے تہلکہ سرکش امیروں فوجداروں میں
خوشی سی جان آئی جان میں گھر گنواروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ محمد مقبول شیروانی، سرگرم و جانباز سیاسی کارکن۔ بارہ مولہ

۲۔ (ا) میر محمد مقبول گیلانی مشہور سیاست کار خانیار، سابق ایڈمنسٹریٹو آفیسر۔ اُوڑی
(ب) میر غلام حسن گیلانی سیاسی کارکن وایم۔ ایل سی۔ خانیار (ج) پیر حسام الدین گیلانی سیاسی رہنما مظفر آباد
(د) جلال گیلانی ممتاز ریڈیو گلوکار (ھ) سید علاؤ الدین گیلانی سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل اے ڈنگیوچہ
(و) سید علی شاہ گیلانی ممتاز سیاسی کارکن ڈورو زینہ گیر۔ ایم۔ ایل۔ اے سوپور۔

۳۔ پریم ناتھ مانتو سیاسی کارکن بارہ مولہ۔ معرفت براڈوے سینما سرینگر۔

۴۔ (ا) پنڈت پریم ناتھ ڈوگرہ۔ شریف النفس رہنما۔ ریاستی جن سنگھ کے سابق صدر۔ ریونیو آفیسر و ایم۔ ایل۔ اے
(ب) پنڈت گردھاری لال ڈوگرہ مشہور سیاسی رہنما جموں۔ پچیس سال سے مسندِ وزارت پر متمکن ہیں۔

۵۔ عبد الاحد برزہ و غلام احمد برزہ۔ نواکدل۔ سرینگر۔ اِن دونوں کو سیاسیات سے شغف رہا۔ غلام احمد ممبر اسمبلی رہے

۶۔ بنسی لال کوہستانی۔ مشہور قلمکار، سیاسی و سماجی کارکن سابق ایم۔ ایل سی۔ کٹڑہ ویشنو دیوی۔

۷۔ (ا) امرناتھ ملہوترہ۔ جموں کے سرکردہ صحافی (ب) امرت ملہوترہ مشہور سیاسی کارکن و ایڈوکیٹ۔ جموں

۸۔ غلام محمد مٹھا سیاسی کارکن۔ ککر بازار مائسیمہ۔ سرینگر۔

۹۔ (ا) غلام محمد آہنگر سیاسی کارکن، رعناواری۔ سرینگر۔ (ب) غلام محمد آہنگر سیاسی کارکن سوپور

۱۰۔ (ا) ماسٹر عبد العزیز۔ ممتاز سیاسی کارکن۔ مظفر آباد۔
(ب) ماسٹر زندہ کول۔ ممتاز اہلِ قلم اُستاد۔
(ج) ماسٹر غلام احمد پونچھ۔ سیاسی کارکن، سابق ایم۔ ایل۔ اے
(د) ماسٹر بیلی رام راول کوٹ پلندری۔ سیاسی کارکن۔ سابق ڈپٹی اسپیکر اسمبلی۔

۱۱۔ پیرزادہ علی شاہ شونٹھو۔ ممتاز سیاسی کارکن۔ سرینگر۔

۱۲۔ تیاگ مورتی سردار بُدھ سنگھ۔ مشہور سیاسی رہنما۔ سابق وزیر اطلاعات۔

۱۳۔ میجر محمد افضل۔ ممتاز سیاسی کارکن سرینگر۔ سابق کمانڈنٹ ہوم گارڈ۔ معرفت ایسوسی ایٹڈ سٹورز۔ اوقاف بلڈنگ۔ بڈشاہ چوک۔ سرینگر۔

۱۴۔ (ا) جسٹس جلال الدین۔ سرینگر۔ سابق ممتاز سیاسی کارکن۔
(ب) بیگم جلال الدین مشہور ماہرِ تعلیم۔ بیگم خورشید بخشی، بیگم قدسیہ شاہ، اِن ہی کی تعلیم یافتہ دختران نیک اختر ہیں۔

۱۵۔ (ا) جلال الدین قریشی (ب) عبد المجید قریشی ممتاز سیاسی کارکن۔ جموں۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن عبّاس[1]، راجہ[2] کا، عشائی[3] اور جلالی[4] کا
وطن شاعر[5]، رفیقی[6]، ساغر[7] و اعجاز[8]، رینہ[9] کا
وطن گلکار[10]، یوسف[11]، ہاگرو[12] کا، نقشبندی[13] کا
وطن قیوم[14]، سیٹھی[15]، تیغ[16] کا، ایمہ[17]، گیانی[18] کا

دلوں میں انقلاب ور وَجد آیا گل عذاروں میں
نسیمِ صُبح دے آئی خبر یہ ماہ پاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ (ا) چودھری غلام عباس خاں ممتاز سیاسی رہنما۔ جموں
(ب) سید عباس شاہ۔ سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل۔ اے۔ نولری پٹن۔
۲۔ (ا) راجہ محمد اکبر خاں۔ ممتاز سیاسی رہنما میرپور (ب) راجہ محمد افضل خاں سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل۔ اے۔ اوڑی
(ج) راجہ بیگم مشہور کشمیری گلوکارہ۔ سرینگر۔
۳۔ (ا) خواجہ غلام احمد عشائی۔ ممتاز ماہر تعلیم و سیاسی رہنما۔ سرینگر۔
(ب) خواجہ غلام مصطفےٰ عشائی۔ سیاسی کارکن۔ تاپر پٹن۔
۴۔ (ا) سید حسین شاہ جلالی ممتاز سیاست کار سرینگر (ب) پی۔ این۔ جلالی مشہور سیاسی کارکن، نمائندہ پی۔ ٹی۔ آئی۔
۵۔ محمد عبداللہ شاعر رعناواری۔ سیاسی کارکن۔ سابق ایم۔ ایل۔ اے۔ سرینگر۔
۶۔ محمد یحییٰ رفیقی مشہور سیاسی کارکن۔ سرینگر۔
۷۔ (ا) اللہ رکھا ساغر ممتاز صحافی و شعلہ بیاں مقرر۔ ایڈیٹر "ساغر" جموں۔
(ب) محمد اسماعیل ساغر باشعور سیاسی کارکن۔ مہاراج بازار۔ سرینگر۔
۸۔ غلام حسن اعجاز۔ سیاسی کارکن سرینگر۔ ریڈیو سے وابستہ ہیں۔
۹۔ (ا) آر۔ سی۔ رینہ سیاسی کارکن ایجوکیشن کمشنر جموں و کشمیر (ب) غلام رسول رینہ کولہ گام سابق ایم۔ ایل۔ اے
(ج) ایس۔ کے رینہ۔ سیاسی کارکن۔ سابق ٹرانسپورٹ کمشنر جموں و کشمیر (د) ڈاکٹر شنکر رینہ
فزیشین سپیشلسٹ افسانہ و ڈرامہ نگار سرینگر (ہ) مہندر رینہ ادیب، سرینگر۔
(د) کلدیپ رینہ ریڈیو آرٹسٹ (ز) بھوشن رینہ۔ سرینگر۔ صحافی، ممبر نیشنل ہیرلڈ۔ دہلی۔
۱۰۔ (ا) غلام نبی گلکار ممتاز سیاسی کارکن سرینگر (ب) غلام محمد گلکار مشہور سیاسی کارکن گاوکدل۔ سرینگر۔
(ج) ایم۔ ڈی۔ گلکار، کارکن و قلمکار۔ سرینگر۔
۱۱۔ محمد یوسف قریشی۔ ممتاز سیاسی کارکن۔ سرینگر ۱۲۔ غلام نبی ہاگرو قلمکار، ایڈوکیٹ و سیاسی کارکن انت ناگ۔
۱۳۔ خواجہ نور شاہ نقشبندی تحریک آزادی کے ہمنوا و مددگار (ب) حاجی میر عالم نقشبندی گوٹلی پورہ۔ ایم۔ ایل۔ سی۔ نچوون رہنما
۱۴۔ (ا) عبدالقیوم لون المعروف خان وانگام پٹن وزیر داخلہ پاکستان (ب) عبدالقیوم۔ چرار شریف۔ ڈپٹی منسٹر تعلیمات۔ کشمیر
۱۵۔ کرشن دیو سیٹھی۔ ممتاز سیاسی کارکن، آتش بیاں مقرر۔ جموں۔
۱۶۔ سنت سنگھ تیغ۔ ممتاز سیاسی رہنما، صدر جموں و کشمیر اکالی دل۔
۱۷۔ (ا) کاشی ناتھ ایمہ سیاسی کارکن، ٹریڈ کمشنر۔ امرتسر۔
(ب) موہن لال ایمہ۔ ماہر موسیقی و اداکار۔ دہلی ٹیلی ویژن سے وابستہ ہیں۔
(ج) اومکار ناتھ ایمہ۔ اداکار فلم "مینزہ رات"۔
۱۸۔ (ا) گیانی سنت سنگھ بے باک سیاسی کارکن ادپلنہ۔ بارہ مولہ۔
(ب) گیانی کرتار سنگھ کومل بیروہ۔ ایڈیٹر "کرم ویر" سرینگر۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن یہ ہے کلم[1] کا، شال[2] کا، صرّاف[3] و قاضی[4] کا
وطن صوفی[5] کا، اکبر[6] کا، مجاہد[7] کا، مُبارک[8] کا
وطن بندھو[9] کا، ترالی[10]، پیار[11] کا، بزّاز[12] و نائک[13] کا
وطن یہ ہے کنور[14]، بلراج[15]، کوچک[16]، زور آور[17] کا

دلیرانہ یہ کودے معرکوں میں کارزاروں میں
زرہ بکتر نہ تھی زرّیں کمران شہسواروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ جسٹس جیالال کلم۔ ممتاز سیاسی رہنما۔ سرینگر۔

۲۔ (ا) سعدالدین شال۔ ممتاز سیاسی رہنما و رئیس۔ سرینگر (ب) محی الدین شال۔ سیاسی کارکن۔ اننت ناگ۔
(ج) عبدالعزیز شال۔ سیاسی کارکن۔ سابق ایم۔ ایل۔ اے۔ راجوری (د) محی الدین شال۔ سیاسی کارکن۔ شوپیان۔

۳۔ (ا) لالہ امولک راج صراف ایڈیٹر "رنبیر" جموں۔ ریاستی صحافت کے باوا آدم (ب) شیام لال صراف۔ سرینگر۔ مشہور سیاسی رہنما سابق وزیر صنعت و تجارت حکومت جموں و کشمیر (ج) محمد یوسف صراف سیاسی کارکن، بارہ مولہ ہائی کورٹ جج مظفر آباد (د) اوم پرکاش صراف ممتاز قلمکار۔ جموں (ہ) سورج صراف مشہور قلمکار۔ جموں۔
(د) رام پیارا صراف سابقہ سابق ایم۔ ایل۔ اے و ایڈیٹر "جموں سندیش"۔

۴۔ (ا) قاضی عبدالغنی سیاسی رہنما دلنہ سابق ممبر پرجا سبھا (ب) قاضی غلام محمد ممتاز اردو و کشمیری مزاحیہ قلمکار اور ریاضی کے مقبول پروفیسر (ج) قاضی نظام الدین خانیار۔ سرینگر مرتب کلام شیخ العالم موسوم بہ "ریشی نامہ"
(د) سیف الدین قاضی۔ سیاسی کارکن دانا مزار۔ چھتہ بل۔

۵۔ (ا) صوفی محمد اکبر۔ سوپور۔ ممتاز سیاسی رہنما سابق ایڈمنسٹریٹو آفیسر ضلع بارہ مولہ و ممبر پارلیمنٹ (ب) صوفی غلام محمد ممتاز صحافی ایڈیٹر "سرینگر ٹائمز" سرینگر (ج) صوفی نورالدین۔ گاندربل مشہور سیاسی کارکن سابق ایم ایل اے
(د) صوفی غلام محی الدین۔ گاندربل۔ سرگرم سیاسی کارکن (ہ) صوفی غلام رسول سوپور۔ سیاسی کارکن و ایم۔ ایل سی
(و) صوفی محمد رجب۔ بارہ مولہ۔ سیاسی کارکن۔

۶۔ (ا) شیخ محمد اکبر بارہ مولہ۔ ممتاز سیاسی رہنما۔ سابق ممبر پارلیمنٹ و ایم۔ ایل۔ اے (ب) شیخ محمد اکبر ہندوارہ۔ سیاسی کارکن۔
(ج) محمد اکبر فیروزہ ٹنگمرگ۔ سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل۔ اے (د) اکبر لداخی مشہور ترقی پسند سیاسی کارکن۔

۷۔ (ا) صدرالدین مجاہد ممتاز سیاسی رہنما۔ ایڈیٹر "خالد" و "خالدِ جدید" سرینگر۔

۸۔ مبارک شاہ۔ خانہ پورہ۔ بارہ مولہ، ایڈوکیٹ، ممتاز سیاسی رہنما، وزیر مال صحت، زراعت و جنگلات (ب) مبارک خان مائیسمہ۔ سرگرم سیاسی کارکن (ج) مبارک شاہ قادری سیاسی رہنما۔ سابق ایڈیٹر رہنما سرینگر و ایم۔ ایل۔ اے۔

۹۔ کشپ بندھو۔ ممتاز سیاسی رہنما سابق ایڈیٹر "دیش" سرینگر۔ رورل ڈیولپمنٹ آفیسر۔

۱۰۔ عبدالغنی ترالی۔ ممتاز سرگرم سیاسی رہنما۔ سابق منسٹر آف اسٹیٹ فوڈ اینڈ سپلائز حکومت جموں و کشمیر۔

۱۱۔ (ا) میجر پیارا سنگھ سیاست کار سابق منسٹر آف سٹیٹ مال و بحالیات (ب) پیارا سنگھ رنبیر سنگھ پورہ سرگرم سیاسی کارکن سابق ایم ایل سی

۱۲۔ (ا) پریم ناتھ بزاز حال مقیم دہلی۔ ممتاز سیاسی رہنما مصنف و صحیفہ نگار۔ سابق ایڈیٹر "ہمدرد" سرینگر۔
(ب) دینا ناتھ بزاز۔ سیاسی کارکن رعناواری (ج) غلام رسول بزاز۔ سیاسی کارکن۔ فتحکدل۔ سرینگر۔

۱۳۔ (ا) علی محمد نایک ترال۔ ممتاز سیاسی رہنما۔ سابق ڈپٹی اسپیکر جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی
(ب) غلام محمد نایک۔ سیاسی کارکن ٹنگمرگ۔

۱۴۔ کنور ساگر سنگھ سابنہ۔ جموں۔ ممتاز سیاسی کارکن۔ سابق ایم۔ ایل۔ اے۔

۱۵۔ بلراج پوری۔ جموں۔ ممتاز سیاسی رہنما و قلمکار۔

۱۶۔ غلام نبی کوچک، سیاسی رہنما و ایڈوکیٹ۔ اننت ناگ۔

۱۷۔ جنرل زور آور سنگھ۔ ممتاز راجپوت جنرل۔ جموں۔ فاتح لداخ۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن راحت کا، ہنڈو، چودھری کا اور قرّہ کا
وطن جانباز، زاڈو کا، صنم، گورمُکھ، بکولا کا
وطن غازی، اُجاگر اور جیلانی مصالح کا
وطن پنچھی، سوگامی، جیل بابا اور مہتہ کا

ہوا آزاد خطّہ جالیا شیروں نے غاروں میں
سکوں اب آگیا دریا کی موجوں میں کناروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ عبدالرحمٰن راحت ہرن بڈگام سیاسی کارکن سابق ایم۔ایل۔اے

۲۔ پیارے لال ہنڈو۔ مشہور سیاسی کارکن و ممتاز ایڈوکیٹ اننت ناگ کشمیر۔

۳۔ (ا) چودھری محمد شفیع مشہور آتش بیاں مقرر۔ سیاسی کارکن سابق ممبر پارلیمنٹ المعروف کامریڈ شفیع۔
(ب) چودھری محمد شفیع مشہو گوجر لیڈر رکچون اننت ناگ۔ کشمیر، سابق ڈپٹی چیرمین قانون ساز کونسل
(ج) چودھری گیان چند منشی فاضل میرپوری جرنلسٹ جموں (د) چودھری فتح محمد جموں۔ سیاسی کارکن وایم۔ایل۔سی۔

۴۔ خواجہ غلام محی الدین قرہ مشہور سیاسی رہنما۔ صدر کشمیر پولیٹیکل کانفرنس وممتاز ایڈوکیٹ۔ سرینگر۔ بہ حیثیت مجموعی قرہ خاندان کے سارے افراد تحریک آزادی میں منسلک رہے۔

۵۔ (ا) غلام قادر جانباز مشہور سیاسی کارکن گاڈکدل سرینگر (ب) غ۔م۔ جانباز
(ج) غلام نبی جانباز ایڈیٹر "الفرقان" سرینگر (د) غلام نبی ڈول وال جانباز کشتوار۔ کشمیری شاعر و گلوکار (ھ) عبدالصمد جانباز سیاسی کارکن بھیروگھاٹ مائسیمہ۔ ادیب وشاعر۔

۶۔ میجر زاڈو۔ سرینگر۔

۷۔ صنم وانگل لداخ کے سیاسی کارکن سٹیٹ منسٹر امداد باہمی

۸۔ سردار گورمکھ سنگھ۔ جموں۔ ڈپٹی چیرمین قانون ساز کونسل۔ سابق ڈپٹی منسٹر بحالیات۔

۹۔ کوشک بکولا لداخ کے رہنما و ممبر پارلیمنٹ۔ سابق وزیر امور لداخ۔ کشمیر

۱۰۔ غازی عبدالرحمٰن سرگرم سیاسی کارکن سابق ایم۔ایل۔اے مہاراج گنج۔ سرینگر۔

۱۱۔ اُجاگر سنگھ مشہور سیاسی کارکن۔ پاتوسہ، رفیع آباد۔

۱۲۔ (ا) پیرزادہ غلام جیلانی سرگرم سیاسی کارکن سابق ایم ایل اے پانپور (ب) غلام جیلانی بوٹہ مرحنیف وشاعر۔ سرینگر کشمیر

۱۳۔ خواجہ غلام قادر مصاحب مشہور سرگرم سیاسی کارکن۔ سابق ایم۔ایل۔اے۔ چوگل ہندوارہ۔

۱۴۔ سردار بچن سنگھ پنچھی۔ مشہور سیاسی کارکن جموں۔

۱۵۔ خواجہ غلام نبی سوگام۔ لولاب۔ مشہور سیاسی کارکن سابق وزیر جنگلات حکومت جموں وکشمیر

۱۶۔ عبدالکبیر خاں المعروف جیل بابا۔ مشہور سیاسی کارکن۔ سابق ایم۔ایل۔اے ہانڈی پورہ کشمیر بڑے سخن فہم اور زندہ دل بزرگ ہیں۔ ایڈمنسٹریٹو آفیسر۔ گورنر، رہ چکے ہیں۔

۱۷۔ (ا) شریمتی کرشنا مہتہ۔ ریاست کی پہلی ممبر پارلیمنٹ خاتون کشتوار۔
(ب) شری اوم مہتہ سیٹٹ منسٹر تعمیرات وپارلیمانی امور۔ حکومت ہند
(ج) پران ناتھ مہتہ سیاسی کارکن جموں۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن طارق[1]، پشپ[2] کا، مام جی[3]، منظور[4]، تارا[5] کا

وطن عشرت[6]، رتن پوری[7]، پریمی[8]، کشتواری[9] کا

وطن صوری[10]، حبہ خاتون[11]، یش[12]، کا اوس[13] سیوا[14] کا

وطن مریم[15]، فراق[16] و درد[17] کا، پونپر[18]، امیرشہ[19] کا

نہ پھیلے بے دلی حاشا و کلّا جاں نثاروں میں

دُرِ شاہوار رہتا ہے بہم لاکھوں ہزاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ علی محمد طارق۔ شاعر، ادیب، سیاست کار، سرینگر، چیئرمین "امپک" بمبئی۔ سابق وزیر اطلاعات۔

۲۔ پروفیسر پرتھوی ناتھ پشپ۔ ممتاز لیکھک۔ سرینگر۔

۳۔ غلام محمد ڈار المعروف ماما جی۔ سرگرم سیاسی کارکن۔ بھیرو گھاٹ۔ مائیسمہ سرینگر۔

۴۔ (ا) منظور ہاشمی کشمیری شاعر (ب) حکیم منظور گوجوارہ سرینگر اُردو شاعر
(ج) منظور احمد خاں ہانجی شاٹ نیاز کامراجی اردو شاعر مصنف "گشتابہ"۔

۵۔ تارا سیملپوری۔

۶۔ عشرت کاشمیری اردو شاعر و ادیب۔

۷۔ غلام محی الدین نواز، رتنی پورہ۔ کشمیری شاعر۔

۸۔ سروانند کول پریمی۔ شاعر و مصنف۔ صوف، کوکرناگ، کشمیر۔

۹۔ (ا) غلام رسول کامگار، کشتواری فارسی و کشمیری شاعر (ب) پیر نظام الدین کشتواری
ایم۔ایل۔اے، مجاور درگاہ شریف (ج) ملک خورشید احمد کشتواری۔ سوشل کارکن۔

۱۰۔ (ا) بنسی لال صوری سیاسی کارکن جموں (ب) وجے صوری میرپور ایڈیٹر روزنامہ "اجالا" جموں
(ج) کشن چند صوری۔ پٹن حال دہلی، سیاسی کارکن۔

۱۱۔ حبہ خاتون ممتاز رومانی کشمیری شاعرہ۔

۱۲۔ یش شرما۔ جموں، اردو و ڈوگری شاعر۔ ریڈیو آرٹسٹ۔

۱۳۔ غلام رسول کاؤسہ ٹوپی فروش مہاراج گنج۔ فارسی وار دو شاعر، جامع مسجد سرینگر۔

۱۴۔ (ا) سیوا سنگھ جموں پنجابی ادیب (ب) پروفیسر سیوا سنگھ۔ سنگپورہ کلاں بارہمولہ ممتاز پنجابی لیکھک

۱۵۔ (ا) پدم شری مریم بیگم زونہ ڈب کی آغہ بائے (ب) سیدہ مریم بیگم سوشل ورکر خاتون رفیقہ حیات وزیر اعلیٰ سید میر قاسم

۱۶۔ غلام نبی فراق مشہور ادیب و شاعر۔ نوشہرہ۔ سرینگر۔

۱۷۔ ڈاکٹر محمد یعقوب درد پونچھی۔ اُردو شاعر سرینگر۔

۱۸۔ روشن پونپر۔ مشہور کشمیری شاعر اسسٹنٹ ایڈیٹر کلچرل اکادمی۔ شہید گنج۔ سرینگر۔

۱۹۔ سید امیر شاہ کریری پٹن۔ کشمیری نعت گو شاعر مصنف "جنگ نامہ امام محمد حنیف" وغیرہ

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن ریزنو[۱] کا، فوطیدار[۲] کا، یہ وانٹ[۳] صاحب کا
وطن بھولا[۴]، نسار[۵] کا، کابلی[۶] کا، کرشن[۷] چندر کا
وطن نرماں[۸]، طوڑے[۹] کا، بھان[۱۰] کا اور بامزائی[۱۱] کا
وطن شہری[۱۲] کا، کرمانی[۱۳]، مدن[۱۴]، گجری[۱۵]، گنائی[۱۶] کا
نئے نغمے، ترانے گونجتے ہیں دل فگاروں میں
بڑی تبدیلیاں آنے لگی ہیں غم کے ماروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ غلام رسول رینزو، ممتاز سیاسی کارکن۔ سابق منسٹر و اسپیکر۔ ڈائرکٹر انڈسٹریز

۲۔ (ا) شیو نرائن فوطیدار، ممتاز کشمیری پنڈت رہنما۔ سابق چیرمین قانون ساز کونسل۔
(ب) مکھن لال فوطیدار سرگرم سیاسی کارکن مٹن۔ انت ناگ۔ وزیر آبپاشی۔

۳۔ ڈاکٹر محمد سلطان وانٹ، ممتاز سیاسی کارکن۔ صدر شعبہ انگریزی کشمیر یونیورسٹی۔

۴۔ کیپٹن بھولا ناتھ، سرگرم سیاسی کارکن و کواپریٹر۔ جموں۔

۵۔ ایم ن [illegible] اردو و کشمیری افسانہ نگار۔ پونچھ، حال بمبئی۔

۶۔ عبدالرشید کابلی سیاسی کارکن، ممتاز ادیب۔ سرینگر و ایم۔ ایل۔ اے۔

۷۔ کرشن چندر ممتاز افسانہ نگار۔ پونچھ۔ حال بمبئی۔

۸۔ موہن سنگھ نرمان۔ سرگرم سیاسی کارکن۔ سابق ایم۔ ایل۔ سی۔ ۲۲۴۔ جواہر نگر سرینگر۔

۹۔ غلام نبی طورے۔ ممتاز قلمکار۔ بیچپاڑہ کشمیر۔

۱۰۔ (ا) پدم شری پشکر ناتھ بھان مشہور مزاحیہ اداکار و ادیب۔ ریڈیو آرٹسٹ۔ سرینگر
(ب) تیج بہادر بھان مشہور ادیب جموں (ج) جیا لال بھان اسیر کشمیری شاعر۔ سرینگر۔

۱۱۔ کاشی ناتھ بامزائی ممتاز سیاسی ورکر۔ سابق ڈائرکٹر پبلیکیشنز۔ منسٹری آف انفارمیشن و براڈکاسٹنگ

۱۲۔ غلام محمد شہری سیاسی کارکن سوپور کشمیر۔

۱۳۔ غلام حسن کرمانی بٹہ وارہ ایس۔ پی۔ سابق سیاسی کارکن۔

۱۴۔ (ا) مدن لال سیاسی کارکن سرینگر (ب) مدن لال جموں ایڈیٹر "مساوات" سابق ایم۔ ایل۔ سی۔

۱۵۔ (ا) غفور گوجری سیاسی کارکن جبہ کدل (ب) محمد شعبان گوجری سیاسی کارکن۔ گورو بازار سرینگر
(ج) عبدالرحیم گوجری سیاسی کارکن۔ پٹن

۱۶۔ (ا) خواجہ سیف الدین گنائی سابق ڈی۔ آئی۔ جی۔ پولیس۔ تحریک آزادی کے معاون و مددگار۔
(ب) عبدالاحد گنائی۔ سرگرم سیاسی کارکن۔ کھور پٹن (ج) محمد اکبر گنائی سرگرم سیاسی کارکن۔ ایرم (د) محمد رمضان گنائی۔ سیاسی کارکن سمبل۔ (ھ) ولی محمد گنائی۔ سیاسی کارکن سنگپورہ۔ ہارہ ترٹھ (و) غلام حسن گنائی۔ سیاسی کارکن و کواپریٹر امرگڑھ (ز) عبدالعزیز گنائی سیاسی کارکن ہائیگام۔ سوپور۔
(ح) محمد اکبر گنائی، شیرہ پورہ پٹن۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱/ ۲/ ۳/ ۴/

وطن یہ نور کا اور پیر کا ہے، ڈار، مہدی کا

۵/ ۶/ ۷/ ۸/

وطن یہ گابرو، وانی کا، اسماعیل، لسبجن کا

۹/ ۱۰/ ۱۱/ ۱۲/

وطن یہ کاچرو، مینگی، کھورانہ اور شانتا کا

۱۳/ ۱۴/ ۱۵/ ۱۶/

وطن دھنوتری، صفدر، چکن کا، نور محمد کا

کفن باندھے ہوئے بالانشیں ہیں رہ گزاروں میں

بن آزادی قرار آئے گا کیسے بے قراروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱؎ (ا) نورشاہ۔ ممتاز اُردو ادیب ڈل گیٹ سرینگر (ب) محی الدین نور سابق ایڈیٹر "نور" ممتاز سیاسی کارکن سرینگر۔
(ج) نورالدین کٹاریہ۔ جنرل سکریٹری گوجر کانفرنس۔ جموں۔

۲؎ (ا) پیر عبدالاحد ممتاز سیاسی کارکن بتہ مالو۔ ۶ ایار سا باغ جواہر نگر (ب) پیر غیاث الدین بتہ مالو سابق وزیر صنعت
چیف ایڈیٹر ماہانہ "علم و دانش" سرینگر (ج) پیر سعدالدین امیر جماعت اسلامی ایڈیٹر "اذان"۔ سرینگر۔
(د) پیر محمد مقبول سیاسی کارکن، سابق ایم۔ ایل۔ اے۔ ویلہ گام۔ ہندوارہ (ہ) پیر محمد یحییٰ صدیقی۔ ممتاز سیاسی کارکن
سابق وزیر صنعت سرینگر (و) پیر بہاؤالدین ممتاز سیاسی کارکن سرینگر (ز) پیر غلام الدین سرگرم سیاسی
کارکن بیٹن (ح) پیر شمس الدین سیاسی کارکن۔ ہردوشورہ (ط) پیر شمس الدین سیاسی کارکن۔ نوپورہ جاگیر۔
(ی) پیر غلام محی الدین سرگرم سیاسی کارکن۔ بارہ مولہ (ک) پیر غلام محی الدین سیاسی کارکن۔ سوپور (ل) پیر عبدالعزیز
سیاسی کارکن سابق امام مسجد۔ بانڈی پور (م) سید نظام الدین سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل۔ اے، اننت ناگ
حال ممبر راجیہ سبھا۔ (ن) پیر حسام الدین سیاسی کارکن و ایم۔ ایل۔ اے۔ اسلام آباد (س) پیر حفیظ اللہ شتلو سیاسی کارکن
(ع) پیر مبارک شاہ سیاسی کارکن چنڈ بچری گنڈ (ف) پیر محمد یٰسین سیاسی کارکن و ایم۔ ایل۔ اے کرالہ پورہ (ص) پیر
جماعت علی شاہ سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل۔ اے۔ مینڈھر (ق) پیر عبدالغنی ایڈیٹر ہفت روزہ "دلیر" سوپور۔

۳؎ (ا) غلام محمد ڈار سیاسی کارکن۔ جبہ کدل (ب) عبدالرحیم ڈار سیاسی کارکن۔ مائیسمہ حال پاکستان۔ (ج) عبدالرحیم
ڈار سیاسی کارکن سوپور (د) عبدالصمد ڈار سیاسی کارکن بارہ مولہ (ہ) خواجہ اکبر ڈار۔ دربہ گام۔ سیاست کار۔
(و) نورالدین ڈار سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل۔ اے۔ نائل (ز) سیف الدین ڈار سیاسی کارکن و ایم۔ ایل۔ اے نائل
(ح) غلام محمد ڈار سیاسی کارکن بانہال (ط) خضر محمد ڈار سیاسی کارکن۔ ہائیگام (ی) غلام محمد ڈار ایڈیٹر
"ولر"، سرینگر (ک) غلام حسن ڈار سیاسی کارکن و ایم۔ ایل۔ سی اوم پورہ (ل) غلام رسول ڈار سیاسی کارکن، سابق
ایم۔ ایل۔ اے۔ یال (م) سلیم انور ڈار ایم۔ ایل۔ اے راجوری کدل (ن) غلام محمد ڈار۔ گلو کار پانپور (س) علی ڈار ٹہالن۔

۴؎ مہدہ سیب دیقہ مشہور حاضر جواب منش (بہ زمانہ راجہ در) ۵؎ عبدالعزیز گابرو سیاسی کارکن۔ مجاہد منزل۔ سرینگر۔

۶؎ (ا) علی وانی رتھ پورہ عیدگاہ۔ جانشین نورہ سیب شرائے کشمیری شاعر (ب) غلام قادر وانی سیاسی کارکن۔ خانیار۔
(ج) غلام الدین وانی سیاسی کارکن۔ بارہ مولہ۔ حال پاکستان (د) عبدالکبیر وانی سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل۔ اے
چولگام (ہ) عبداللہ وانی سیاسی کارکن۔ بیٹن (و) غلام نبی وانی سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل۔ اے کریشور بڈگام
(ز) غلام محمد وانی سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل۔ اے۔ بست کوہجی (ح) غلام وانی سیاسی کارکن کلانترہ (ط) غلام محمد وانی
سیاسی کارکن چنڈ (ی) غلام نبی وانی سیاسی کارکن حاجن (ک) لسہ وانی سیاسی کارکن ڈوڈہ سابق ایم۔ ایل۔ اے
(ل) غلام حسن وانی سیاسی کارکن کھن بٹھ (م) غلام رسول وانی سیاسی کارکن مانجی پورہ (ن) غلام حسن وانی سیاسی کارکن کھن

۷؎ محمد اسماعیل ڈرائیور سرگرم سیاسی کارکن مندر باغ سرینگر۔

۸؎ (ا) غلام محمد میر سٹیٹ منسٹر انڈسٹریز سبجن سرینگر (ب) غلام مصطفےٰ امیر، سرگرم سیاسی کارکن و ایم۔ ایل۔ اے سبجن۔

۹؎ دوارکا ناتھ کاچرو ممتاز سیاست کار۔ سرینگر۔

۱۰؎ (ا) گوپال دت مینگی سابق ایم۔ پی۔ جموں (ب) آر۔ این۔ مینگی۔ ایڈیٹر "کوآپریٹر" جموں۔

۱۱؎ (ا) سندر سنگھ کھورانہ۔ جموں کے مشہور دانی (ب) سورج رام کھورانہ سرگرم سیاسی کارکن و مالک ایکسپریس کارپوریشن۔ دہلی۔

۱۲؎ شانتا بھارتی سیاسی و سماجی کارکن۔ جموں و ایم۔ ایل۔ اے۔ ۱۳؎ دھنوتری۔ جموں کے ممتاز کسان لیڈر۔

۱۴؎ حکیم غلام صفدر ہمدانی۔ مصنف "شیعیانِ کشمیر"۔ سرینگر۔ سابق سکریٹری حکومت جموں و کشمیر۔

۱۵؎ غلام محمد چچن۔ سیاست کار۔ سابق ممبر پبلک سروس کمیشن۔ جموں و کشمیر۔

۱۶؎ (ا) نور محمد تاجر کتب۔ سرینگر (کشمیر کا منشی نولکشور) (ب) نور محمد بٹ روشن۔ ترقی پسند شاعر۔ سرینگر (ج) نور محمد شیخ
ترقی پسند سیاسی کارکن۔ سابق ڈپٹی منسٹر تعلیمات۔ جموں و کشمیر (د) نور محمد شیخ سیاسی کارکن۔ سنگپورہ۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

وطن ایّوب[1]، سُلطاں[2] کا، مہاجن[3]، راچپوری[4] کا

وطن شرما[5]، میاں[6] کا، میر[7]، گونی[8] اور انور[9] کا

وطن مفتی[10]، وڈا[11] کا، جوتشی[12]، زیرک[13] کا، مرچا[14] کا

وطن نب جی[15]، امر[16]، شہداد[17]، در[18] کا، بہرو[19]، نجوی[20] کا

وطن کی مٹ نہیں سکتی محبّت ذی شعاروں میں
چتاؤں میں ہوئے ہیں راکھ کچھ مٹّی مزاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ محمد ایوب خاں چلواس بانہال۔ حال جموں۔ سیاسی کارکن۔ سابق منسٹر و سپیکر۔

۲۔ محمد سلطان غلہ دار سرگرم سیاسی کارکن۔ سرینگر (ب) غلام احمد بٹ المعروف گاڈہ فرزند محمد سلطان بٹ۔ سیاسی کارکن لال چوک۔

۳۔ (ا) دینا ناتھ مہاجن ایڈوکیٹ۔ جموں۔ سابق وزیر مال۔ قانون و مالیات (ب) سردار ی لال مہاجن۔ سیاسی کارکن و ایم۔ ایل۔ سی۔ (ج) رام چند مہاجن۔ ایم۔ ایل۔ سی۔ جموں۔

۴۔ میر غلام محمد راجپوری۔ سیاست کار۔ سابق منسٹر و اسپیکر۔

۵۔ (ا) امرناتھ شرما اودھم پور سیاسی کارکن سابق وزیر مملکت (ب) چونی لال شرما۔ جموں۔ سیاسی کارکن سابق ڈپٹی چیرمین قانون ساز کونسل (ج) بلدیو پرشاد شرما۔ جموں۔ ممتاز قلمکار (د) جی۔ ڈی۔ شرما۔ جموں۔ ممتاز قلمکار (ہ) بھگت رام شرما ایڈوکیٹ و سیاسی کارکن جموں (و) منگت رام شرما۔ کٹھوعہ۔ سیاسی کارکن و ایم۔ ایل۔ سی (ز) مہنت رام شرما۔ بسوہلی۔ سیاسی کارکن و ایم۔ ایل۔ اے (ح) کدار شرما۔ سرینگر۔ وادی کی آواز کے منشی جی (ط) بلدیو شرما۔ سیاسی کارکن و ایم۔ ایل۔ اے۔ جموں۔ (ی) دونی چند شرما۔ جموں ڈوگری ادیب (ک) ایس۔ کے۔ شرما۔ جموں۔ ہندی ادیب (ل) سنسار چند شرما۔ جموں۔ ادیب۔

۶۔ (ا) میاں احمد یار خاں۔ سیاسی رہنما و مشہور ایڈوکیٹ (ب) میاں نظام الدین۔ سیاسی رہنما و مرد درویش سابق ایم۔ ایل۔ اے وانگت۔ کنگن (ب) میاں بشیر احمد وانگت۔ سیاسی کارکن و ڈپٹی منسٹر حیوانات۔

۷۔ (ا) میر اسداللہ بانہال۔ سیاسی کارکن۔ سپیکر و منسٹر (ب) میر غلام رسول۔ سرینگر۔ سابق چیف انجینئر و سیاست کار۔ (ج) میر غلام حسن۔ سیاسی کارکن سابق ڈائرکٹر لوکل باڈیز (د) میر غلام محمد۔ پونچھ۔ سیاسی کارکن و وزیر مملکت۔ (ہ) میر بادشاہ کشتوار۔ سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل۔ اے (و) علی محمد میر۔ سیاسی کارکن۔ رعنا واری۔ سرینگر۔ (ز) غلام محمد میر۔ سیاسی کارکن۔ جانباز پورہ (ح) غلام محمد میر۔ سیاسی کارکن۔ پٹن (ط) غنی میر۔ سیاسی کارکن نہال پورہ (ی) محمد میر۔ سیاسی کارکن۔ نہال پورہ (ک) غلام احمد میر۔ ذیلدار۔ سلر۔ سیاسی کارکن، و سابق ایم۔ ایل۔ اے (ل) غلام حسن میر پنگلنہ۔ سیاسی کارکن ایم۔ ایل۔ سی۔

۸۔ (ا) عبدالغنی گونی سیاست کار ڈوڈہ بھدرواہ سپیکر سابق منسٹر و ممبر پارلیمنٹ (ب) غلام نبی گونی سرگرم کارکن ڈوڈہ۔

۹۔ (ا) محمد انور خاں۔ سیاسی کارکن بانڈی پور و ایم۔ ایل۔ اے (ب) محمد انور ملک سیاسی کارکن کپواڑہ۔ (ج) محمد انور بھلیسہ بھدرواہ۔ سیاسی کارکن۔ سابق ایم۔ ایل۔ اے۔

۱۰۔ (ا) مفتی جلال الدین فتحکدل۔ سرینگر۔ سرگرم سیاسی کارکن و عالم دین (ب) مفتی محمد سعید بجبہاڑہ۔ ترقی پسند سیاسی کارکن۔ وزیر ترقیات حکومت جموں و کشمیر۔

۱۱۔ محمد یوسف وڈا۔ سیاسی کارکن۔ جبہ کدل۔ سرینگر۔

۱۲۔ جوتشی رام کرشن۔ سیاسی کارکن۔ سابق ایم۔ ایل۔ سی۔ جموں۔

۱۳۔ حسن شاہ زیرک۔ ممتاز ادیب و شاعر۔ سرینگر۔

۱۴۔ (ا) غلام نبی مرچا۔ سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل۔ اے سوپور (ب) خواجہ غلام نبی المعروف بنہ جی۔ اننت ناگ۔ سیاسی رہنما۔ سابق ممبر پبلک سروس کمیشن۔

۱۵۔ (ا) کامریڈ امرناتھ۔ جموں (ب) امرناتھ بھگت ایڈیٹر ہفت روزہ "پسماندگی"۔ جموں (ج) امرناتھ ایڈیٹر ہفت روزہ جیوتی سنگم

۱۶۔ حاجی احمداللہ شہداد۔ ممتاز سیاست کار۔ سابق ممبر پرجا سبھا۔

۱۷۔ (ا) پی۔ این۔ در۔ سرینگر۔ پرائیویٹ سکریٹری ٹو پرائم منسٹر شریمتی اندرا گاندھی۔
(ب) پی۔ این۔ در۔ کشمیری کہانی کار و ادیب۔ حال دہلی۔
(ج) او۔ این۔ در۔ سیاسی کارکن، ٹریڈ کمشنر۔ دہلی۔
(د) اے۔ این۔ در۔ نمائندہ خصوصی انڈین ایکسپریس۔
(ہ) ایم۔ کے۔ در۔ سرینگر۔ نمائندہ خصوصی "ہندوستان ٹائمز" دہلی۔

۱۸۔ غلام محی الدین۔ سیاسی کارکن۔ گنڈبل۔ بانڈی پور۔ کشمیر۔ المعروف بہرو۔

۱۹۔ عبدالسلام نحوی۔ سرینگر۔ اردو ادیب و مصنف۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱ ۲ ۳ ۴ ۵
وطن کرایپاک، اختر، جامعی، کشفی، دوانی کا
۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰
وطن یہ محو، دیواں، پارمو کا، خان باون کا
۱۱ ۱۲ ۱۳ ۱۴
وطن یہ کاشمیری، پران کا، کنزر و صلاتی کا
۱۵ ۱۶ ۱۷ ۱۸
وطن محمد امین، منشی، عزیز احمد کا، سویا کا

رہیں شاداب و خوش دل یہ خزاؤں میں بہاروں میں
بہت بیزار ہیں ان میں سے کچھ اُجڑے دیاروں میں

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

۱۔ غلام رسول کرایپاک۔ سیاسی کارکن۔ سابق ایم۔ ایل۔ اے۔ کشتوار۔
۲۔ (ا) پدم شری اختر محی الدین۔ مشہور کشمیری ادیب۔ سرینگر۔
(ب) اختر نظامی بانہال کشمیر۔ سیاسی کارکن۔ ایم۔ ایل۔ اے۔
۳۔ مولوی عبدالاحد جامعی۔ سرینگر۔
۴۔ غلام احمد میر کشفی۔ مشہور صحافی، حال مظفر آباد۔
۵۔ پیر غلام محمد دوانی (ان کو للہ عارفہ کا کلام ازبر تھا) سرینگر۔ خانقاہ معلیٰ۔
۶۔ منوہر لال محو کشمیری۔ طنز نگار ادیب وصحافی۔ سب ایڈیٹر روزنامہ "خدمت" سرینگر۔
۷۔ ڈی۔ سی۔ دیوان۔ ایڈیٹر روزنامہ شیر ڈگر۔ جموں۔
۸۔ (ا) بنسی لال پارمو۔ مشہور آرٹسٹ۔ سرینگر۔
(ب) عبدالسلام پارمو، زینہ کدل۔ اہل قلم۔ جنرل سکریٹری بیوپار منڈل۔ سرینگر۔
(ج) شمبوناتھ پارمو۔ مالک دواخانہ "الکوثر" سرینگر۔
۹۔ (ا) علی محمد خاں صحافی۔ سابق ایڈیٹر روزانہ "خدمت" سرینگر (ب) غلام حسن خاں سیاسی کارکن سرینگر درکرشیرین باغ
(ج) صمد خاں اشم مصنف قصۂ انار اپری" بزبان کشمیری (د) غلام حسن خاں بنجورہ سیاسی کارکن سابق ایم۔ ایل۔ اے
(ھ) عبدالعزیز خاں نوطہ نوسہ ہندوارہ۔ مشہور سیاسی کارکن (و) امیراللہ خاں پاری پورہ کولہ گام سیاسی کارکن و ایم ایل سی
(ز) بشیر احمد خاں وانیگام پٹن۔ کشمیر۔ نوجوان ایڈوکیٹ۔ نمائندہ "نیو ویو"۔ دہلی۔
(ح) غلام حسن خاں سابق چیف انجنیر کشمیر (ط) عبدالحمید خاں سکریٹری پبلک سروس کمیشن۔ سرینگر۔
(ی) محمد صدیق خاں نواب بازار۔ مشہور سیاست کار (ک) غلام احمد خاں۔ سیاسی کارکن۔ سیر کانلی گنڈ۔
۱۰۔ غلام محمد باون۔ ڈل گیٹ، ایڈوکیٹ۔ سیاسی کارکن و میونسپل کونسلر۔
۱۱۔ پریم ناتھ کنہ المعروف پی۔ این۔ کاشمیری۔ سب ایڈیٹر اخبار "ملاپ"، دہلی۔
۱۲۔ پران کشور۔ مشہور ڈرامہ نگار وہدایت کار۔ سرینگر۔
۱۳۔ ڈاکٹر ہردے ناتھ کنزرو۔ عالم وفاضل۔ ممبر پارلیمنٹ۔ سپرو ہاؤس۔ نئی دہلی۔
۱۴۔ منشی محی الدین صلاتی سیاسی کارکن وایڈیٹر "کاروان" سرینگر
۱۵۔ (ا) محمد امین آبی گذر سیاسی کارکن۔ ممبر پبلک سروس کمیشن۔
(ب) محمد امین ابن مہجور۔ مشہور ادیب۔ سرینگر (ج) سید محمد امین۔ کریری پٹن۔ سیاسی کارکن۔
۱۶۔ (ا) منشی شہاب الدین۔ سیاسی رہنما سرینگر (ب) منشی اسداللہ۔ مشہور وکیل۔ سرینگر۔
(ج) منشی امیر الدین۔ اسلام آباد۔ کشمیر۔ مشہور سیاسی کارکن۔
۱۷۔ (ا) عزیز احمد۔ وزیر امور خارجہ۔ پاکستان۔
(ب) ڈاکٹر عزیز احمد۔ سابق ڈپٹی کمشنر۔ سرینگر۔
۱۸۔ سویا۔ کشمیر کے ایک نامور انجنیر۔

CC-0. Kashmir Treasures Collection Srinagar. Digitized by eGangotri

